تصدیق شدہ اشاعت
گجرات، گوجرانوالہ، لاہور، اسلام آباد، خیبر پختونخوا کا واحد ترجمان منفرد روزنامہ اخبار
DAILY POWER OF PAKISTAN ISLAMABAD
★★★ ہر خبر آپ تک ★★★
روزنامہ پاور آف پاکستان اسلام آباد
چیف ایڈیٹر: مرزا احمد علی
powerofpakistannewsagency.online
جلد نمبر 02 | منگل 10 مارچ 2026، 20 رمضان المبارک 1447ھ | صفحات 08 قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 207

ہماری مائیں بہنیں اور بیٹیاں ملک کی ترقی میں اہم کردار ادا کر رہی ہیں، شہباز شریف

آج ہم خواتین کی قوت، حوصلے، قیادت اور ان کی گراں قدر خدمات کو سراہتے ہیں جو وہ اپنے خاندان، معاشرہ اور ملک کے لیے انجام دے رہی ہیں

تعلیم، صحت، عوامی خدمات، کاروبار، سائنس، فنون اور کھیل سمیت ہر شعبے میں پاکستانی خواتین کی محنت اور عزم ملک کی ترقی کے لیے باعثِ فخر ہے

لاہور: وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے وفاقی وزیر خزانہ اور وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک ملاقات کر رہے ہیں۔

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے عالمی یومِ خواتین کے موقع پر پاکستان کی خواتین کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہماری مائیں، بیٹیاں، بہنیں (بقیہ نمبر 1)

پیٹرول کی مد میں موٹر سائیکل والوں کیلئے 2200 روپے کا اعلان کرتے ہیں، سہیل آفریدی

پشاور (این این آئی) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت پیٹرول (بقیہ نمبر 2)

جن لوگوں نے سیاست کو مقصد سمجھ لیا یہ انکی رخصت کا وقت ہے، خالد مقبول صدیقی

حیدر آباد (این این آئی) ایم کیو ایم پاکستان کے چیئرمین ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے کہا ہے کہ جن (بقیہ نمبر 3)

لاہور: وزیر اعظم شہباز شریف سینئر سیاستدان و سابق صوبائی وزیر زعیم قادری کے انتقال پر اہل خانہ سے اظہار تعزیت کر رہے ہیں۔

آپریشن غضب للحق، افغان طالبان رجیم کے 583 کارندے ہلاک، 795 سے زائد زخمی

افغان طالبان کی 242 چیک پوسٹیں تباہ، 38 چیک پوسٹوں پر قبضہ، 213 ٹینک، بکتر بند گاڑیاں اور آرٹلری گنز تباہ

اسلام آباد (این این آئی) آپریشن غضب للحق کے دوران 8 مارچ 2026ء سہ پہر 4 بجے تک افغان طالبان رجیم کے 583 کارندے ہلاک اور 795 سے زائد زخمی ہوگئے۔ وفاقی وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ نے اتوار کو سماجی رابطے کے پلیٹ فارم ''ایکس'' پر اپنی ایک پوسٹ میں (بقیہ نمبر 4)

دبئی، پاکستانیوں کو سوشل میڈیا پر غیر ذمے دارانہ مواد شیئر نہ کرنے کی ہدایت

دبئی (این این آئی) دبئی میں مقیم پاکستانیوں کو سوشل میڈیا پر غیر ذمے دارانہ (بقیہ نمبر 5)

خیبر پختونخوا میں سیکیورٹی فورسز کے ساتھ جھڑپوں میں 13 دہشت گرد ہلاک

مہم پوری رفتار سے جاری رہے گی تاکہ ملک سے بیرونی سرپرستی میں ہونیوالی دہشت گردی کے ناسور کا مکمل خاتمہ کیا جاسکے، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (این این آئی) خیبر پختونخوا میں سیکیورٹی فورسز کے ساتھ 5 مختلف جھڑپوں میں بھارتی حمایت یافتہ 13 دہشت گرد مارے گئے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے انسداد دہشت گردی کی مسلسل مہم کے تحت انٹیلی جنس کی بنیاد پر تیز رفتار کارروائیوں کا ایک سلسلہ جاری رکھا ہوا ہے۔ ضلع باجوڑ میں ایک انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران سیکیورٹی فورسز نے خوارج کے ٹھکانے کو موثر انداز (بقیہ نمبر 6)

مشرق وسطیٰ کشیدگی، پاکستان سے 88 پروازیں منسوخ

کراچی سے دبئی دوحہ ابوظہبی بحرین دمام کی 27 پروازیں منسوخ کی گئیں

کراچی (این این آئی) مشرق وسطیٰ میں جنگ کے باعث کئی ملکوں کی فضائی حدود مسلسل بند اور فلائٹ آپریشن متاثر ہوا ہے، پاکستان سے اتوار کو بھی 88 پروازیں منسوخ کردی گئیں۔ صرف دبئی، ابوظہبی، شارجہ کیلئے 57 پروازیں آپریٹ کی جارہی تھیں، کراچی سے دبئی دوحہ ابوظہبی (بقیہ نمبر 8)

ڈیوٹی اولین فرض، پولیس افسران کی جوانوں کے ساتھ فیلڈ میں افطاری

لاہور (این این آئی) ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران نے شاہراہ شملہ پہاڑی پر جوانوں کے ساتھ روزہ افطار کیا۔ فیصل کامران (بقیہ نمبر 7)

لاہور: وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ سابق صدر پاکستان رفیق تارڑ مرحوم کی چوتھی برسی کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں۔

پنجاب کی بیٹیاں میری ریڈ لائن ہیں، تنقید پر کوئی رسمی تبصرہ نہیں ہوگا، مریم نواز

میں صرف پنجاب کی پہلی خاتون وزیر اعلیٰ نہیں بلکہ میں ہر اس عورت کی آواز ہوں جسے دبایا گیا تھا، پنجاب کی بیٹی اب کمزور نہیں بلکہ ریاست کا مضبوط ترین بازو ہے، مظلوم نہیں معمارِ وطن ہے

تعلیم، تحفظ اور صحت کی سہولت سے لے کر اقتدار کی راہداریوں تک آج پنجاب کی عورت بااختیار ہے، پنجاب کی بیٹیوں کو صرف 'اعداد و شمار' نہیں رہنے دیا بلکہ انہیں پالیسی ساز، محافظ اور مفکر بنایا ہے

لاہور (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ پنجاب کی بیٹیاں میری ''ریڈ لائن'' ہیں ان کے تقدس پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا۔ یومِ خواتین پر اپنے خصوصی پیغام میں وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے پنجاب سمیت دنیا بھر کی خواتین کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ میں صرف پنجاب کی پہلی خاتون وزیر اعلیٰ نہیں بلکہ میں ہر اس عورت کی آواز ہوں جسے دبایا گیا تھا۔ ان کا کہنا تھا کہ پنجاب کی بیٹی اب کمزور نہیں بلکہ ریاست کا مضبوط ترین بازو ہے، مظلوم نہیں معمارِ وطن ہے، تعلیم، تحفظ اور صحت کی سہولت سے لے کر اقتدار کی راہداریوں تک (بقیہ نمبر 10)

متنازعہ یوٹیوبر رجب بٹ کا اہلیہ ایمان فاطمہ سے علیحدگی کا اعلان

لاہور (این این آئی) متنازعہ یوٹیوبر رجب بٹ نے اہلیہ ایمان فاطمہ سے علیحدگی کا اعلان کردیا (بقیہ نمبر 13)

مزمل اسلم کی بطور وزیر خزانہ خیبر پختونخوا تعیناتی کی منظوری

پشاور (این این آئی) مشیر خزانہ خیبر پختونخوا مزمل اسلم کو وزیر خزانہ تعینات کردیا گیا۔ وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا (بقیہ نمبر 12)

حکومت نے عوام کے بجائے آئل کمپنیز کو فائدہ دیا ہے، مفتاح اسماعیل

کراچی (این این آئی) سابق وزیر خزانہ مفتاح اسماعیل نے کہا ہے کہ حکومت نے عوام کے (بقیہ نمبر 11)

پاکستانی خواتین اور بچیوں کے حقوق اور بااختیار بنانے کے لیے اپنے عزم پر قائم ہے، اسحاق ڈار

خواتین کی آوازیں، صلاحیتیں اور امنگیں جامع ترقی، مؤثر طرزِ حکمرانی اور پائیدار امن کے لیے نہایت اہم محرک ہیں، وزیر خارجہ

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ ہم ان خواتین کے حوصلے، ثابت قدمی اور قیادت کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہیں جن کے عزم اور جدوجہد نے معاشروں میں مثبت تبدیلی پیدا کی ہے، کمیونٹیز کو مضبوط بنایا ہے اور آنے والی نسلوں (بقیہ نمبر 14)

چیئرمین سینٹ کا آذربائیجان سے ٹیلیفونک رابطہ، باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال

خطے میں پائیدار امن، استحکام اور سلامتی کے قیام کے لیے مکالمہ اور سفارت کاری ہی سب سے مؤثر ذرائع ہیں، گیلانی

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ خطے میں پائیدار امن، استحکام اور سلامتی کے قیام کے لیے مکالمہ اور سفارت کاری ہی سب سے مؤثر ذرائع ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اتوار کے روز صاحب غفاروا، اسپیکر ملی مجلس آذربائیجان (بقیہ نمبر 9)

دبئی میں فضائی کارروائی کے دوران ملبہ گاڑی پر جا گرا، پاکستانی شہری جاں بحق

حالیہ حملوں کے نتیجے میں اب تک دبئی میں مجموعی طور پر چار افراد جاں بحق ہوچکے ہیں، اماراتی حکام

دبئی (این این آئی) متحدہ عرب امارات کے حکام نے تصدیق کی ہے کہ دبئی کے علاقے البرشا میں گزشتہ شام جاں بحق ہونے والا شخص پاکستانی شہری تھا جو بطور ڈرائیور کام کر رہا تھا۔ اماراتی حکام کے مطابق حالیہ حملوں کے نتیجے میں اب تک دبئی میں مجموعی طور پر چار افراد جاں بحق ہوچکے ہیں جن میں دو پاکستانی شہری بھی شامل ہیں۔ اس سے قبل دبئی میڈیا آفس نے بتایا تھا کہ البرشا میں فضائی دفاعی کارروائی کے دوران گرنے والے ملبے سے ایک گاڑی کو نقصان پہنچا جس کے (بقیہ نمبر 15)

سی این جی اسٹیشنز غیر معینہ مدت کے لیے بند

کراچی (این این آئی) سوئی سدرن گیس کمپنی (ایس ایس جی سی) نے سندھ اور بلوچستان کے تمام سی این جی اسٹیشنز کو غیر معینہ مدت کے لیے بند کرنے کا اعلان کردیا ہے۔ سوئی سدرن گیس کمپنی (ایس ایس جی سی) کمپنی کے مطابق یہ فیصلہ گھریلو صارفین کو گیس کی بلاتعطل فراہمی (بقیہ نمبر 16)

خواتین کو انصاف کی رسائی میں اب بھی کئی رکاوٹوں کا سامنا ہے، چیف جسٹس پاکستان

دیہی اور محروم طبقات کی خواتین کو انصاف کے نظام میں مشکلات درپیش ہیں، جسٹس یحییٰ آفریدی کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) چیف جسٹس پاکستان یحییٰ آفریدی نے کہا ہے کہ پاکستان کی خواتین قومی ترقی اور استحکام کا بنیادی ستون ہیں، آئین پاکستان خواتین کو قانون کے سامنے مکمل مساوات کی ضمانت دیتا ہے۔ خواتین کے عالمی دن پر چیف جسٹس نے اپنے پیغام میں کہا کہ خواتین کے حقوق کا تحفظ عدلیہ کی آئینی ذمہ داری ہے، خواتین کو انصاف تک رسائی میں اب بھی کئی رکاوٹوں کا سامنا ہے، دیہی اور محروم طبقات کی خواتین کو (بقیہ نمبر 29)

توانائی میں خودمختاری کیلئے او جی ڈی سی ایل کی حکمتِ عملی، مقامی پیداوار بڑھانے پر توجہ

خام تیل کی پیداوار میں بھی 14 فیصد اضافے کیلئے یومیہ 40 ہزار بیرل پیداوار حاصل کرنے کی کوشش جاری ہے، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) مشرق وسطیٰ میں جاری کشیدگی کے تناظر میں پاکستان توانائی کے شعبے میں خودمختاری حاصل کرنے کیلئے مقامی وسائل کے استعمال اور پیداوار میں اضافے کی حکمتِ عملی پر عمل پیرا ہے اس سلسلے میں پاکستان کی آئل اینڈ گیس ڈویلپمنٹ کمپنی لمیٹڈ (او جی ڈی سی ایل) مقامی سطح پر تیل و گیس کی پیداوار بڑھانے کیلئے سرگرم اقدامات کر رہی ہے۔ ذرائع کے مطابق او جی ڈی سی ایل نے قدرتی گیس کی پیداوار میں 5 فیصد اضافے کے ساتھ یومیہ 865 ملین (بقیہ نمبر 17)

پاکستان کی سرحدی تجارت اور سپلائی چین مستحکم اور فعال

مشرق وسطیٰ، خلیج میں غیر یقینی صورتحال کے باوجود سوست ڈرائی پورٹ پر تجارتی سرگرمیاں جاری

لاہور (این این آئی) حالیہ عالمی کشیدگی اور بحران کے باوجود پاکستان کی سرحدی تجارت اور سپلائی چین مستحکم اور فعال ہے۔ مشرق وسطیٰ اور خلیج میں غیر یقینی صورتحال کے باوجود سوست ڈرائی پورٹ پر پاکستان کی تجارتی سرگرمیاں چوبیس گھنٹے جاری ہیں۔ پاک، چین بارڈر پر موجود سوست ڈرائی پورٹ پاکستان کو مضبوط اور قابل اعتماد تجارتی راستہ فراہم کر رہی ہے۔ معاشی ماہرین کے مطابق عالمی کشیدگی کے باوجود پاکستان کی سپلائی چین کا بلا تعطل جاری رہنا ثبوت ہے کہ (بقیہ نمبر 18)

صوبائی وزیر ہاؤسنگ بلال یاسین، گجرات میں پی ڈی پی کے تحت جاری ترقیاتی کاموں کا جائزہ لے رہے ہیں۔

ڈیرہ اسماعیل خان، سیکیورٹی فورسز کا فتنہ الخوارج کیخلاف آپریشن، 2 دہشتگرد مارے گئے

ڈیرہ اسماعیل خان (این این آئی) درابن کلاں کے گاؤں گنڈی عاشق میں سیکیورٹی فورسز کے فتنہ الخوارج کے خلاف کامیاب آپریشن میں 2 دہشتگرد مارے گئے۔ تفصیلات کے مطابق تحصیل درابن کے گاؤں گنڈی عاشق میں سیکیورٹی فورسز نے فتنہ الخوارج کے خلاف کامیاب آپریشن کیا، سیکیورٹی فورسز اور دہشت گردوں کے (بقیہ نمبر 30)

اسسٹنٹ کمشنر خار کا چارج لینے کے بعد ڈی ایچ کیو ہسپتال خار کا دورہ، بریفنگ دی گئی

باجوڑ (این این آئی) نئے تعینات ہونے والے اسسٹنٹ کمشنر خار عامر اللہ خان نے چارج لینے کے بعد ڈی ایچ کیو ہسپتال خار کا دورہ کیا، ہسپتال انتظامیہ کے جانب سے بریفنگ دی گئی۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر باجوڑ شاہد علی خان کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر خار عامر اللہ خان نے باجوڑ میں تعیناتی کے بعد ڈی ایچ کیو ہسپتال خار کا دورہ کیا۔ دورے کے دوران ہسپتال میں (بقیہ نمبر 31)

لاہور: صوبائی وزیر اطلاعات شمائلہ بخاری، پنجاب ڈویلپمنٹ پلان کے حوالے سے پریس کانفرنس کر رہی ہیں، وزیر بلدیات ذیشان رفیق بھی ہمراہ ہیں۔

حکومت سندھ کا الیکٹرک وہیکل چارجنگ نیٹ ورک منصوبہ کا اعلان

پائیدار ٹرانسپورٹ کی جانب قدم ہے، سید ناصر حسین شاہ، 300 چارجنگ اسٹیشنز لگیں گے، ملک خدا بخش

کراچی (این این آئی) حکومت سندھ نے گرین انرجی اور پائیدار ٹرانسپورٹ کے فروغ کیلئے صوبے بھر میں الیکٹرک وہیکل (ای وی) چارجنگ نیٹ ورک قائم کرنے کے لیے ایک اہم پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ منصوبے کی منظوری دے دی ہے۔ یہ منصوبہ چائنا کے اے ڈی ایم گروپ اور ملک گروپ آف کمپنیز کے اشتراک سے تیار کیا گیا ہے، جس کا مقصد پاکستان میں تیزی سے بڑھتے ہوئے الیکٹرک موبیلٹی ایکوسسٹم کی معاونت کے لیے جدید فاسٹ چارجنگ انفراسٹرکچر (بقیہ نمبر 32)

اسلامی جمہوریہ ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ سید علی خامنہ ای کی شہادت پر تعزیت کا اظہار کیا

ڈاکٹر خالد سلہری کا ایچ ای سے تعزیت

پارٹی انسانی حقوق کے اصولوں، بین الاقوامی انسانی قانون اور انسانی زندگی کے تقدس کے لیے اپنی غیر متزلزل وابستگی کا اعادہ کرتی ہے

ڈاکٹر خالد سلہری کا ایچ ای سے تعزیت اسلام آباد میں اسلامی جمہوریہ ایران کے سفارت خانے کے سفیر ڈاکٹر رضا امیری مغل پاکستان ہیومن رائٹس پارٹی کے چیئرمین اور IHRO کے بانی صدر ڈاکٹر خالد سلہری نے اسلام آباد میں اسلامی جمہوریہ ایران کے سفارتخانے کے سفیر ڈاکٹر رضا امیری مغل سے ملاقات کی اور اسلامی جمہوریہ ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ سید علی خامنہ ای کی شہادت پر تعزیت کا اظہار کیا۔ چیئرمین نے کہا کہ پاکستان ہیومن رائٹس پارٹی (PIHP) اسلامی جمہوریہ ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ سید علی خامنہ ای اور ان کے معزز ساتھیوں کی مبینہ شہادت پر عزت مآب، اسلامی جمہوریہ ایران کی حکومت اور ایرانی قوم کے تئیں اپنی گہری ہمدردی اور گہرے تعزیت کا اظہار کرتی ہے۔ الیکشن کمیشن آف پاکستان میں ایک رجسٹرڈ سیاسی جماعت کے طور پر، ہیومن رائٹس پارٹی 28 فروری 2026 کو رپورٹ ہونے والی موجودہ فوجی جارحیت پر بہت زیادہ فکرمند ہے، جس میں اسلامی جمہوریہ ایران کے خلاف امریکہ اور اسرائیل کی فوجی کارروائیاں شامل ہیں، جس کے نتیجے میں ایرانی عوام کے لیے بہت زیادہ جانی نقصان ہوا ہے اور گہرے دکھ کا سامنا ہے۔ پارٹی انسانی حقوق کے اصولوں، بین الاقوامی انسانی قانون اور انسانی زندگی کے تقدس کے لیے اپنی غیر متزلزل وابستگی کا اعادہ کرتی ہے۔ ہم ایسے اقدامات کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں جو معصوم جانوں کے ضیاع اور قانون کی حکمرانی کو نقصان پہنچاتے ہیں اور ہم اس غم اور مصیبت کے دور میں اسلامی جمہوریہ ایران کے عوام کے ساتھ اپنی یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں۔ ہم انسانی حقوق، امن اور وقار کو برقرار رکھنے میں ایرانی قوم کے ساتھ کھڑے ہیں۔ پاکستان ہیومن رائٹس پارٹی سوگوار خاندانوں اور اسلامی جمہوریہ ایران کی حکومت اور عوام سے دلی تعزیت کا اظہار کرتی ہے۔ براہ کرم ہماری اعلیٰ ترین غور و فکر کی یقین دہانیوں کو قبول کریں۔

پنجاب میں ہزاروں خواتین کو مالی و معاشی سہارا فراہم کیا جارہا ہے، سہیل شوکت بٹ

32,242 مستحق خواتین کو ہمت کارڈ کے ذریعے مالی معاونت فراہم کی جارہی ہے، صوبائی وزیر

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر و بیت المال پنجاب سہیل شوکت بٹ نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن خواتین میری ریڈ لائن ہیں کی تکمیل میں سوشل ویلفیئر و بیت المال ڈیپارٹمنٹ پیش پیش ہے۔ خواتین کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ خواتین کا تحفظ اور بااختیاری حکومت پنجاب کی اولین ترجیح ہے اور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی قیادت میں اس مقصد کے لیے ٹھوس اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ (بقیہ نمبر 19)

صوبائی وزیر خواجہ سلمان رفیق کی علامہ سید ساجد علی نقوی سے ملاقات

ایران کے سپریم لیڈر سید آیت اللہ علی خامنہ ای اور ایرانی شہریوں کی شہادت پر اظہار افسوس

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر و چیئرمین کابینہ کمیٹی برائے امن و امان خواجہ سلمان رفیق کی قائد ملت جعفریہ پاکستان علامہ سید ساجد علی نقوی سے ملاقات ہوئی ہے۔ صوبائی وزیر نے ایران کے سپریم لیڈر سید آیت اللہ علی خامنہ ای اور ایرانی شہریوں کی شہادت پر اظہار افسوس کیا۔ انہوں نے شہداء کے بلندی درجات کیلئے دعا کی۔ صوبائی وزیر و چیئرمین کابینہ کمیٹی برائے امن (بقیہ نمبر 24)

عوامی نیشنل پارٹی کی اسلام آباد میں عورت آزادی مارچ پر ریاستی تشدد کی شدید مذمت

پشاور (این این آئی) عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی ترجمان احسان اللہ خان نے اسلام آباد میں عورت آزادی مارچ کے پُرامن شرکاء کے خلاف پولیس اور مقامی انتظامیہ کی جانب سے طاقت کے استعمال اور کارروائیوں کی (بقیہ نمبر 23)

لاہور: ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران شملہ پہاڑی پر جوانوں کے ساتھ روزہ افطار کر رہے ہیں۔

لاہور: چیئرمین علماء کونسل مولانا طاہر اشرفی انٹرفیتھ افطار میں سابق صوبائی وزیر اعجاز عالم اور دیگر کے ہمراہ دعا میں شریک ہیں۔

پٹرول و ڈیزل کی قیمت میں محدود اضافہ کرنا بہت محنت کا کام ہے، خواجہ آصف

آبنائے ہرمز کی بندش کے باعث چند دنوں میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں آسمان پر ہیں، وزیر دفاع

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ عالمی بحران میں حکومت کا فی لٹر پٹرول اور ڈیزل کی قیمت میں محدود اضافہ کرنا بہت محنت کا کام ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری پیغام میں خواجہ آصف نے پٹرول کی قیمتوں میں اضافے کو محدود قرار دیتے کہا کہ اس کیلئے عالمی منصوبہ بندی، روابط اور انتظامات کی لمبی داستان ہے، اگر وہ سب نہ کیا ہوتا تو آج پٹرول 375 روپے فی لٹر ہونا تھا۔ (بقیہ نمبر 20)

پٹرول کی قیمتیں بڑھنے سے سبزیاں اور پھل بھی مہنگے ہوگئے

کراچی/لاہور (این این آئی) حکومت کی جانب سے پٹرول کی قیمتوں میں ہوش ربا اضافہ کیے جانے سے ملک میں سبزیاں اور پھل بھی مہنگے ہوگئے ہیں۔ اوپن مارکیٹ میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں بڑھنے کے اثرات اشیائے خورد و نوش پر بھی مرتب ہونے لگے ہیں، (بقیہ نمبر 22)

اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر کارروائی، انسانی اسمگلنگ میں ملوث ملزم گرفتار

ملزم خود کو ایف آئی اے کا سب انسپکٹر ظاہر کرکے امیگریشن کلیرینس کے نام پر بھی سادہ لوح افراد کو لوٹتا تھا

اسلام آباد (این این آئی) ایف آئی اے اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل اسلام آباد نے نیو اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر چھاپہ مار کر انسانی سمگلنگ میں ملوث ایجنٹ کو گرفتار کرلیا ملزم خود کو ایف آئی اے کا سب انسپکٹر ظاہر کرکے امیگریشن کلیرینس کے نام پر بھی سادہ لوح افراد کو لوٹتا تھا تین موبائل فون اور ایف آئی اے کا جعلی سروس کارڈ بھی برآمد کرلیا گیا۔ حکام کے مطابق (بقیہ نمبر 21)

لاہور: صوبائی وزیر خواجہ سلمان رفیق قائد ملت جعفریہ پاکستان علامہ ساجد علی نقوی سے آیت اللہ خامنہ ای اور فقہا کی شہادت پر اظہار تعزیت کر رہے ہیں۔

سرگودھا میں ایف آئی اے کی کارروائی، 3 انسانی سمگلر گرفتار

سرگودھا (این این آئی) ایف آئی اے نے کارروائی کرتے ہوئے انسانی سمگلنگ میں ملوث 3 ملزمان گرفتار کرلیے گئے۔ ڈائریکٹر ایف آئی اے کے مطابق ٹیموں نے چاندی چوک، میانی اور بھیرہ میں چھاپوں کے دوران محمد شاہد، نوید احمد اور سید ثاقب حسین کو گرفتار کیا۔ حکام کے مطابق بیرون ملک نوکری کا جھانسہ دیکر ملزم شاہد نے 12 لاکھ 79 ہزار جبکہ ملزم ثاقب نے 20 لاکھ (بقیہ نمبر 25)

چمن سیکٹر میں دراندازی کی کوشش ناکام، ایک خارجی ہلاک

چمن (این این آئی) چمن سیکٹر کے سرحدی علاقے میں 3 سے 4 خوارج پر مشتمل گروہ کی دراندازی کی کوشش ناکام بنا دی گئی۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق پاک فوج نے سرحدی باڑ کاٹنے کی کوشش کرنے والے خوارج کو مؤثر انداز میں نشانہ بنایا، فائرنگ کے تبادلے (بقیہ نمبر 26)

موجودہ علاقائی صورتحال میں پاکستانیوں کی حفاظت اولین ترجیح ہے، پاکستانی سفیر

پاکستانی سفارت خانہ اور قونصلیٹ یو اے ای حکام کے ساتھ مسلسل رابطے میں ہیں، شفقت علی خان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستانی سفیر شفقت علی خان نے متحدہ عرب امارات میں مقیم پاکستانی برادری کیلئے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ موجودہ علاقائی صورتحال میں پاکستانیوں کی حفاظت اولین ترجیح ہے۔ ایک بیان میں سفیر نے کہا کہ موجودہ علاقائی صورتحال میں پاکستانیوں کی حفاظت اولین ترجیح ہے اور پاکستانی برادری اس وقت اپنے اماراتی بھائیوں کے ساتھ کھڑی ہے۔ پاکستانی سفیر نے یو اے ای کی حکومت کا پاکستانی برادری کی دیکھ بھال پر شکریہ ادا کیا۔ سفیر نے کہا کہ (بقیہ نمبر 27)

پنجاب حکومت نے اپنے ہر منصوبے میں خواتین کو ترجیح دی ہے، عظمیٰ بخاری

جو عورت کی حکمرانی کیخلاف بولتے تھے آج وہ مریم نواز کے اقدامات کی تعریفیں کرنے پر مجبور ہیں، وزیر اطلاعات

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات و ثقافت عظمیٰ بخاری نے کہا ہے پنجاب حکومت نے اپنے ہر منصوبے میں خواتین کو ترجیح دی ہے۔ پنجاب سمیت دنیا بھر کی خواتین کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں، آج کا دن ہر اس عورت کے نام جو باہمت، باصلاحیت اور جرات مند ہے۔ خواتین کے عالمی دن کی مناسبت سے اپنے پیغام میں عظمیٰ بخاری نے کہا کہ آج عورت ہر شعبہ زندگی میں نمایاں خدمات سرانجام دے رہی ہے، خواتین (بقیہ نمبر 28)

خواتین کو بااختیار بنانا ایک مہذب ترقی یافتہ اور متوازن معاشرے کی بنیاد ہے، فیصل کریم

پاکستان پیپلز پارٹی کی قیادت نے خواتین کو طاقتور، باصلاحیت اور خودمختار بنانے کے لیے تاریخی کردار ادا کیا ہے، گورنر خیبر پختون خوا

پشاور (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے خواتین کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ خواتین کو بااختیار بنانا ایک مہذب، ترقی یافتہ اور متوازن معاشرے کی بنیاد ہے، پاکستان پیپلز پارٹی نے ہمیشہ خواتین کے حقوق، وقار اور مساوات کے لیے عملی اقدامات کیے ہیں اور اس حوالے سے پارٹی کی تاریخ قابلِ فخر ہے۔ پاکستان پیپلز پارٹی کی قیادت نے خواتین کو طاقتور، باصلاحیت اور خودمختار بنانے کے لیے تاریخی کردار ادا کیا ہے۔

کراچی: میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب ڈپٹی میئر سلمان عبداللہ مراد کے ہمراہ شاہ فیصل کالونی میں عظیم پورہ فلائی اوور کا سنگ بنیاد رکھنے کے بعد منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں۔

محکمہ داخلہ نے پنجاب بھر میں دفعہ 144 کے نفاذ میں 7 روز کی توسیع کر دی

چار یا اس سے زائد افراد کے عوامی مقامات پر بغیر اجازت اجتماع منعقد کرنے پر پابندی

لاہور (این این آئی) محکمہ داخلہ پنجاب نے صوبہ بھر میں دفعہ 144 کے نفاذ میں 7 روز کی توسیع کی دی۔ ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب کے مطابق دفعہ 144 کے نفاذ میں توسیع دہشتگردی کے ممکنہ خطرات اور امن عامہ کو لاحق خدشات کے باعث کی گئی۔ محکمہ داخلہ پنجاب نے اجتماعات، جلوسوں اور مظاہروں پر پابندی کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق پنجاب میں چار یا اس سے زائد افراد کے عوامی مقامات پر بغیر اجازت اجتماع منعقد کرنے پر پابندی ہوگی۔

پٹرول کی قیمتوں میں اضافہ کے اثرات ہر چیز پر پڑیں گے، فاروق یوسف شیخ

حکومت کو چیمبر کی مشاورت سے جائز اور ناجائز منافع کی حد کا واضح تعین کر کے گرانفروشوں کی سرکوبی کرنا ہوگی

مکو آنہ (این این آئی) فیصل آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر فاروق یوسف شیخ نے مشرق وسطیٰ کی حالیہ صورتحال کے پیش نظر پٹرول اور ڈیزل کی قیمت میں بیک وقت 55 روپے فی لیٹر اضافے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے بزنس کمیونٹی کی مشاورت سے اس کے مضمر اثرات کو کم کرنے کیلئے واضح اور جامع حکمت عملی طے کرنے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلا شبہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ کی وجہ تشویش ناک علاقائی حالات ہیں اور ابھی ان حالات کی طوالت اور متاثرہ سپلائی چین کی بحالی کیلئے وقت کا تعین بھی ممکن نہیں تاہم اندرون ملک دستیاب پٹرول کی مقررہ قیمت پر دستیابی بیک وقت وفاقی، صوبائی حکومتوں اور انتظامیہ کا امتحان ہوگا جس کیلئے فول پروف اقدامات اٹھانے ہوں گے۔

ماحولیاتی نمونوں میں 24 میں پولیو وائرس کی موجودگی کی تصدیق

لاہور (این این آئی) ملک کے ماحولیاتی نمونوں میں پولیو وائرس سے متعلق نئی لیبارٹری رپورٹ جاری کر دی گئی۔ ملک بھر کے 127 میں سے 103 نمونے پولیو سے پاک قرار پائے اور 24 نمونوں میں پولیو وائرس کی موجودگی کی تصدیق ہوئی۔ رپورٹ کے مطابق پنجاب، اسلام آباد، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان پولیو سے پاک نکلے۔ جنوری میں قومی ادارہ صحت کو 87 اضلاع سے 127 ماحولیاتی نمونے ٹیسٹ کے لئے بھیجے گئے تھے۔

حالات بہتر ہوتے ہی پٹرول کی قیمتیں کم ہو جائیں گی، احسن افضل کھوکھر

حکومت نے کم سے کم بوجھ ڈالنے کی پوری کوشش کی، عوام تعاون کریں، رہنما مسلم لیگ (ن)

رائے ونڈ (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے رہنما احسن افضل کھوکھر نے کہا ہے کہ عالمی جنگی حالات کے باعث معیشت متاثر ہے اور پٹرول کی قیمت بڑھانا آسان فیصلہ نہیں تھا تاہم حکومت نے تخمینے سے کم اضافہ کیا ہے اور حالات بہتر ہوتے ہی قیمتیں کم ہو جائیں گی، وزیراعلیٰ پنجاب نے حکم دیا ہے کہ کسی کو بھی پٹرول ذخیرہ کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ عالمی سطح پر جنگی حالات کے باعث عالمی معیشت متاثر ہو رہی ہے، جس کے منفی اثرات پاکستان کی معاشی صورتِ حال پر بھی واضح طور پر پڑ رہے ہیں۔ عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں بڑھوتری، رسد وطلب کے مسائل اور لاجسٹک چیلنجز نے درآمدی ممالک بشمول پاکستان کے لیے ایندھن کی قیمتیں بے حد حد تک متاثر کی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے عوام پر کم سے کم بوجھ ڈالنے کی پوری کوشش کی ہے اور اسی لیے طے شدہ تخمینے کے مقابلے میں کم اضافہ کیا گیا ہے تاکہ عام صارفین پر منفی اثرات زیادہ نہ ہوں۔ احسن افضل کا کہنا تھا کہ جیسے ہی عالمی اور ملکی معاشی حالات بہتر ہوں گے۔

مشرق وسطیٰ کشیدگی، پاکستان سے مزید 88 پروازیں منسوخ

کراچی (این این آئی) مشرق وسطیٰ میں جنگ کے باعث کئی ملکوں کی فضائی حدود مسلسل بند اور فلائٹ آپریشن متاثر ہے، پاکستان سے اتوار کو بھی 88 پروازیں منسوخ کر دی گئیں۔ صرف دبئی، ابوظہبی، شارجہ کیلئے اتوار کو 57 پروازیں آپریٹ کی جا رہی تھیں، کراچی سے دبئی دوحہ ابوظہبی بحرین دمام کی 27 پروازیں منسوخ کر دی گئی ہیں۔ لاہور سے 16، اسلام آباد 22، پشاور 10، ملتان 7، فیصل آباد 4 اور سیالکوٹ سے 2 پروازیں منسوخ کی گئی ہیں۔

دبئی میں فضائی دفاعی کارروائی کے بعد گرنے والے ملبے سے پاکستانی ڈرائیور جاں بحق

واقعہ ایک فضائی مداخلت کے بعد پیش آیا اور متعلقہ اداروں نے فوری طور پر صورتِ حال سنبھال لی

دبئی (این این آئی) دبئی حکام نے تصدیق کی ہے کہ فضائی دفاعی کارروائی کے بعد گرنے والا ملبہ المرہبہ کے علاقے میں ایک گاڑی پر آ گرا جس کے نتیجے میں ایک پاکستانی ڈرائیور جاں بحق ہو گیا۔ دبئی میڈیا آفس کے مطابق واقعہ ایک فضائی مداخلت کے بعد پیش آیا اور متعلقہ اداروں نے فوری طور پر صورتِ حال سنبھال لی۔ دبئی میڈیا آفس کے مطابق حکام نے واقعے کی تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ جاں بحق ہونے والا ڈرائیور پاکستانی شہری تھا۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ واقعہ المرہبہ میں پیش آیا، جہاں ملبہ ایک گاڑی پر گرا۔ اے آر این نیوز نے بھی ایک ہلاکت کی تصدیق کی ہے۔ یہ پیش رفت ایسے وقت میں سامنے آئی ہے جب یو اے ای کے فضائی دفاعی نظام نے حالیہ خطرات کے جواب میں متعدد کارروائیاں کی ہیں۔

لاہور: سیکرٹری جنرل جماعت اسلامی امیر العظیم منصورہ میں تکمیل دورہ تفسیر القرآن کی اختتامی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں۔

لیگی حکومت موجودہ حالات میں بہترین حکمت عملی اختیار کیے ہوئے ہے، مرزا محمد جاوید

حکومت نے پٹرول کی قیمتوں میں اضافہ محدود رکھا اور عوام پر کم سے کم بوجھ ڈالنے کی کوشش کی ہے

رائے ونڈ (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے رہنما و سابق رکن پنجاب اسمبلی مرزا محمد جاوید نے کہا ہے کہ موجودہ معاشی اور عالمی حالات کے پیش نظر لیگی حکومت نے بہترین حکمت عملی اختیار کر رکھی ہے، حکومت نے پٹرول کی قیمتوں میں اضافہ محدود رکھا اور عوام پر کم سے کم بوجھ ڈالنے کی کوشش کی ہے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ عالمی سطح پر تیل کی قیمتوں میں اتار چڑھا، عالمی جنگی صورتحال اور ملکی معیشت کے چیلنجز کے پیش نظر یہ حکمت عملی وقت کی ضرورت تھی۔ حکومت کی پالیسی نہ صرف معاشی استحکام کو مدنظر رکھتی ہے بلکہ عوام کے مفاد میں بھی ہے۔ جیسے ہی عالمی اور ملکی حالات بہتر ہوں گے، حکومت عوامی مفاد کو مدنظر رکھتے ہوئے پٹرول کی قیمتوں میں کمی کا فیصلہ کرے گی۔ مرزا محمد جاوید نے کہا کہ یہ اقدامات مجموعی طور پر حکومت کی فعال اور متوازن پالیسی کا حصہ ہیں جو ملکی معیشت اور عوام کی سہولت دونوں کو تحفظ فراہم کرتی ہے۔

سوشل میڈیا پر گستاخانہ، توہین آمیز مواد کی تشہیر وطن عزیز کیخلاف منظم، مذموم سازش ہے، پنجاب بار کونسل

ہفتہ تحفظ ناموسِ رسالت، 15 مارچ کو "یومِ تحفظ ناموسِ رسالت" منانے کے اعلان کا بھرپور خیر مقدم

لاہور (این این آئی) پنجاب بار کونسل نے سوشل میڈیا پر گستاخانہ اور توہین آمیز مواد کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس کی تشہیر وطن عزیز کے خلاف ایک منظم اور مذموم سازش ہے، سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر نبی کریم ﷺ، اہل بیت، امہات المومنین، اصحابِ رسول، قرآن مجید اور دیگر مذاہب کی مقدس ہستیوں اور پاکستان کے پرچم کی توہین کے واقعات نہایت تشویشناک ہیں جن کی روک تھام سخت اقدامات ناگزیر ہو چکے ہیں۔ پنجاب بار کونسل کے وائس چیئرمین خواجہ قیصر بٹ اور چیئرمین ایگزیکٹو کمیٹی فخر حیات اعوان نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں کہا کہ پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی کی آئینی و قانونی ذمہ داری ہے کہ وہ فوری طور پر موثر فلٹریشن نظام نافذ کرے تاکہ اس قسم کا گستاخانہ مواد اپ لوڈ نہ ہو سکے۔

سفاک مبینہ ذہنی مریض باپ نے بیٹی کو ڈنڈوں کے وار سے قتل کر دیا

شیر گڑھ (این این آئی) شیر گڑھ میں مبینہ ذہنی مریض باپ نے بیٹی کو ڈنڈوں کے وار سے قتل کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق باپ کے ہاتھوں بیٹی کے قتل کا افسوسناک واقعہ محلہ پرائمری سکول شیر گڑھ میں پیش آیا۔ شور سن کر اہل محلہ دروازہ توڑ کر اندر داخل ہوئے تو بچی جانِ زاہرہ کمرے میں مردہ حالت میں پائی گئی۔ ملزم علی دانیال موقع سے فرار ہو گیا جبکہ پولیس نے والدہ آمنہ بی بی کی مدعیت میں واقعے کا مقدمہ درج کر کے ملزم کی تلاش شروع کر دی ہے۔

لاہور: سیکرٹری جنرل حلقہ خواتین جماعت اسلامی ڈاکٹر حمیرا طارق عالمی یوم خواتین کے موقع پر سیمینار سے خطاب کر رہی ہیں۔

پنجاب میں بورڈ امتحانات کے پریکٹیکل نمبرز نئے نظام کے تحت دینے کا فیصلہ

نئے نظام کو فزکس، کیمسٹری، بیالوجی اور کمپیوٹر کے پریکٹیکل امتحانات میں نافذ کیا جائیگا

لاہور (این این آئی) پنجاب میں بورڈ امتحانات کے پریکٹیکل نمبرز نئے نظام کے تحت دینے کا فیصلہ کر لیا گیا ہے۔ نئے نظام کے تحت طلبہ کے پریکٹیکل کے نمبرز اب دو حصوں میں تقسیم ہوں گے، تحریری حصہ براہ راست بورڈ کے سنٹرل مارکنگ سسٹم کے تحت چیک ہوگا جبکہ سینٹر میں موجود ممتحن صرف وائیوا اور عملی کارکردگی کے محدود نمبر دے سکے گا، نئے نظام کو فزکس، کیمسٹری، بیالوجی اور کمپیوٹر کے پریکٹیکل امتحانات میں نافذ کیا جائے گا۔

پیٹرولیم کی قیمت 76 روپے بڑھنی تھی، 55 روپے بڑھائے ہیں، خرم شہزاد

ڈیزل میں ایکپوئل پرائس پچھلے 8 دن میں 76 روپے زیادہ آئی ہے، مشیر وزیر خزانہ

لاہور (این این آئی) وزیر خزانہ کے مشیر خرم شہزاد نے کہا ہے کہ پیٹرول کی قیمت 76 روپے بڑھنا تھی لیکن حکومت نے 55 روپے بڑھائے ہیں، آئل سیکٹر کو ریگولیشن کے ذریعے پیچ کیا جاتا ہے، اوگرا کہتا ہے 20 دن کا اسٹاک رکھنا ہوتا ہے، ایسا نہیں ہوتا کہ آج آرڈر دیا تو آج ہی قیمتیں گر گئیں، تیل آنے اور جہاز کی انشورنس کے اخراجات ہوتے ہیں، کہاں رکنا ہے یہ سب شامل ہوتا ہے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ عالمی منڈی میں قیمتیں 88 سے 130 تک پہنچ چکی ہیں، نیا پیٹرول نئی قیمت پر آ رہا ہے، یکم مارچ کو جو قیمت آئی وہ پچھلے 15 دن کی تھی، 8 دن میں جو قیمتیں بڑھیں ان کا اثر آیا، جنگ نہ ہوئی ہوتی کورونا آتا اور ہم 55 روپے کم کرتے تو آپ سوال نہ کرتے، ڈیزل میں ایکپوئل پرائس پچھلے 8 دن میں 76 روپے زیادہ آئی ہے، 76 روپے فرق آ رہا ہے 55 روپے بڑھائے ہیں۔

ایران کی سمندری حدود میں پاکستانی ماہی گیر جاں بحق

تفتان (این این آئی) ایران کی سمندری حدود میں ماہی گیری کے دوران پاکستانی ماہی گیر جاں بحق ہو گیا۔ ڈپٹی کمشنر نقیب اللہ کاکڑ کے مطابق جاں بحق ماہی گیر کی شناخت طیب کے نام سے ہوئی ہے، ماہی گیر ایران کے صوبہ سیستان و بلوچستان کے ساحلی علاقے کے قریب شکار میں مصروف تھا۔ نقیب اللہ کاکڑ نے کہا کہ ماہی گیر کی میت ایران سے گوادر منتقل کر کے گنز پہنچا دی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ واقعہ کی مزید تفصیلات کے لیے ایرانی حکام سے رابطہ جاری ہے۔

انگریزوں کے دور سے نمائندگی کرنے والوں نے تاندلیانوالہ کو پنجاب کی پسماندہ ترین تحصیل بنا دیا، ہمایوں اختر

حلقے کی تعمیر و ترقی کیلئے جس کے پاس بھی جانا پڑا جائینگے، ایسا کر بھی چکے ہیں، حلقے کی ترقی کیلئے کئی منصوبے حاصل کئے

فیصل آباد/تاندلیانوالہ (این این آئی) سابق وفاقی وزیر ہمایوں اختر خان نے کہا ہے کہ عالمی کشیدہ صورتحال کے باعث عالمی منڈی میں تیل کی قیمتیں بڑھنے کا اثر پاکستان پر بھی پڑا ہے اور یہ یقینی طور پر مشکل صورتحال ہے، حلقے کی تعمیر و ترقی کیلئے جس کے پاس بھی جانا پڑا جائیں گے بلکہ ایسا کر بھی چکے ہیں جس کے ذریعے حلقے کیلئے کئی منصوبے حاصل کئے ہیں، انگریزوں کے دور سے نمائندگی کرنے والوں نے تاندلیانوالہ کو پنجاب کی پسماندہ ترین تحصیل بنا دیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے حلقہ این اے 97 کے دورے کے دوران اہل علاقہ سے ملاقاتوں میں گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ ہمایوں اختر خان نے سردار سکندر حیات جتوئی کی جانب سے دی گئی افطار پارٹی میں بھی خصوصی شرکت کی اور اہل علاقہ اور عمائدین سے ملاقات کر کے حلقے کے مسائل کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا۔

کراچی، لیاری میں کارروائی، منشیات فروش گروہ کے 2 اہم کارندے گرفتار، مقدمہ درج

کراچی (این این آئی) صوبائی دارالحکومت کراچی میں لیاری گینگ وار کے بھتا خوروں کی موجودگی کی اطلاع پر کارروائی کی گئی۔ ایس آئی یو حکام کے مطابق کارروائی میں بین الصوبائی منشیات فروش گروہ کے 2 اہم کارندوں کو گرفتار کر لیا گیا۔ ایس ایس پی ایس آئی یو نے بتایا کہ گرفتار ملزمان سے بڑی مقدار میں ویڈ برآمد ہوئی ہے اور ان کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا ہے۔

کراچی: گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری سندھ گورنر ہاؤس میں امید رمضان" کے عنوان سے افطار کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں۔

سندھ کی خواتین نے جمہوریت اور قومی ترقی میں نمایاں کردار ادا کیا ہے، مراد علی شاہ

خواتین کی شمولیت کے بغیر ترقی ممکن نہیں، وزیر اعلیٰ سندھ خواتین کو ہر شعبے میں بااختیار بنانے کے لیے پرعزم

کراچی (این این آئی) وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے خواتین کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا کہ سندھ کی ماں، بہنوں اور بیٹیوں کو سلام پیش کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ عالمی یوم خواتین مساوات، حقوق اور انصاف کی جدوجہد کی علامت ہے اور خواتین کی شمولیت کے بغیر کسی بھی معاشرتی یا معاشی ترقی کا سفر ممکن نہیں۔ وزیر اعلیٰ سندھ نے مزید کہا کہ سندھ حکومت خواتین کو ہر شعبے میں بااختیار بنانے کے لیے پرعزم ہے

پیٹرولیم مصنوعات قیمتوں میں اضافہ واپس لیا جائے، جے یو آئی (س)

لاہور (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (س) لاہور کے امیر و مرکزی سالار مولانا قاری اعظم حسین، امیر مولانا پیر عبدالقدوس نقشبندی، ناظم اعلیٰ مولانا ایوب خان، نائب ناظم اعلیٰ مولانا طیب عثمانی، ڈپٹی سیکرٹری پیر اکبر ساقی، نائب امیر مولانا صلاح الدین ایوبی، قاری واحد بخش، قاری رحمت اللہ لاشاری، انجینئر خالد ٹیپو، عبدالحمید تونسوی، مولانا محمد ممتاز اور مولانا توقیر عباس سمیت دیگر رہنماؤں نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ پٹرولیم مصنوعات قیمتوں میں اضافہ واپس لیا جائے۔

پیٹرولیم قیمتیں، عوام کے ماہانہ اخراجات 10 سے 25 ہزار تک بڑھ گئے، ایکشن فورم پنجاب

مڈل کلاس، غریب طبقات بری طرح متاثر ہوئے، تیل پر 113 ارب انویسٹری منافع کمایا گیا، چیئرمین آصف سلیم

لاہور (این این آئی) چیئرمین ایکشن فورم پنجاب آصف سلیم مٹھا نے کہا ہے کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں 55 روپے فی لیٹر اضافے سے 30 ہزار سے ایک لاکھ روپے تک ماہانہ آمدن والے خاندانوں کے ماہانہ اخراجات میں 10 ہزار سے 25 ہزار روپے تک اضافہ ہو گیا ہے، اس وقت عوام جو پیٹرول استعمال کر رہے ہیں وہ 45 دن پہلے 60 ڈالر فی بیرل کے حساب سے خریدا گیا تھا اور آج وہی عوام کو 321 روپے فی لیٹر میں فروخت کیا جا رہا ہے اور تیل پر 113 ارب روپے انویسٹری منافع کمایا گیا۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ حکومت کی جانب سے پیٹرولیم کی قیمتوں میں اضافے کے لئے چند گھنٹوں میں فیصلہ سمجھ سے بالاتر ہے، پیٹرولیم کی قیمتوں میں اضافے سے مڈل کلاس اور غریب طبقات بری طرح متاثر ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ درست ہے کہ مشرقی وسطیٰ کی کشیدہ صورتحال کے پیٹرولیم کی سپلائی پر اثرات مرتب ہوئے ہیں۔

کراچی: وزیر بلدیات سندھ سید ناصر حسین شاہ سے الیکٹرک وہیکل چارجنگ نیٹ ورک قائم کرنے کے سے متعلق ملک گروپ آف کمپنیز کے چیئرمین ملک خدا بخش و دیگر ملاقات کر رہے ہیں۔

سی سی پی او کی زیر صدارت یوم شہادتِ حضرت علی کے سکیورٹی انتظامات کے حوالے سے اہم اجلاس

یوم علی کے عزاداری داری جلوسوں اور مجالس کو بھرپور سکیورٹی فراہم کی جائے گی، بلال صدیق کمیانہ

لاہور (این این آئی) کیپٹل سٹی پولیس چیف بلال صدیق کمیانہ نے کہا ہے کہ یوم علی کے عزاداری داری جلوسوں اور مجالس کو بھرپور سکیورٹی فراہم کی جائے گی۔ یہ بات سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ نے کیپٹل سٹی پولیس ہیڈ کوارٹرز میں یوم شہادت حضرت علی کے سکیورٹی انتظامات کے حوالے سے منعقدہ اہم اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔ اجلاس میں یوم علی کے موقع پر سکیورٹی انتظامات، قیامِ امن اور دیگر انتظامی امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر ایس ایس پی (آپریشنز) اور ایس پی (سکیورٹی) نے اجلاس کو یوم علیؑ کے سکیورٹی پلان کے حوالے سے بریفنگ دی۔ اجلاس میں یوم علیؑ کے جلوسوں کے راستوں اور امام بارگاہوں پر مورچوں کے قیام، واک تھرو گیٹس، میٹل ڈیٹیکٹرز اور سی سی ٹی وی کیمروں کی تنصیب کے انتظامات کا جائزہ لیا گیا۔ اس کے علاوہ روف ٹاپ سکیورٹی اور ڈرون مانیٹرنگ سمیت دیگر حفاظتی اقدامات پر بھی غور کیا گیا۔

سیویئر سکول میں تلاوتِ قرآن پاک اور نعتِ رسول کے مقابلے، نمایاں طلبہ میں انعامات تقسیم

رمضان المبارک کے بابرکت مہینے میں مختلف کیمپسز کے طلبہ کی بھرپور شرکت، دینی شعور اجاگر کرنے پر زور

کاہنہ (این این آئی) سیویئر سکول کے زیرِ اہتمام تلاوتِ قرآنِ پاک اور نعتِ رسولِ مقبول کے سالانہ مقابلہ 2026 کا انعقاد کیا گیا، جس میں سکول کے مختلف کیمپسز سے تعلق رکھنے والے طلبہ و طالبات نے بھرپور شرکت کی۔ مقابلے کا مقصد طلبہ میں قرآنِ پاک کی خوبصورت تلاوت کا شوق بیدار کرنا اور حضور نبی اکرم سے محبت و عقیدت کے جذبات کو فروغ دینا تھا۔ مقابلے کے دوران طلبہ و طالبات نے خوش الحانی کے ساتھ تلاوتِ قرآنِ پاک اور نعتِ رسول پیش کی جسے حاضرین نے بے حد سراہا۔ جیوری کے فیصلے کے مطابق نمایاں کارکردگی دکھانے والے طلبہ و طالبات میں ٹرافیاں، میڈلز اور تعریفی اسناد تقسیم کی گئیں۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سکول انتظامیہ کا کہنا تھا کہ رمضان المبارک کے بابرکت مہینے میں اس نوعیت کی تقریبات بچوں کی دینی اور اخلاقی تربیت میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ایسے مقابلوں سے طلبہ میں خود اعتمادی پیدا ہوتی ہے۔

کراچی: ترجمان سندھ حکومت سیدہ تحسین عابدی ایرانی قونصلیٹ میں قونصل جنرل ایران اکبر عیسیٰ زادہ سے ملاقات آیت اللہ علی خامنہ ای کی شہادت پر تعزیتی کتاب میں اپنے تاثرات درج کر رہی ہیں۔

امریکہ اور اسرائیل کا ایران پر بلاجواز حملہ خطے کو عدم استحکام سے دوچار کر سکتا ہے، چوہدری نعیم کریم

مشرق وسطیٰ اور ایران کی کشیدہ صورتحال نے عالمی معیشت کو ہلا کر رکھ دیا ہے، مرکزی سینئر رہنما مسلم لیگ (ن)

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی سینئر رہنما و وزیر اعظم یوتھ پروگرام کے فوکل پرسن چوہدری نعیم کریم نے اسلامی جمہوریہ ایران پر امریکہ اور اسرائیل کی جارحیت اور بمباری سے ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای، اسکولوں کے بچوں اور شہریوں کی شہادت کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایران پر جارحیت بند اور وہاں کے معصوم عوام کا قتل عام روکا جائے اور حکومت پاکستان سمیت دیگر اسلامی ممالک فوری طور پر ایران پر حملے روکنے کے لیے اپنا کردار ادا کرے۔ مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے رابطہ آفس سے جاری ہونے والے ایک بیان میں چوہدری نعیم کریم نے کہا کہ امریکہ اور اسرائیل کا ایران پر بلاجواز حملہ خطے کو عدم استحکام سے دوچار کر سکتا ہے اور یہ کسی نئی عالمی جنگ کا پیش خیمہ بھی بن سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹرمپ اور نیتن یاہو کا ایران پر حملہ کھلی دہشت گردی اور عالمی قوانین کی خلاف ورزی ہے۔

لاہور: ایل کے ایف کی جانب سے دی گئی افطار پارٹی میں ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) علی اعجاز کا فصل محمود، کرنل (ر) سرفراز احمد و دیگر کے ہمراہ گروپ فوٹو۔

حالات بہتر ہونے پر پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں واپس اپنی جگہ پر جائینگی، اختیار ولی خان

حکومت نے یہ فیصلہ بوجھل دل کے ساتھ کیا ہے، اس پر حکومت بھی خوش نہیں، مشیر وزیر اعظم

لاہور (این این آئی) وزیر اعظم کے مشیر اختیار ولی خان نے کہا ہے کہ پیٹرولیم مصنوعات مہنگی کرنا مجبوری تھی، حالات بہتر ہونے پر پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں واپس اپنی جگہ پر آ جائیں گی۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ بین الاقوامی مارکیٹ میں قیمتوں میں اضافے کے باعث پاکستان میں پیٹرولیم مصنوعات مہنگی کرنا پڑیں اور حکومت نے یہ فیصلہ بوجھل دل کے ساتھ کیا ہے، اس پر حکومت بھی خوش نہیں ہے۔

کراچی ایکسپریس کو منسوخ کر دیا گیا، مسافروں کو پاک بزنس میں ایڈجسٹ کیا گیا

لاہور (این این آئی) لاہور سے کراچی جانے والی مسافر ٹرین کو منسوخ کر دیا گیا۔ ترجمان کے مطابق کراچی ایکسپریس کے مسافروں کو پاک بزنس ایکسپریس میں ایڈجسٹ کیا گیا۔ علاوہ ازیں فیصل آباد سے قراقرم ایکسپریس کے مسافروں کو ملت ایکسپریس میں ایڈجسٹ کیا گیا۔ پاک بزنس ایکسپریس مقررہ وقت کی بجائے ڈیڑھ گھنٹہ تاخیر سے روانہ ہوئی۔

پیٹرولیم قیمتیں، عوام کے ماہانہ اخراجات 10 سے 25 ہزار تک بڑھ گئے، ایکشن فورم پنجاب

مڈل کلاس، غریب طبقات بری طرح متاثر ہوئے، تیل پر 113 ارب انویسٹری منافع کمایا گیا، چیئرمین آصف سلیم

لاہور (این این آئی) چیئرمین ایکشن فورم پنجاب آصف سلیم مٹھا نے کہا ہے کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں 55 روپے فی لیٹر اضافے سے 30 ہزار سے ایک لاکھ روپے تک ماہانہ آمدن والے خاندانوں کے ماہانہ اخراجات میں 10 ہزار سے 25 ہزار روپے تک اضافہ ہو گیا ہے، اس وقت عوام جو پیٹرول استعمال کر رہے ہیں وہ 45 دن پہلے 60 ڈالر فی بیرل کے حساب سے خریدا گیا تھا اور آج وہی عوام کو 321 روپے فی لیٹر میں فروخت کیا جا رہا ہے اور تیل پر 113 ارب روپے انویسٹری منافع کمایا گیا۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ حکومت کی جانب سے پیٹرولیم کی قیمتوں میں اضافے کے لئے چند گھنٹوں میں فیصلہ سمجھ سے بالاتر ہے، پیٹرولیم کی قیمتوں میں اضافے سے مڈل کلاس اور غریب طبقات بری طرح متاثر ہوں گے۔

لاہور: شہری عید الفطر کی مناسبت سے باغبانپورہ بازار سے خریداری میں مصروف ہیں۔

قانون کی عملداری اور لوگوں کی جان و مال کا تحفظ یقینی بنایا جائیگا، رانا محمد اقبال

وزیر قانون کی زیر صدارت ڈی سی سی قصور کا اجلاس، امن و امان، صحت، تعلیم اور ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر قانون پنجاب و کنوینر ڈسٹرکٹ کوآرڈی نیشن کمیٹی قصور رانا محمد اقبال خان کی زیر صدارت ڈپٹی کمشنر آفس قصور کے کمیٹی روم میں ایک اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا۔ ڈپٹی کمشنر قصور محمد آصف رضا نے ضلع کی مجموعی انتظامی کارکردگی، ترقیاتی منصوبوں اور جاری اقدامات پر روشنی ڈالی جبکہ ڈی پی او قصور محمد عیسیٰ خان نے اجلاس کو امن و امان کی صورتحال، جرائم کے انسداد اور شہریوں کے تحفظ کے حوالے سے کیے گئے اقدامات سے آگاہ کیا۔

دنیا میں جنگ کے بادل، پاکستان کو شہید ذوالفقار علی بھٹو نے ایٹمی طاقت بنایا، شرجیل میمن

بے نظیر بھٹو نے وزیر اعظم بن کر اس سوچ کے خاتمے کا آغاز کیا اور ایک خاتون نے ملک چلا کر دکھایا، سینئر وزیر سندھ

کراچی (این این آئی) سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ عالمی یوم خواتین کے موقع پر تمام خواتین کو مبارکباد پیش کرتا ہوں، یہ دن سب کا دن ہے، معاشرے کو اکثر مردوں کی اجارہ داری والا سمجھا جاتا ہے جبکہ خواتین کو دہائیوں تک نظر انداز کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ بے نظیر بھٹو نے وزیر اعظم بن کر اس سوچ کے خاتمے کا آغاز کیا اور ایک خاتون نے ملک چلا کر دکھایا۔ پوری دنیا میں جنگ کے بادل منڈلا رہے ہیں۔

اسلام آباد پولیس میں خدمات سرانجام دینے والی خواتین ہمارا فخر اور قیمتی اثاثہ ہیں، آئی جی اسلام آباد

سلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے خواتین افسران کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ اسلام آباد پولیس میں خدمات سرانجام دینے والی خواتین ہمارا فخر اور قیمتی اثاثہ ہیں۔ اپنے بیان میں آئی جی اسلام آباد نے کہا کہ خواتین اہلکار ہر شعبے میں مردوں کے شانہ بشانہ فرائض انجام دے رہی ہیں، اسلام آباد پولیس نے خواتین کے تحفظ کیلئے موثر اقدامات کیے ہیں۔

ہارون اختر خان کی زیر صدارت اجلاس

اسلام آباد (این این آئی) وزیرِ اعظم کے معاونِ خصوصی برائے صنعت و پیداوار ہارون اختر خان کی زیرِ صدارت پاکستان میں چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری شعبے (ایس ایم ایز) کو مضبوط بنانے کے اقدامات کا جائزہ لینے کے لیے اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس کے دوران سمیڈا کے بورڈ ممبر مشہود علی خان نے شرکاء کو ایس ایم ایز کی معاونت اور قومی معیشت میں ان کے کردار کو مزید مؤثر بنانے کے لیے کیے جانے والے نئے اقدامات پر بریفنگ دی۔

ایران میں امریکہ اسرائیل کو تیسری مرتبہ ذلت آمیز شکست کا سامنا ہے، لیاقت بلوچ

استعماری قوتوں کا جنگ مسلط کر کے رجیم چینج کا اقدام انتہائی شرمناک اور پوری دنیا کے لئے بڑا چیلنج ہے

قصور (این این آئی) نائب امیر جماعت اسلامی، سیکرٹری جنرل ملی یکجہتی کونسل لیاقت بلوچ نے کہا کہ ایران میں امریکہ، اسرائیل کو تیسری مرتبہ ذلت آمیز

رمضان میں خودمختاری کا خونی امتحان

ماجد نبی

رمضان عام دنوں جیسا نہیں ہوتا۔ اس مہینے میں صرف گھڑیاں نہیں بدلتی، مزاج بدلتے ہیں۔ بازاروں کی چہل پہل میں بھی ایک ٹھہراؤ ہوتا ہے اور سیاسی بیان بازی میں بھی احتیاط کی جھلک دکھائی دیتی ہے۔ مگر 28 فروری 2026 کی رات اس روایت کو ایک ایسے واقعے نے توڑ دیا جس نے خطے کی سیاست کو ایک نئے موڑ پر لا کھڑا کیا۔ اطلاعات کے مطابق ایران پر ایک بڑے فضائی حملے نے نہ صرف عسکری تنصیبات کو نشانہ بنایا بلکہ اعلیٰ قیادت کو بھی شدید نقصان پہنچایا۔ اس کارروائی کو بعض حلقوں نے "آپریشن جینیسس" کا نام دیا۔ اگرچہ اس کے تمام پہلوؤں کی آزادانہ تصدیق ابھی باقی ہے، لیکن اس نے ایک بنیادی سوال کو زندہ کر دیا ہے۔ کیا بین الاقوامی قانون واقعی طاقتور کے سامنے بے بس ہو چکا ہے؟ بین الاقوامی نظام کی بنیاد 1648 کے معاہدہ ویسٹ فیلیا کے بعد ریاستی خودمختاری پر رکھی گئی تھی۔ اقوام متحدہ کے چارٹر نے بھی اسی اصول کو آگے بڑھایا کہ کسی خودمختار ریاست کے خلاف طاقت کا استعمال صرف دفاع یا سلامتی کونسل کی منظوری کے تحت ہو سکتا ہے۔ اگر کسی ریاست کی اعلیٰ قیادت کو براہ راست نشانہ بنایا گیا ہے تو یہ محض عسکری کارروائی نہیں بلکہ خودمختاری کے تصور کو چیلنج ہے۔ امریکہ اور اسرائیل کا موقف یہ رہا ہے کہ ایران کا جوہری پروگرام خطے کے لیے خطرہ ہے۔ واشنگٹن میں کئی برسوں سے یہ بحث جاری ہے کہ تہران کو روکنے کے لیے سفارت کاری کافی ہے یا طاقت کا استعمال ناگزیر ہو چکا ہے۔ دوسری طرف ایران کا دعویٰ ہے کہ اس کا پروگرام پرامن مقاصد کے لیے ہے اور وہ عالمی معائنہ کاروں کے ساتھ تعاون کرتا رہا ہے۔ ان بیانات کے بیچ حقیقت کی تہہ تک پہنچنا آسان نہیں، مگر یہ طے ہے کہ طاقت کے استعمال نے سفارت کاری کی راہ مزید تنگ کر دی ہے۔ اس پورے منظرنامے میں عمان کا کردار بھی زیر بحث آیا۔ خلیجی ریاست عمان ماضی میں بھی ایران اور مغرب کے درمیان رابطے کا پل رہی ہے۔ 2015 کے جوہری معاہدے کی راہ ہموار کرنے میں بھی مسقط نے خاموش کردار ادا کیا تھا۔ اگر واقعی کوئی پیش رفت جاری تھی اور اسی دوران حملہ ہوا تو یہ سفارتی عمل کے لیے ایک شدید دھچکا ہے۔ دنیا کی تاریخ بتاتی ہے کہ مذاکرات کے عین موقع پر طاقت کا استعمال اکثر اعتماد کو برسوں پیچھے دھکیل دیتا ہے۔ مشرق وسطیٰ کی سیاست کو صرف موجودہ لمحے میں نہیں سمجھا جا سکتا۔ اسرائیل کے قیام سے لے کر آج تک خطہ نظریاتی اور جغرافیائی کشمکش کا میدان رہا ہے۔ بعض مذہبی اور سیاسی حلقوں میں "گریٹر اسرائیل" جیسے تصورات زیر بحث رہے ہیں، اگرچہ اسرائیلی ریاست کی سرکاری پالیسی اس اصطلاح کو تسلیم نہیں کرتی۔ پھر بھی جب کسی مغربی سیاست دان کی زبان سے "بائبلی حق" جیسے الفاظ ادا ہوتے ہیں تو خاصی توجہ کا مرکز بنا جس میں انہوں نے اسرائیل کے تاریخی دعوؤں کا ذکر کیا۔ ایسے بیانات چاہے داخلی سیاست کے لیے دیے جائیں، مگر عالمی سطح پر یہ پیغام دیتے ہیں کہ مذہبی حوالوں کو خارجہ پالیسی میں جگہ مل رہی ہے۔ بین الاقوامی قانون کی دنیا میں یہ رجحان تشویش کا باعث سمجھا جاتا ہے کیونکہ جدید ریاستی نظام مذہبی توجیہات کی بجائے معاہدوں اور چارٹرز پر کھڑا ہے۔ یہ پہلا موقع نہیں کہ طاقتور ریاستوں نے اپنی حکمت عملی کو نظریاتی رنگ دیا ہو۔ لاطینی امریکہ کی تاریخ میں 1823 کا منرو نظریہ ایک اہم مثال ہے۔ اس نظریے کے تحت امریکہ نے مغربی نصف کرے کو اپنے اثر و رسوخ کا علاقہ قرار دیا۔ بعد کی دہائیوں میں اسی سوچ کے تحت کئی حکومتیں تبدیل ہوئیں۔ 1973 میں چلی کے صدر سلواڈور ایلینڈے کی حکومت کا خاتمہ بھی اسی سرد جنگی ماحول کا حصہ تھا۔ ان مثالوں کو مشرق وسطیٰ کے موجودہ حالات کے ساتھ جوڑ کر دیکھا جا رہا ہے۔ سوال یہ بھی ہے کہ اگر ایران کو کمزور کیا جاتا ہے تو خطے میں طاقت کا توازن کس طرف جھکے گا۔ ایران نہ صرف خلیج بلکہ عراق، شام اور لبنان میں بھی اثر رکھتا ہے۔ اس کی کمزوری کا مطلب ان علاقوں میں نئے خلا کا پیدا ہونا ہو سکتا ہے۔ خلا کبھی خالی نہیں رہتا۔ اسے کوئی نہ کوئی طاقت بھر دیتی ہے۔ یہی وہ مقام ہے جہاں روس اور چین کا کردار زیر بحث آتا ہے۔ روس اور چین نے عمومی طور پر تحمل اور مذاکرات کی بات کی ہے۔ مگر ناقدین کا کہنا ہے کہ بیانات سے آگے بڑھ کر عملی اقدامات کی کمی نظر آتی ہے۔ اگر ابھرتی ہوئی طاقتیں کھل کر میدان میں نہیں آتیں تو کثیر قطبی دنیا کا تصور کمزور پڑ جاتا ہے۔ کثیر قطبیت صرف اقتصادی اعداد و شمار سے نہیں بنتی، بلکہ سیاسی عزم سے بھی بنتی ہے۔ پاکستان کے لیے یہ صورتحال محض دور کا منظر نہیں۔ اسلام آباد پہلے ہی مغربی سرحد پر کشیدگی کا سامنا کر رہا ہے۔ تحریک طالبان پاکستان کی کارروائیاں اور کابل کے ساتھ تعلقات کی پیچیدگی ایک الگ چیلنج ہے۔ ایسے میں اگر خطے میں بڑی جنگ بھڑکتی ہے تو اس کے اثرات براہ راست پاکستان تک پہنچ سکتے ہیں۔ توانائی کی قیمتوں سے لے کر سفارتی دباؤ تک کئی محاذ کھل سکتے ہیں۔ پاکستان کی خارجہ پالیسی روایتی طور پر توازن پر مبنی رہی ہے۔ ایران کے ساتھ سرحد بھی ہے اور سعودی عرب و خلیجی ریاستوں کے ساتھ قریبی تعلقات بھی۔ امریکہ کے ساتھ سکیورٹی اور اقتصادی روابط اپنی جگہ موجود ہیں۔ ایسے میں اسلام آباد کے لیے سب سے بڑا امتحان یہ ہوگا کہ وہ کسی ایک بلاک کا حصہ بنے بغیر اپنی سلامتی اور معیشت کا تحفظ کیسے کرے۔ مسلم دنیا کے بعض دارالحکومتوں کی خاموشی یا محدود ردعمل پر بھی بحث جاری ہے۔ اگر واقعی کسی ریاست نے اپنے اڈے یا فضائی حدود استعمال کرنے کی اجازت دی ہے تو یہ فیصلہ داخلی سیاست اور علاقائی اتحادوں کے تناظر میں دیکھا جائے گا۔ تاہم تاریخ یہ بھی بتاتی ہے کہ وقتی مفاد کی بنیاد پر کیے گئے فیصلے طویل المدت اثرات چھوڑتے ہیں۔ رمضان کے مہینے میں عسکری کارروائی نے جذباتی ردعمل کو مزید بڑھایا ہے۔ مسلم معاشروں میں اس مہینے کی روحانی اہمیت گہری ہے۔ جب کوئی بڑا واقعہ اسی دوران پیش آتا ہے تو اسے محض جغرافیائی سیاست کے پیمانے سے نہیں ناپا جاتا بلکہ مذہبی اور اخلاقی زاویوں سے بھی دیکھا جاتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اس حملے نے صرف سیاسی نہیں بلکہ سماجی سطح پر بھی بحث چھیڑ دی ہے۔ بین الاقوامی قانون کے مستقبل پر سوال اب زیادہ نمایاں ہو چکا ہے۔ اگر طاقتور ریاستیں اپنی تشریح کے مطابق قانون کو برتتی رہیں تو چھوٹی ریاستوں کے لیے اعتماد کا بحران پیدا ہوتا ہے۔ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل پہلے ہی ویٹو پاور کی وجہ سے تنقید کی زد میں ہے۔ ایسے واقعات اس تاثر کو تقویت دیتے ہیں کہ عالمی ادارے اصلاح کے محتاج ہیں۔ اس ساری تصویر میں ایک پہلو امید کا بھی ہے۔ تاریخ میں کئی بار شدید کشیدگی کے بعد مذاکرات کا دروازہ دوبارہ کھلا ہے۔ 1962 کا کیوبا میزائل بحران دنیا کو ایٹمی جنگ کے دہانے پر لے گیا تھا، مگر بالآخر سفارت کاری نے راستہ نکالا۔ مشرق وسطیٰ میں بھی پائیدار امن کا راستہ صرف بات چیت سے نکل سکتا ہے۔ عسکری برتری وقتی فائدہ دے سکتی ہے، مگر استحکام نہیں۔ آج خطہ ایک دوراہے پر کھڑا ہے۔ ایک راستہ تصادم کا ہے جہاں ہر کارروائی اگلے ردعمل کو جنم دیتی ہے۔ دوسرا راستہ مکالمے کا ہے جو مشکل ضرور ہے مگر دیرپا ہے۔ عالمی طاقتوں کو یہ فیصلہ کرنا ہوگا کہ وہ کس سمت جانا چاہتی ہیں۔ رمضان کی اس رات نے یہ احساس تازہ کر دیا ہے کہ طاقت اور اصول کی کشمکش ابھی ختم نہیں ہوئی۔ سوال صرف ایران کا نہیں، ہر اس ریاست کا ہے جو اپنی خودمختاری کو بنیادی حق سمجھتی ہے۔ اگر عالمی نظام کو برقرار رکھنا ہے تو اسے صرف طاقت کے بل پر نہیں بلکہ انصاف کے توازن پر کھڑا کرنا ہوگا۔ آنے والے ہفتے اور مہینے اس بحران کی سمت طے کریں گے۔

فروری 2026 کے آخر میں ایران پر ہونے والے مبینہ امریکی اسرائیلی حملے نے خطے کی سیاست، بین الاقوامی قانون اور مسلم دنیا کی داخلی کمزوریوں پر گہرے سوالات کھڑے کر دیے۔ یہ واقعہ صرف ایک فوجی کارروائی نہیں بلکہ طاقت، نظریے اور جغرافیے کی نئی کشمکش کا اظہار ہے۔ مضمون میں اسی تناظر میں عالمی طاقتوں کی حکمت عملی، مشرق وسطیٰ کی بدلتی صورت حال اور پاکستان سمیت خطے پر ممکنہ اثرات کا تجزیہ کیا گیا ہے۔

نوٹ: یہ لکھاری کا ذاتی نقطہ نظر ہے جس سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں۔

رمضان کا درس

ماہِ مقدس کی آمد پر وزیر اعظم شہباز شریف نے اُمتِ مسلمہ کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ رمضان عبادت، تقویٰ اور روحانی پاکیزگی کی تجدید کا مہینہ ہے۔ اُن کا کہنا تھا کہ حقیقی عبادت کردار کی اصلاح اور باہمی ایثار کا سبق دیتی ہے جبکہ روزہ دراصل صبر، نظم اور ذمہ داری کی عملی تربیت ہے، رمضان کمزور طبقات کے احساس اور معاشرتی ذمہ داریوں کی یاد دہانی کراتا ہے۔ اُنہوں نے مزید کہا کہ مستحق افراد کو باعزت طریقے سے ڈیجیٹل والٹ کے ذریعے مالی امداد کا مقصد ہے کہ ہر کوئی سحر اور افطار کی رونقیں برقرار رکھ سکے۔ چند روز قبل وفاقی حکومت نے 38 ارب روپے کے رمضان ریلیف پیکیج کا اجراء کیا تھا جس کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے بتایا تھا کہ گزشتہ رمضان میں مستحقین کو ڈیجیٹل نظام کے ذریعے جو رقم فراہم کی گئی اسے رواں سال بڑھا کر 38 ارب روپے کر دیا گیا ہے، مستحقین کو فی خاندان 13 ہزار روپے دیئے جائیں گے۔ سیکرٹری بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (بی آئی ایس پی) کے مطابق وزراء پر مشتمل کمیٹی رمضان پیکیج کے تمام مراحل کی نگرانی کرے گی اور رقم کی ادائیگی کے نظام کی نگرانی خود وزیر اعظم کر رہے ہیں۔

''شکریہ وزیر اعلیٰ'' سی ایم سٹروک مینجمنٹ پروگرام 45 سالہ محمد عمران کیلئے زندگی کی نوید بن گیا

پنجاب حکومت نے بھی صوبے کے ایک کروڑ افراد کے لئے 47 ارب روپے کے رمضان نگہبان پیکیج کا اعلان کیا جس کے تحت پنجاب کے 42 لاکھ مستحق خاندانوں کو 10 ہزار روپے فی خاندان دیئے جائیں گے۔ پنجاب حکومت کی طرف سے رمضان میں 20 لاکھ سے زائد افراد کو رمضان نگہبان کارڈز بھی مہیا کیے جائیں گے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کے زیر صدارت عوامی ریلیف کے حوالے سے تین روز قبل ہونے والے اجلاس میں نادار افراد کے لئے سی ایم راشن کارڈ، نگہبان دسترخوان، سہولت بازار اور دیگر انتظامی امور کی منظوری دی گئی۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ رمضان نگہبان کارڈ کے ذریعے کیش کے علاوہ دیگر ضروری اشیاء بھی خریدنے کی سہولت میسر ہو گی۔ کارڈ کے ذریعے نہ صرف بینک آف پنجاب کے "برانچ لیس" بینکنگ ایجنٹ بلکہ ون لنک نیٹ ورک کی کسی بھی اے ٹی ایم سے نقد رقم حاصل کی جا سکے گی۔ بینک آف پنجاب کے مقررہ دکانداروں سے بھی رمضان نگہبان کیش کے ذریعے خریداری کی جا سکے گی۔ اجلاس میں مزید بتایا گیا کہ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کارڈ کی ایکٹیویشن کے لئے 136 مراکز قائم کرنے کی ہدایات دیں، یہ پنجاب بینک کی اے ٹی ایم پر بھی ایکٹیویٹ کیا جا سکے گا۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ پنجاب بھر میں راشن کارڈ ہولڈرز کو بھی رمضان المبارک میں تین ہزار ماہانہ کی بجائے 10 ہزار روپے دیئے جائیں گے جبکہ اجلاس میں رمضان نگہبان ڈیش بورڈ قائم کرنے کا فیصلہ کیا گیا، کارڈ ہولڈرز کو کال کر کے کاؤنٹر چیکنگ کا نظام بروئے کار لایا جائے گا۔ اجلاس میں پنجاب کی ہر تحصیل میں رمضان المبارک میں آٹھ نگہبان دسترخوان "مریم کے مہمان" کے نام سے قائم کرنے کی منظوری بھی دی گئی جن کے تحت ہر روز دو ہزار روزہ داروں کی افطاری کرائی جائے گی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ رمضان المبارک میں 30 اضلاع میں 65 سہولت بازار فنکشنل ہوں گے جبکہ 50 سہولت بازار 15 سہولت (آن دی گو) اور دیگر 11 اضلاع میں عارضی رمضان سہولت بازار قائم کیے جائیں گے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز نے فری ہوم ڈیلیوری کے لئے نگہبان کارڈ سے بھی ادائیگی کی سہولت فراہم کرنے کی ہدایت کی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے 60 تحصیلوں میں سہولت بازار کے لئے فوری طور پر اراضی کی نشاندہی کا حکم دیا، اجلاس میں اِن بازاروں میں نرخ، صفائی، سکیورٹی اور دیگر امور کی نگرانی کے لئے 1250 کیمروں کے ساتھ صوبائی مانیٹرنگ روم قائم کرنے کا بھی فیصلہ کیا گیا۔ مریم نواز نے کہا کہ پنجاب کا کوئی بھی مستحق خاندان رمضان المبارک میں تنہائی محسوس نہ کرے، صاحبِ ثروت افراد کو اپنے اِرد گرد موجود مستحق لوگوں کو کھانا کھلانا چاہئے، لوگوں کی خدمت کر کے رمضان المبارک میں دنیا اور آخرت سنواری جا سکتی ہے۔ رمضان کی آمد کے ساتھ ایک اچھی خبر یہ آئی کہ اپوزیشن نے پارلیمنٹ ہاؤس کے اندر دھرنا ختم کر دیا، سپریم کورٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر علامہ ناصر عباس کا کہنا تھا کہ رمضان کی آمد کی وجہ سے دھرنا ختم کر رہے ہیں، جلد ہی اگلا لائحہ عمل طے کریں گے۔ اُنہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان کی صحت سے متعلق خدشات موجود ہیں اور اُن کا علاج شفاء انٹرنیشنل ہسپتال میں ہونا چاہئے، اُن کی بہنوں اور ڈاکٹروں سے ملاقات کرائی جائے تا کہ وہ مطمئن ہو سکیں۔ اِس موقع پر وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا (کے پی) سہیل آفریدی نے کہا کہ صوبے کے عوام نے خود دھرنا دیا تھا تاہم قیادت کے اعلان پر اُسے ختم کر دیا۔ کے پی پولیس نے پشاور ہائیکورٹ کے حکم پر منگل اور بدھ کی درمیانی رات صوبے بھر میں دیئے گئے دھرنے ختم کرا دیئے تھے۔ پی ٹی آئی کے کارکنوں کا مطالبہ تھا بانی کو آنکھ کے علاج کے لئے ہسپتال منتقل کیا جائے۔

رمضان المبارک کا مقدس مہینہ ایک بار پھر اپنی رحمتوں، برکتوں اور مغفرتوں کے ساتھ اہلِ ایمان کے دروازے پر دستک دے چکا ہے۔ خوش آئند یہ ہے کہ نہ صرف ملک بھر سے دھرنے اور احتجاج ختم ہو چکا ہے بلکہ حکومتیں بھی عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف دینے کے لئے جو ممکن ہے وہ کر رہی ہیں۔ رمضان محض عبادات کے معمولات میں اضافے کا نام نہیں بلکہ ایک جامع روحانی، اخلاقی اور سماجی تربیت کا نظام ہے جس کا مقصد انسان کے ظاہر و باطن کو سنوارنا ہے۔ روزہ انسان کو صبر، برداشت، تقویٰ اور نظم و ضبط سکھاتا ہے جبکہ بھوک اور پیاس کی شدت اِسے معاشرے کے کمزور اور محروم طبقات کی مشکلات کا احساس دلاتی ہے۔ یہی احساس رمضان کی اصل روح ہے جو انسان کو ایثار، ہمدردی اور سخاوت کی طرف راغب کرتا ہے۔ بدقسمتی سے ہمارے معاشرے میں رمضان کے تقدس کے باوجود بعض منفی رجحانات بھی نمایاں ہو جاتے ہیں۔ اشیائے خورد و نوش کی مصنوعی قلت، ذخیرہ اندوزی، قیمتوں میں غیر معمولی اضافے کے ذریعے منافع خوری نہ صرف عام آدمی کی مشکلات میں اضافہ کرتا ہے جو حقیقی معنوں میں اِس مبارک مہینے کی روح کے منافی ہے۔ تاجر برادری کو بطور خاص دیانتداری اور خوفِ خدا کو مقدم رکھنا چاہئے جبکہ حکومت کو بھی موثر نگرانی کے ذریعے عوام کو ریلیف کی فراہمی یقینی بنانی چاہئے۔ رمضان مشکلات میں اضافہ نہیں بلکہ معاشرے میں انصاف، آسانی اور خیر خواہی کو فروغ دیتا ہے، یہ مہینہ اجتماعی اصلاح کا بھی بہترین موقع فراہم کرتا ہے۔ مساجد میں عبادات، قرآن فہمی، تراویح اور اعتکاف جیسے اعمال انسان کے روحانی تعلق کو مضبوط بناتے ہیں مگر اِس کے ساتھ ساتھ معاشرتی رویوں کی اصلاح بھی اتنی ہی ضروری ہے، بہترین روزہ وہ ہے جو انسان کے اخلاق اور کردار میں مثبت تبدیلی پیدا کرے۔ افطار دسترخوانوں پر امیر اور غریب کا فرق مٹ جاتا ہے اور انسانیت کی بنیاد پر بنے تعلق کو فوقیت حاصل ہو جاتی ہے، اِس جذبے کو پورا سال برقرار رکھا جائے تو معاشرتی ہم آہنگی اور استحکام میں نمایاں بہتری آ سکتی ہے۔ اہلِ سیاست کو بھی اِس بابرکت مہینے میں عہد کر لینا چاہئے کہ وہ مل کر ملک کی ترقی میں اپنا کردار ادا کریں گے، تقسیم کے بجائے اتحاد کی بات کریں گے، ایک دوسرے کو معاف کر کے آگے بڑھیں گے۔

ضروری نوٹس

اخبار میں خلوص نیت سے مضامین شائع کیئے جاتے ہیں مضامین کی اشاعت کا مطلب یہ ہرگز نہیں کہ مدیر و ایڈیٹر تحریر اور راقم مضمون کی سوچ سے متفق ہے۔

ادارہ

رمضان شریف: موبائل فون کو ایک طرف رکھ دیجئے!

تنویر قیصر شاہد

یہ ڈیجیٹل دَور ہے۔ چاہتے ہُوئے بھی ہم اِس ڈیجیٹائزیشن سے نجات حاصل نہیں کر سکتے۔ اگر ہم ڈیجیٹل دَور سے ہم آہنگ نہیں ہوتے تو قدم قدم پر احساسِ محرومی جان کو اٹک جاتا ہے۔ ہمارے بچے جس تیزی اور مہارت سے موبائل فون اور کمپیوٹر استعمال کرتے ہیں، اُنہیں دیکھ کر پتہ چلتا ہے کہ ''جنریشن گیپ'' کسے کہتے ہیں۔

موبائل فون ہماری ڈیجیٹل زندگی کا جزوِ ناگزیر بن چکا ہے۔ غریب ہو یا امیر، ہر گھر میں جتنے افراد ہیں، سب کے ہاتھ میں موبائل فون تھما ہے۔ اچھا لگے یا بُرا، خاتونِ خانہ باورچی خانہ میں ہانڈی بھی پکاتی جاتی ہیں اور ساتھ ساتھ موبائل فون پر رشتہ داروں اور سہیلیوں سے گپ شپ بھی کرتی دکھائی اور سنائی دیتی ہیں۔ ہاتھ میں فون نہ بھی تھما ہو، اسے آن کر کے باورچی خانے ہی میں کسی جگہ اٹکا دیا جاتا ہے اور من پسند ڈرامہ دیکھا جاتا ہے۔ باورچی خانے میں چاہے ہانڈی جَل جائے، مگر خاتونِ خانہ کی توجہ موبائل فون سے نہیں ہٹتی۔ یہ تقریباً ہم سب کے گھروں کا ''مشترکہ کلچرل منظر'' بن چکا ہے۔

موبائل فون جدید دَور کا لازمہ بن گیا ہے۔ اِس سے شائد کوئی مفر ہی نہیں۔ ہمارے گھر کے سامنے مسجد ہے۔ جب بھی اللہ کی توفیق سے باجماعت نماز ادا کرنے مسجد جاتا ہُوں، کئی بار دورانِ نماز کئی نمازیوں کے موبائل فون کی گھنٹی بجتی سنائی دیتی ہے۔ نماز میں واضح طور پر خلل بھی پڑتا ہے اور توجہ بھی بٹ جاتی ہے۔ کئی بار امامِ مسجد، جماعت کھڑی ہونے سے قبل، یہ کہتے ہُوئے سنائی دیے ہیں: ''مہربانی فرما کر موبائل فون کی گھنٹی بند کر دیجئے۔'' پہلے پہل امام صاحب یہ کہتے سنائی دیا کرتے تھے: ''برادران، مسجد میں موبائل فون مت لایا کیجئے۔'' اب نوبت صرف گھنٹی بند کرنے تک آ کر رُک گئی ہے۔

پھر بھی کئی نمازی گھنٹی بند کرنا بھول جاتے ہیں۔ اِسی سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ یہ موبائل فون ہماری جان کو کس طرح چمٹ گیا ہے۔ ایک بلا کی طرح! بچوں کی زندگیاں تو ویسے بھی اِس ''بلا'' نے ہلکان کر دی ہیں۔ اِس کے اثراتِ بَد سے کوئی محفوظ نہیں ہے؛ چنانچہ ہم دیکھ رہے ہیں کہ مغربی ممالک (جنھوں نے موبائل فون کی بلا ایجاد کی ہے) قوانین وضع کر رہے ہیں کہ ''سترہ سال سے کم عمر بچوں کو موبائل فون استعمال کرنے کی اجازت نہیں ہونی چاہیے۔'' کاش، اِس طرح کی قانون سازی ہمارے ہاں بھی کر دی جائے۔ میرا دو سالہ پوتا بھی صبح آنکھ کھولتے ہی، اپنی توتلی زبان یا اشاروں میں، ٹی وی یا موبائل فون دیکھنے کی خواہش کا اظہار کرتا ہے۔ کارٹون دیکھنے کے لیے!

اب الحمدللہ ہماری زندگیوں میں ایک بار پھر رمضان المبارک آ چکا ہے۔ 2026 کا رمضان شریف۔ آج ماشاء اللہ دوسرا روزہ ہے۔ عالمِ اسلام کے ساتھ ساتھ ساری معلوم دُنیا میں ماہِ رمضان المبارک کی گونج اور بازگشت سنائی دے رہی ہے۔ غیر مسلم بھی روزہ دار مسلمانوں کا احترام کرتے دکھائی دیتے ہیں اور بڑی حیرت کا اظہار کرتے ہیں کہ کس طرح پورا مہینہ یہ مسلمان 12 سے زائد گھنٹے بغیر کچھ کھائے پیئے گزار دیتے ہیں۔ رمضان شریف کے ایام میں واضح طور پر محسوس ہوتا ہے کہ مسلمانوں کا نیکیوں کی طرف رجحان بڑھ گیا ہے اور بدیوں سے اجتناب میں اضافہ ہو گیا ہے۔ اگرچہ روزوں کے دوران اسراف میں بھی اضافہ دیکھنے میں آتا ہے۔

یہ فیشن سا بن گیا ہے کہ سحری اور افطاری کے اوقات میں دُنیا جہان کی ہر مرغن اور لذیذ شئے دسترخوان پر ہونی چاہیے۔ حالانکہ یہ خواہش اور اہتمام دراصل روزے کی رُوح کے منافی ہے۔ مشاہدے میں یہ بات بھی آئی ہے کہ لاتعداد ایسے روزہ دار ہیں جو روزے کے دوران نماز و نوافل ادا کرنے اور قرآن شریف کی تلاوت کرنے کی بجائے موبائل کی اسکرین پر وقت گزاری کرتے ہیں۔

اور موبائل فون کی اسکرین پر جو کچھ نمودار ہوتا ہے، وہ اکثر روزے کی رُوح کو ہلاک کرنے کے لیے کافی ہے؛ چنانچہ رمضان شریف میں کوشش ہونی چاہیے کہ اِس موبائل فون کی ''لعنت'' سے کچھ گھنٹوں کے لیے ہی سہی، نجات حاصل کر لیں۔ یہ ''نجات'' مگر کیسے حاصل کی جائے، اِس کی ایک تدبیر مجھے اگلے روز ایک دینی جریدے میں نظر آئی ہے۔ اِس جریدے کا نام ''ماہنامہ عالمی ترجمان القرآن'' ہے۔ لاہور سے شائع ہوتا ہے۔ اِس جریدے کے فروری 2026 کے شمارے میں مجھے جناب رضی ولی محمد کا لکھا گیا ایک دلکشا آرٹیکل پڑھنے کو ملا ہے۔ اِس آرٹیکل کا عنوان ہی ''ڈیجیٹل رمضان'' ہے۔

میں چاہتا ہُوں کہ روزے کو تقویت دینے والے اِس آرٹیکل کے کچھ اقتباسات اپنے معزز و محترم قارئین کے سامنے رکھوں: کہ رمضان شریف میں موبائل فون کو ایک طرف رکھتے ہُوئے ہم کیسے رمضان کی مبارک و مسعود گھڑیوں سے استفادہ کر سکتے ہیں۔ اِس کے لیے مضمون نگار (رضی ولی محمد صاحب) نے کچھ تجاویز دی ہیں، جو یوں ہیں:

''رمضان میں روزہ رکھ کر جس طرح بارہ سے چودہ گھنٹے ہم اللہ کی خوشنودی کیلیے کھانے پینے، اور جنسی خواہشات سے دُور رہتے ہُوئے روزہ دار کہلاتے ہیں

وی شانتارام

رئیس فاطمہ

غیر منقسم برصغیر میں فلمیں تفریح کا واحد ذریعہ تھیں، اس وقت پنجابی فلموں اور اردو ادب کا مرکز لاہور تھا، جب کہ اردو اور ہندی فلموں کا مرکز بمبئی (ممبئی) تھا، جب بلیک اینڈ وائٹ فلموں کا دور تھا، سوہنی مہینوال پہلی پنجابی فلم تھی جس کا میوزک ماسٹر غلام حیدر نے دیا تھا، ابتدا میں بہت بڑے بڑے نام فلمی دنیا میں سامنے آئے جنھوں نے فلموں کو ایسے ایسے موضوعات دیے کہ دیکھنے والے دنگ رہ گئے، ان ابتدائی موسیقاروں، ہدایت کاروں، پروڈیوسر اور لکھاریوں کی ایک کہکشاں ہے جو کوندتی نظر آتی ہے۔

اس دور میں نٹن بوس، دیویکا رانی، ستارہ دیوی، کے آصف، ڈائریکٹر محبوب، تارا چندر بھاطیہ، طلعت محمود، راج کمار، ایس ایس واسن نمایاں تھے۔ اداکاروں میں پرنس آف منروا مودی ٹون صادق علی، پرتھوی راج کپور، مدھوبالا، دلیپ کمار، نرگس، نلنی جیونت، ثریا اور مینا کماری بہت خاص ہیں جنھوں نے لاجواب فلمیں شائقین کو دیں۔ کے آصف کی مغل اعظم، کمال امروہوی کی پاکیزہ، محبوب کی مدر انڈیا خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔

فلمی ستاروں کی کہکشاں کا ایک چمکتا ستارہ تھا وی شانتا رام جو اداکار، ہدایت کار، پروڈیوسر اور کہانی کار تھے۔ یہ سب سے الگ اور منفرد تھے، انھوں نے بڑی شاہکار فلمیں فلم بینوں کو دیں۔ وی شانتا رام کا جنم کولہاپور میں 18 نومبر سن 1901 میں ہوا۔ ان کا پورا نام راجہ رام وانکوندرے رکھا گیا، شانتا رام کا من پڑھائی میں نہیں لگتا تھا۔ ابتدا میں انھوں نے گندھروا ناٹک منڈلی میں پردہ کھینچنے کے کام سے اپنے فلمی سفر کا آغاز کیا۔ شانتا رام کافی وجیہ اور خوبصورت انسان تھے۔ قد چھ فٹ تھا، یوں لوگوں کی نظروں میں جلد آ گئے۔

تھیٹر کے زمانے میں وہ بابوراؤ پینٹر کے رابطے میں آ گئے اور فلم بینی کی تربیت حاصل کی۔ شانتا رام نابغہ روزگار تھا، پڑھا لکھا نہ ہونے کے باوجود وہ کافی ذہین اور تیز تھے، وہ

کمپنی'' پربھات فلم کمپنی'' کی بنیاد ڈالی۔ اس کمپنی میں چار افراد تھے یہ چاروں فلم کے مختلف شعبوں سے وابستہ تھے۔ 1932 میں شانتا رام نے ''ایودھیا راجہ'' نامی فلم بنائی جس کا مقصد دادا صاحب پھالکے کو خراج عقیدت پیش کرنا تھا، اس فلم نے فلمی دنیا کو درگا کھوٹے جیسی خوبصورت اداکارہ دی۔

1934 میں انھوں نے ''امرت منتھن'' نامی فلم بنائی، 1935 میں انھوں نے ''مہاتما'' نامی فلم بنائی، یہ فلم ذات پات کی تقسیم کے موضوع پر تھی اور ایک جرأت مندانہ کاوش تھی جسے فلم بینوں نے بہت سراہا۔ فلم باکس آفس پر کامیاب رہی اور شانتا رام کا قد بہ حیثیت ہدایت کار اور بھی بلند ہو گیا، یہ لوگ سینما کے معمار تھے۔

وی شانتا رام کی فلمیں موضوعاتی اعتبار سے اچھوتی ہوا کرتی تھیں، انھوں نے زیادہ تر سماجی فلمیں بنائیں جس میں ایک پیغام ہوا کرتا تھا۔ 1936 میں انھوں نے ''سنت تکارام'' بنائی جو مہاراشٹر کے ایک مقبول شاعر تھے، اس کردار کو اداکار نے بڑی خوبی سے ادا کیا۔ فلم میں اس قدر سادگی اور نفاست تھی کہ 1937 کے وینس فلم فیسٹیول میں اعزاز سے نوازا گیا اور بڑی پذیرائی ملی۔ یہ پہلی ہندوستانی فلم تھی جسے بیرون ملک سراہا گیا۔

1936 میں ہی انھوں نے ایک فلم ''امر جیوتی'' بنائی جو ایک عورت کے کردار کے گرد گھومتی تھی، یہ فلم بھی موضوع کے اعتبار سے ایک اچھوتی فلم تھی۔ 1937 میں انھوں نے فلم ''دنیا نہ مانے'' بنائی یہ فلم بھی عورت کے کردار کے گرد گھومتی تھی، اس فلم کو پبلک نے بہت سراہا۔ 1939 میں انھوں نے فلم ''آدمی'' بنائی، یہ فلم شانتا رام کی یادگار فلموں میں سے ایک ہے۔ 1941 میں انھوں نے فلم ''پڑوسی'' بنائی، یہ فلم ہندو مسلم فساد پر بننے والی پہلی فلم تھی، اس فلم کو بھی عوام نے بے حد سراہا۔ یہ ایک شاہکار فلم تھی۔

شانتا رام نے پربھات فلم سے الگ ہو کر اپنی ذاتی فلم کمپنی بنائی اور اس کے تحت فلم ''شکنتلا'' بنائی۔ اس فلم نے کامیابی کے سارے ریکارڈ توڑ دیے، یہ فلم 104 ہفتے چلی۔ 1946 میں انھوں نے ''ڈاکٹر کوٹنس کی امر کہانی'' بنائی۔ یہ ایک سچی کہانی تھی جسے خواجہ احمد عباس نے فلم کے لیے لکھا تھا، اس فلم کی دیس بدیس خوب پذیرائی ہوئی۔ 1955 میں انھوں نے ''چھنک چھنک پائل باجے''، 1959 میں ''تورنگ''، 1963 میں ''سہرا''، 1971 میں ''جل بن مچھلی نرتیہ بن بجلی'' بنائی۔

یہ تمام فلمیں کلاسیکی رقص پر مبنی تھیں، ان فلموں نے شانتا رام کو شہرت کی معراج تک پہنچا دیا۔ خاص کر ''چھنک چھنک پائل باجے'' کی موسیقی، رقص اور جان دار کہانی کی وجہ سے

اے مالک تیرے بندے ہم
ایسے ہوں ہمارے کرم
نیکی پہ چلیں اور بدی سے بچیں
تا کہ ہنستے ہوئے نکلے دم

''دو آنکھیں بارہ ہاتھ'' ہر لحاظ سے ایک شاہکار فلم تھی، جسے پوری دنیا میں سراہا گیا، ہدایت کاری کے لحاظ سے، میوزک کے لحاظ سے، مکالمہ کی وجہ سے، فوٹو گرافی ہو یا پروڈکشن ہر لحاظ سے یہ ایک نہایت عمدہ فلم تھی۔ اس فلم کو پہلی بار سان فرانسسکو کے فلمی فیسٹیول میں دکھایا گیا۔ یورپ کے فلم سازوں نے اس فلم کو خوب سراہا۔ اس فلم کے لیے انھیں کئی اعزازات سے نوازا گیا جن میں 1958 میں نیشنل ایوارڈ، اس فلم کے لیے برلن ایوارڈ، OCIC فلم ایوارڈ، 1959 میں گولڈن گلوب ایوارڈ اور سمبل گولڈ گلوب ایوارڈ اور دو اور فلمیں بھی ایسی تھیں جو مدتوں یاد رکھی جائیں گی۔ ایک فلم ''پرچھائیں'' جس میں شانتا رام نے ہیرو کا اور ان کی بیوی جے شری نے ہیروئن کا رول کیا تھا۔ اس فلم میں سندھیا بھی تھی جو بعد میں شانتا رام کی بیوی بھی بنی۔ فلم ''پرچھائیں'' شانتا رام کی اپنی کہانی بن گئی تھی، اس فلم کے دو گیت بہت مقبول ہوئے تھے، ایک طلعت محمود کا گایا ہوا یہ گیت:

محبت ہی نہ جو سمجھے وہ ظالم پیار کیا جانے
نکلتی دل کے تاروں سے جو ہے جھنکار کیا جانے

اور دوسرا لتا کا گایا ہوا یہ گیت جو جے شری پہ فلمایا گیا تھا:

کٹتے ہیں دکھ میں یہ دن پہلو بدل بدل کے
رہتے ہیں دل کے دل میں ارماں مچل مچل کے

شانتا رام نے تین شادیاں کیں، پہلی بیوی کا نام ملا تھا جس سے ان کے کئی بچے ہوئے۔ دوسری بیوی جے شری سے ان کے تین بچے ہوئے اور سندھیا سے ان کے چار بچے ہوئے۔ ایک بیٹی نے ہندوستان کے نامی گرامی کلاسیکل گلوکار پنڈت جسراج سے شادی کی۔ انھیں اپنی سڑسٹھ سالہ زندگی میں بہت سے اعزازات سے نوازا گیا۔ 1985 میں دادا صاحب پھالکے ایوارڈ اور 1992 میں پدم بھوشن ایوارڈ، 1992 میں ان کا انتقال ہوا۔ ایک اور بلیک اینڈ وائٹ فلم تھی ''صبح کا تارا''، اس کی ہیروئن جے شری تھی، محبوب خان، کے آصف، کمال امروہوی اور شانتا رام جیسے لوگ کبھی بھلائے نہیں جا سکتے۔ جب بھی برصغیر کی تاریخ لکھی جائے گی اور اس

عورت کا مقام: اسلام کی روشنی اور سماج کی تاریک حقیقت

آٹھ مارچ کو دنیا بھر میں "عالمی یومِ خواتین" منایا جاتا ہے۔ یہ دن محض تقاریب، تقاریر اور سوشل میڈیا پر پیغامات تک محدود نہیں ہونا چاہیے بلکہ یہ ہمیں اپنے معاشرے کے رویّوں اور اقدار کا سنجیدگی سے جائزہ لینے کا موقع فراہم کرتا ہے۔ اس دن کا اصل مقصد یہ ہے کہ ہم عورت کے مقام، اس کے حقوق اور اس کے ساتھ ہونے والے رویّوں پر غور کریں۔ سب سے اہم سوال یہ ہے کہ کیا واقعی ہمارے معاشرے میں عورت کو وہ عزت، احترام اور حقوق حاصل ہیں جن کی تعلیم ہمیں اسلام دیتا ہے؟ اس سوال کا جواب دوسروں سے پوچھنے کے بجائے ہر فرد کو اپنے دل میں تلاش کرنا چاہیے۔ جب کسی گھر میں بیٹی پیدا ہوتی ہے تو کیا واقعی اس خوشی کو اسی طرح منایا جاتا ہے جیسے بیٹے کی پیدائش پر منایا جاتا ہے؟ اگر ہم سچائی کے ساتھ اپنے اردگرد کے ماحول کو دیکھیں تو اندازہ ہوتا ہے کہ بہت سے گھروں میں بیٹی کی پیدائش کو آج بھی خوشی کے بجائے بوجھ یا پریشانی سمجھا جاتا ہے۔ حالانکہ بیٹی کی آمد دراصل ایک نعمت اور رحمت ہوتی ہے جو گھر میں محبت، نرمی اور شفقت کا ماحول پیدا کرتی ہے۔ معاشرے کی ترقی اسی وقت ممکن ہے جب بیٹی کی پیدائش کو بھی اسی خوشی اور فخر کے ساتھ قبول کیا جائے جیسے بیٹے کی پیدائش کو کیا جاتا ہے۔ اسلام نے بیٹی کو رحمت قرار دیا ہے اور اس کی پرورش کو عظیم نیکی بتایا ہے۔ لیکن افسوس کی بات یہ ہے کہ عملی طور پر بہت سے معاشروں میں بیٹی کی پیدائش کو اب بھی ایک مسئلہ سمجھا جاتا ہے۔ یہ سوچ نہ صرف انسانی ہمدردی کے خلاف ہے بلکہ اسلامی تعلیمات کے بھی منافی ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ بیٹی خاندان کے لئے محبت، خدمت اور قربانی کی علامت ہوتی ہے اور وہ اپنے والدین کے لئے بے پناہ رحمت کا سبب بنتی ہے۔ ایک اور اہم سوال یہ ہے کہ کتنے لوگ اپنی بہن اور بیٹی کو وراثت میں ان کا جائز حصہ دیتے ہیں؟ اسلام نے عورت کے لئے وراثت میں واضح اور مقررہ حصہ رکھا ہے تا کہ اس کے مالی حقوق محفوظ رہیں۔ مگر بدقسمتی سے ہمارے معاشرے میں بہت سی خواتین کو ان کے اس بنیادی حق سے محروم رکھا جاتا ہے۔ بعض اوقات خاندانی دباؤ، سماجی روایتیں یا لالچ کی وجہ سے عورت کو خاموشی اختیار کرنے پر مجبور کر دیا جاتا ہے۔ یہ رویہ صرف ایک معاشرتی ناانصافی نہیں بلکہ ایک مذہبی حق کی کھلی خلاف ورزی بھی ہے۔ جب اللہ تعالیٰ نے قرآن میں عورت کے لئے وراثت کا حق واضح طور پر مقرر کر دیا ہے تو کسی انسان کو یہ اختیار نہیں کہ وہ اس حق کو چھین لے یا اسے نظر انداز کرے۔ ایک انصاف پسند معاشرہ وہی ہوتا ہے جہاں ہر فرد کو اس کا حق بلا تفریق دیا جائے۔ تعلیم کے معاملے میں بھی ہمیں خود سے یہ سوال کرنا چاہیے کہ کتنے لوگ اپنی بیٹیوں کو بیٹوں کی طرح تعلیم دلانے کی کوشش کرتے ہیں۔ بدقسمتی سے بعض خاندانوں میں بیٹے کی تعلیم کو سرمایہ کاری اور مستقبل کی ضمانت سمجھا جاتا ہے جبکہ بیٹی کی تعلیم کو غیر ضروری سمجھ کر نظر انداز کر دیا جاتا ہے۔ یہ سوچ معاشرے کی ترقی کے راستے میں ایک بڑی رکاوٹ ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ تعلیم صرف مرد کا حق نہیں بلکہ عورت کا بھی بنیادی حق ہے۔ ایک تعلیم یافتہ عورت نہ صرف اپنی زندگی کو بہتر طریقے سے گزار سکتی ہے بلکہ وہ ایک بہتر ماں، بہتر استاد اور بہتر معاشرتی رہنما بھی بن سکتی ہے۔ تعلیم یافتہ عورت پورے خاندان کی تربیت اور ترقی میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ بیٹی کی شادی کے وقت بھی اکثر اس کی رائے کو نظر انداز کر دیا جاتا ہے۔ بہت سے معاملات میں خاندان کے بڑے افراد خود ہی فیصلہ کر لیتے ہیں اور لڑکی کو صرف اس فیصلے کو قبول کرنے کے لئے کہا جاتا ہے۔ حالانکہ اسلام نے نکاح کے معاملے میں عورت کی رضامندی کو بنیادی شرط قرار دیا ہے۔ یہ رویہ عورت کی شخصیت اور اس کے جذبات کو نظر انداز کرنے کے مترادف ہے۔ شادی انسان کی زندگی کا ایک نہایت اہم اور حساس فیصلہ ہوتا ہے اور اس میں لڑکی کی رائے اور پسند کو مرکزی حیثیت حاصل ہونی چاہیے۔ ایک خوشگوار ازدواجی زندگی اسی وقت ممکن ہے جب دونوں افراد اپنی مرضی اور رضامندی سے اس رشتے میں بندھیں۔ ایک تلخ حقیقت یہ بھی ہے کہ بہت سے گھروں میں خواتین کو سب کے بعد کھانا دیا جاتا ہے یا وہ بچی ہوئی غذا پر گزارہ کرنے پر مجبور ہوتی ہیں۔ یہ روایت کئی جگہوں پر اب بھی موجود ہے اور اسے ایک معمول کی بات سمجھ لیا گیا ہے۔ حالانکہ یہ رویہ عورت کی عزت اور وقار کے خلاف ہے۔ اسلام نے مرد اور عورت دونوں کو برابر عزت اور احترام دینے کا درس دیا ہے۔ گھر کے نظام میں عورت کو کمتر یا کم اہم سمجھنا دراصل ہماری غلط سوچ اور فرسودہ روایات کا نتیجہ ہے جو وقت کے ساتھ ساتھ ختم ہونی چاہئیں۔ ہمیں یہ بھی سوچنا چاہیے کہ کتنے گھروں میں شوہر اپنی بیوی کو ایک مکمل انسان کے طور پر دیکھتا ہے۔ بہت سی خواتین اپنی زندگی کا بیشتر حصہ گھر اور خاندان کی خدمت میں گزار دیتی ہیں لیکن اس کے باوجود انہیں وہ عزت اور قدر نہیں ملتی جس کی وہ حقدار ہوتی ہیں۔ بیوی صرف گھر کے کام کرنے والی نہیں بلکہ شوہر کی شریکِ حیات اور زندگی کی ساتھی ہوتی ہے۔ اسلام میں میاں بیوی کے تعلق کو محبت، احترام، اعتماد اور باہمی تعاون کی بنیاد پر قائم کیا گیا ہے۔ ایک کامیاب خاندان اسی وقت وجود میں آتا ہے جب دونوں ایک دوسرے کا احترام کریں۔ کئی خواتین شادی کے بعد عملی طور پر تنہائی اور بے اختیاری کی زندگی گزارتی ہیں۔ وہ گھر میں موجود تو ہوتی ہیں مگر اہم فیصلوں میں ان کی رائے یا آواز کو اہمیت نہیں دی جاتی۔ یہ صورتحال ایک خاموش ظلم کی شکل اختیار کر لیتی ہے۔ یہ طرزِ عمل کسی بھی صحت مند معاشرے کی علامت نہیں ہو سکتا۔ ایک مضبوط اور متوازن خاندان اسی وقت تشکیل پاتا ہے جب اس میں موجود ہر فرد کو عزت، اعتماد اور اظہارِ رائے کا حق دیا جائے۔ اسلام نے عورت کے سفر کے حوالے سے بھی اس کی حفاظت اور عزت کو مدنظر رکھا ہے۔ اس کا مقصد عورت کو محدود کرنا نہیں بلکہ اس کے تحفظ اور احترام کو یقینی بنانا ہے تا کہ وہ معاشرے میں باعزت اور محفوظ زندگی گزار سکے۔ بدقسمتی سے ہمارے معاشرے میں بعض لوگ مذہب کے نام پر عورت کے حقوق کو محدود کر دیتے ہیں جبکہ حقیقت میں اسلام نے عورت کو وہ مقام اور احترام دیا ہے جو اس سے پہلے کسی معاشرے میں نہیں تھا۔ اسلامی تاریخ اس بات کی گواہ ہے کہ عورت کو عزت، وراثت، تعلیم اور رائے کا حق دیا گیا۔ اگر ہم ابتدائی اسلامی

جڑواں شہروں کی خبریں

ماہ صیام اپنی خواہشات و نفس پر قابو پانے کی تربیت کرتا ھے

رمضان المبارک ذاتی محاسبہ کرنے کا مہینہ ہے، سید وقار حیدر

اپنی ذات کے حوالے سے نظر ثانی اور اصلاح کا بھرپور موقع ملتا ہے ہر مسلمان کو عزم کرنا ہوگا کہ ہم نے پہلے اپنی اصلاح کرتی ہے

ہم نے مل جل کر معاشرے کی اصلاح کیلئے کردار ادا کرنا ہے اور اپنے پیارے وطن پاکستان کو بحرانوں سے نکال کر ترقی کی راہ پر گامزن کرنا ہے

جہلم (بیورو رپورٹ) جلالپور شریف کی معروف سیاسی و سماجی شخصیت سید وقار حیدر رہنما نے کہا ہے کہ رمضان المبارک ذاتی محاسبہ کرنے کا مہینہ ہے جس میں اپنی ذات کے حوالے سے نظر ثانی اور اصلاح کا بھرپور موقع ملتا ہے ہر مسلمان کو عزم کرنا ہوگا کہ ہم نے پہلے اپنی اصلاح کرتی ہے اور پھر ہم نے مل جل کر معاشرے کی اصلاح کیلئے کردار ادا کرنا ہے اور اپنے پیارے وطن پاکستان کو بحرانوں سے نکال کر ترقی کی راہ پر گامزن کرنا ہے ماہ صیام اپنی خواہشات و نفس پر قابو پانے کی تربیت کرتا ہے جس کے ذریعے مومنین میں یہ صلاحیت پیدا ہو جاتی ہے کہ وہ صبر اور نظم وضبط کے ساتھ زندگیاں گزار سکیں ، سابق چیرمین یونین کونسل جلالپور شریف سید وقار حیدر نے کہا کہ ماہ رمضان تجارت نہیں عبادت کا مہینہ ہے جس میں دنیا دار مال جبکہ دیندار اعمال بتاتے ہے ہمیں چاہیے اپنا مال مستحقین پر صرف کر کے نیک اعمال میں تبدیل کر سکتے ہیں ماہ صیام میں مستحقین کو زکو اور عطیات کی فراہمی میں ہرگز دیر نہیں کی جانی چاہیے قرب الٰہی کیلئے آپ کے آس پاس جو کمزور، غریب، نادار سفید پوش افراد موجود ہیں ان کی اشک شوئی کریں اور ان کے زخموں پر مرہم رکھیں جو سہیل زندگی کے خواہاں ہیں وہ دوسروں کیلئے آسانیاں پیدا کرتے رہیں، تجوریاں نہیں بھو کے انسانوں کا پیٹ بھرنا دونوں جہانوں میں کامیابی کا راز ہے روزہ دار اپنی روزی میں کثرت کے ساتھ ساتھ برکت کیلئے دعاں کا اہتمام کریں، ہمیں چاہیے کہ ہم اپنے اردگرد نظر رکھیں اور اگر کوئی ضرورت مند ہو تو فوری طور پر اس کی مدد کریں اس طرح ہمارا معاشرہ ترقی پائے گا اس سے نہ صرف آپ کے حلال رزق میں برکت ہوگی بلکہ غریبوں کے دلوں سے نکلنے والی دعائیں بھی سمیٹی جاسکیں گی،



جلالپور شریف کی معروف سیاسی وسماجی شخصیت سید وقار حیدر رہنما میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

رمضان میں خدمتِ خلق پر زور، علامہ نسیم عباسی کا خطاب

صاحب حیثیت افراد سے غریب ویتیم کی دل کھول کر مدد کرنے کی اپیل

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) مرکز اہلِ سنت جامع مسجد محمدی حنفی کریا میں منعقدہ نشست سے خطاب کرتے ہوئے علامہ قاری نسیم عباسی قادری کا کہنا تھا کہ رمضان المبارک رحمتوں، برکتوں اور مغفرت کا عظیم مہینہ ہے۔ اس مقدس مہینے میں ہمیں عبادات کے ساتھ ساتھ خدمتِ خلق کو بھی اپنی زندگی کا حصہ بنانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ معاشرے کے صاحبِ حیثیت افراد پر ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ غریب، بے سہارا، یتیم اور مستحق خاندانوں کی دل کھول کر مدد کریں۔ زکوٰۃ، صدقات اور عطیات کی بروقت ادائیگی نہ صرف ایک دینی فریضہ ہے بلکہ سماجی استحکام کا ذریعہ بھی ہے۔ علامہ قاری نسیم عباسی قادری نے مزید کہا کہ رمضان المبارک ہمیں صبر، تقویٰ، اخوت اور ہمدردی کا درس دیتا ہے۔ اگر ہم اپنے اردگرد موجود ضرورت مند افراد کا خیال رکھیں تو یقیناً معاشرے میں محبت اور بھائی چارے کو فروغ ملے گا۔ آخر میں انہوں نے اہلِ خیر حضرات سے اپیل کی کہ وہ آگے بڑھ کر مستحقین کی کفالت کریں اور اس بابرکت مہینے میں زیادہ سے زیادہ نیکیاں سمیٹیں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں عمل کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

تقریب میں ٹیکسٹائل اور ری سائیکلنگ انڈسٹری سے تعلق رکھنے والے کئی وفود نے شرکت کی

یونیورسٹی آف کمالیہ پاکستان کے ری سائیکلنگ ڈھانچے کی مضبوطی کے مکالمہ

میں وائس چانسلر یونیورسٹی آف کمالیہ سمیت صنعت وتعلیم سے وابستہ سو سے زائد مندوبین کی شرکت

لاہور (بیورو رپورٹ) وطن عزیز میں ری سائیکلنگ ڈھانچے کی مضبوطی کے حوالے سے بعنوان ری سائیکلنگ اِن ٹیکسٹائلز: پاکستان کے لیے آگے کا راستہ ایک خصوصی مکالمہ یونیورسٹی آف کمالیہ کے اشتراک سے ستیانہ انڈسٹریل ایسوسی ایشن میں منعقد ہوا، نیشنل ٹیکسٹائل یونیورسٹی کے تحت منعقد ہونے والے اس مکالمے میں یونیورسٹی آف کمالیہ نے پالیسی رہنمائی، تحقیقی ویژن اور عملی تجاویز کے ذریعے قائدانہ کردار ادا کیا۔ صنعت وتعلیم سے وابستہ سو سے زائد مندوبین پر مشتمل اس مکالمے کا مقصد ٹیکسٹائل سرکولیریٹی کو مضبوط بنانا اور مقامی صنعتی طریقہ کار کو ابھرتے ہوئے عالمی معیارات سے ہم آہنگ کرنا تھا۔ تقریب میں ٹیکسٹائل اور ری سائیکلنگ انڈسٹری سے تعلق رکھنے والے کئی وفود نے شرکت کی۔ مقررین کے مطابق صرف ستیانہ میں 106 سے زائد ری سائیکلنگ یونٹس موجود ہیں جو اس شعبے کی وسعت اور تجارتی اہمیت کو ظاہر کرتے ہیں۔ مکالمے کے دوران گفتگو کرتے ہوئے وائس چانسلر یونیورسٹی آف کمالیہ پروفیسر ڈاکٹر یاسر نواب نے کہا کہ ری سائیکلنگ انڈسٹری کی ترقی کے لئے ہمیں تین بنیادی نکات پر توجہ مرکوز کرنے کی ضرورت ہے، جس میں پہلے نمبر پر ٹیکسٹائل ری سائیکلنگ کو تشکیل دینے والے عالمی ریگولیٹری اور مارکیٹ سگنلز کی وضاحت، دوسرا مقامی سطح پر موجودہ طریقہ کار کے حجم اور تجارتی قدر کا جائزہ اور آخری ڈیٹا، اسٹینڈرڈز اور کمپلائنس ریڈینس کے حوالے سے ترجیحی خلا کی نشاندہی کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جامعہ کمالیہ انڈسٹری کے ساتھ مل کر تحقیق، ٹیکنیکل سپورٹ اور اسکل ڈویلپمنٹ پروگرامز کے ذریعے اس شعبے کو عالمی تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے میں اپنا فعال کردار جاری رکھے گی۔ شرکا نے اس امر پر اتفاق کیا کہ پاکستان کے ری سائیکلنگ ایکوسسٹم کی بین الاقوامی سطح پر معتبر نمائندگی کے لیے آپریشنز کی ڈیجیٹائزیشن اور کلسٹر لیول پر قابلِ اعتماد ڈیٹا کی فراہمی ناگزیر ہے، بصورتِ دیگر ویلیو چین عالمی خریداروں کی پہنچ سے دور رہ سکتی ہے۔

یونیورسٹی آف کمالیہ پاکستان کے ری سائیکلنگ ڈھانچے کی مضبوطی کا مکالمہ، مقررین اظہار خیال کر رہے ہیں



سٹی صدر روڈ پر واقع چار منزلہ پلازہ کے بیسمنٹ گودام میں اچانک آگ بھڑک اٹھی

رمضان سستے بازاروں کا یہ عالم ہے کہ وہاں کے دوکانداروں کو اشیائے خوردونوش فروٹ سمیت کوئی چیز سستے داموں فراہم نہیں کی جارہی

جہلم نگہبان رمضان پیکیج کی اصلی اور اندرونی کہانی کھل کر سامنے آ گئی

حکومت پنجاب نے 40ارب سرکاری خزانے سے جھونک کر پیکج کا دکھاوا مختلف بیساکھیوں پر کھڑا کر دیا

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم نگہبان رمضان پیکیج کی اصلی اور اندرونی کہانی کھل کر سامنے آ گئی حکومت پنجاب نے 40ارب سرکاری خزانے سے جھونک کر پیکج کا دکھاوا مختلف بیساکھیوں پر کھڑا کر دیا ہے، رمضان سستے بازاروں کا یہ عالم ہے کہ وہاں کے دوکانداروں کو اشیائے خوردونوش فروٹ سمیت کوئی چیز سستے داموں فراہم نہیں کی جاری بلکہ ذخیرہ اندوزوں اور آڑھتیوں کو احکامات جاری کیے جاتے ہیں کہ وہ رمضان بازاروں کے دوکانداروں کو ریلیف فراہم کریں، دو نمبر شیا اور ریلیف پر فراہم کر کے ذخیرہ اندوز اس لحاظ سے بھی فائدہ اٹھاتے ہیں، گوشت کے مقرر کیے گئے نرخوں پر اس لیے عمل درآمد نہیں ہو رہا کہ مارکیٹ میں بیٹھے قصابوں کو پابند بنایا گیا ہے کہ وہ باری باری ایک دن گوشت رمضان بازار میں لگائیں اور مقررہ نرخوں پر فراہم کریں، قصاب رمضان بازار میں مادہ اور لاغر بکریوں کا گوشت فراہم کر کے اپنی اپنی حاضری لگوا رہے ہیں اور اس کے بدلے مارکیٹ میں من مانے ریٹ وصول کرنے کی انہیں کھلی چھٹی ملی ہوئی ہے، اسی طرح پھل اور سبزیاں رمضان بازاروں کو معیاری فراہم نہیں کیے جاتے اس کے باوجود انتظامیہ کو سستی سبزیاں اور پھل فراہم کرنے کا بچہ دیکر اس کے عوض مارکیٹ میں پھلوں کے من مانے نرخ وصول کیے جارہے ہیں، ریٹ لسٹ آویزاں کرنے کے باوجود پھل، سبزیاں اور اشیا ضروریہ مہنگی فروخت کرنے پر انتظامیہ نے مکمل خاموشی اختیار کر رکھی ہے، رمضان دسترخوانوں پر حکومت کا ایک روپیہ خرچ نہیں ہوتا بلکہ ضلعی انتظامیہ مخیر حضرات کو گھیر گھار کر دسترخوان سجانے کا پابند بناتی ہے، پراس کنٹرول مجسٹریٹوں کو جرمانے کرنے کے ٹارگٹ ملے ہوئے ہیں انہوں نے ٹارگٹ پورے کرنے کیلئے بیگناہ چھوٹے دکانداروں کو ریڈار پر کے رکھا ہوتا اسطرح چھوٹے دوکانداروں کو ضرب لگائی جاتی ہے، شہریوں نے وزیراعلیٰ پنجاب سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے،

جہلم رمضان المبارک کے دوسرے عشرے میں بھی شہر سمیت ضلع بھر میں مہنگائی کا جن قابو میں نہ آسکا

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم رمضان المبارک کے دوسرے عشرے میں بھی شہر سمیت ضلع بھر میں مہنگائی کا جن قابو میں نہ آ سکا۔ پراس کنٹرول مجسٹریٹس عملی طور پر غیر فعال دکھائی دیتے ہیں جبکہ درجنوں پراس کنٹرول مجسٹریٹس فیلڈ میں نظر آنے کے بجائے اپنے دفاتر تک محدود ہو کر رہ گئے ہیں۔ جس کے باعث گراں فروش کھل کر من مانیاں کر رہے ہیں اور بازاروں میں سرکاری نرخ نامے محض کاغذی کاروائیاں بن کر رہ گئے ہیں۔ حکومت پنجاب کی جانب سے رمضان المبارک میں خصوصی ہدایات۔ جاری کی گئی تھیں کہ پراس مجسٹریٹس مکمل طور پر فیلڈ میں موجود رہیں گے اور پیراٹروپس دیگر امور ترک کر کے صرف مہنگائی کنٹرول کرنے کیلئے سرگرم عمل ہوگی۔ اس موقع پر شہریوں کا کہنا ہے کہ نہ تو مجسٹریٹس بازاروں میں نظر آتے ہیں اور نہ ہی پیراٹروپس کی کوئی کاروائیاں دکھائی دیتی ہیں۔ شہر کے مختلف علاقوں بالخصوص مجمی چوک، قبرستان چوک، اہلحدیث چوک تحصیل روڈ سبزی وفروٹ منڈی بلال ٹاؤن چونترہ کھرالہ، روہتاس روڈ، کالا گجراں میں جنگل کا قانون نافذ ہے دکانداروں نے سبزیوں اور پھلوں کی ازخود قیمتیں مقرر کر کے وصولیاں شروع کر رکھی ہیں۔

سٹی صدر روڈ پر واقع چار منزلہ پلازہ کے بیسمنٹ گودام میں اچانک آگ بھڑک اٹھی

جس کے نتیجے میں ریسکیو 1122 کے فائر فائٹرز آگ بجھانے میں مصروف ہیں

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) سٹی صدر روڈ پر واقع چار منزلہ پلازہ کے بیسمنٹ گودام میں اچانک آگ بھڑک اٹھی، جس کے نتیجے میں ریسکیو 1122 کے فائر فائٹرز آگ بجھانے میں مصروف ہیں۔ ریسکیو حکام کے مطابق پلازے کی بیسمنٹ میں مناسب داخلے کے راستے اور وینٹیلیشن کے انتظام نہ ہونے کی وجہ سے آگ بجھانے میں شدید مشکلات پیش آئیں۔ ریسکیو 1122 کے مطابق 13 ایمرجنسی گاڑیوں اور 50 سے زائد اہلکار فوم ملا پانی استعمال کرتے ہوئے آگ کو مزید پھیلنے سے روکنے میں مصروف ہیں۔ بیسمنٹ میں موجود جلنے والا سامان بڑی مقدار میں ہے اور اسے گودام کے طور پر استعمال کیا جا رہا تھا، جس کی وجہ سے ریسکیو ٹیم کی محنت دگنی ہوگئی۔ ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر انجینئر صبغت اللہ موقعہ پر موجود ہیں اور مسلسل آپریشن کی نگرانی کر رہے ہیں۔ آگ کے دوران واسا راولپنڈی کو پانی کی سپلائی کے لیے طلب کیا گیا تاکہ فائر فائٹرز کے کام میں سہولت ہو۔ ریسکیو حکام نے کہا کہ آگ پر قابو پانے کے بعد پلازے میں ممکنہ نقصان کا تفصیلی جائزہ لیا جائے گا، اور عوام کو احتیاط کی ہدایات جاری کی گئی ہیں۔

اجلاس میں مارگلہ ہلز پر آگ کے واقعات کی صورت میں کئے گئے انتظامات اور تیاریوں کا جائزہ لیا گیا

چیئرمین سی ڈی اے) وچیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا کی زیرصدارت اجلاس

فائر سیزن سے قبل مارگلہ ہلز پر آگ لگنے کے واقعات کی روک تھام کے حوالے سے سی ڈی اے ہیڈکوارٹرز میں اجلاس منعقد ہو

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) چیئرمین کیپیٹل ڈیولپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) وچیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا کی زیرصدارت جمعرات کے روز فائر سیزن سے قبل مارگلہ ہلز پر آگ لگنے کے واقعات کی روک تھام کے حوالے سے سی ڈی اے ہیڈکوارٹرز میں اجلاس منعقد ہوا۔ جسمیں سی ڈی اے کے ممبر ایڈمنسٹریشن طلعت محمود، ماہر ماحولیات رضوان محبوب، اسلام آباد وائلڈ لائف مینجمنٹ بورڈ، وزارت موسمیاتی تبدیلی اور انوائرمنٹ ونگ کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں مارگلہ ہلز پر آگ کے واقعات کی صورت میں کئے گئے انتظامات اور تیاریوں کا جائزہ لیا گیا۔ چیئرمین سی ڈی اے وچیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا نے کہا کہ اجلاس کا مقصد فائر سیزن سے قبل ایس او پیز اور پروٹوکولز کے مطابق تیاریوں کا جائزہ لینا ہے۔ اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ فائر سیزن سے قبل عارضی طور پر عملے کی بھرتی کا عمل جلد ہی مکمل کرلیا جائیگا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ موجودہ فائر لائینز کو صاف کرنے کیساتھ ساتھ نگرانی کے عمل کو مزید بہتر کیا جائیگا۔ بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ مؤثر رابطے کو یقینی بنانے کیساتھ ساتھ متعلقہ عملے کی ذمہ داریوں کو باقاعدہ طور پر تفویض کیا جائیگا اور نگرانی کے عمل کو مزید بہتر کرنے کیلئے پکٹس کی تعداد کو بڑھایا جائیگا۔ اجلاس کو مزید بتایا گیا کہ تمام سٹیٹی آلات بشمول فائر بالز، فائر ایکسٹینگوئیشر اور دیگر موجود ہیں۔ چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رندھاوا نے کہا کہ اسلام آباد وائلڈ لائف مینجمنٹ بورڈ کا عملہ، سی ڈی اے وضلعی انتظامیہ ملکر ون یونٹ کے طور پر کام کریں۔ اور اس ضمن میں تمام متعلقہ عملے کی جاب ڈسکرپشن بنائی جائے۔ چیئرمین سی ڈی اے نے کہا کہ ان تمام مقاصد کا مقصد مارگلہ ہلز کی خوبصورتی اور اسکی سرسبز وشاداب کو یقینی بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایمرجنسی ایجنڈ ڈیزاسٹر مینجمنٹ سٹاف کی بھی استعداد کار کو بڑھانے کیلئے ضروری ٹریننگ دی جائے تاکہ بوقت ضرورت انکی خدمات بھی حاصل کی جاسکیں۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد سے ملحقہ دیگر اضلاع کی انتظامیہ کیساتھ مؤثر رابطے کو یقینی بنا کر آگ پھیلنے کے واقعات کو روکنے کی حکمت عملی ترتیب دی جائے۔ اجلاس میں شہر میں جاری شجرکاری مہم کا بھی جائزہ لیا گیا۔ بریفنگ دیتے ہوئے اجلاس کو بتایا گیا کہ رواں شجرکاری مہم کے دوران چھ فٹ سے بڑے درخت لگائے جارہے ہیں۔ بڑے درخت لگانے کا مقصد انکی نشوونما کو یقینی بنانا ہے۔ اجلاس کو مزید بتایا گیا کہ رواں شجرکاری مہم میں سکول کالج اور یونیورسٹیوں کے طلبا سمیت سول سوسائٹی اور کارپوریٹ سیکٹر کو بھی شامل کیا گیا ہے۔ واضح رہے ان تمام اقدامات کا مقصد وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کے ماحول کو تحفظ اور شہر کو مزید سرسبز وشاداب بنانا ہے۔

چیئرمین سی ڈی اے وچیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا کی زیرصدارت اجلاس

محکمہ خوراک پنجاب راولپنڈی کی جانب سے آٹے کی وافر فراہمی جاری

عوام کو آٹے کی بلاتعطل اور وافر فراہمی یقینی بنائی جارہی ہے۔ ضلع راولپنڈی

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) حکومتِ پنجاب کی ہدایات پر عملدرآمد کرتے ہوئے راولپنڈی ڈویژن میں عوام کو سبسڈائزڈ آٹے کی وافر اور تسلسل کے ساتھ فراہمی جاری ہے۔ 13 جنوری 2026 کو راولپنڈی ڈویژن بھر میں مجموعی طور 41,359 تھیلے (10 کلوگرام) اور 36,582 تھیلے (20 کلوگرام) آٹے کے عوام کو فراہم کیے گئے۔ اعداد وشمار کے مطابق گزشتہ ایک ہفتے کے دوران راولپنڈی ڈویژن میں مجموعی طور 1,97,719 تھیلے (10 کلوگرام) 1,51,785 تھیلے (20 کلوگرام) فراہم کیے گئے، جو اس امر کا واضح ثبوت ہے کہ عوام کو آٹے کی بلاتعطل اور وافر فراہمی یقینی بنائی جارہی ہے۔ ضلع راولپنڈی اس حوالے سے سب سے نمایاں رہا، جہاں آج کے روز 27,189 تھیلے (10 کلوگرام) اور 30,732 تھیلے (20 کلوگرام) آٹے کے عوام میں تقسیم کیے گئے۔ عوامی سہولت کو مدنظر رکھتے ہوئے راولپنڈی ڈویژن میں مجموعی طور پر 692 فکسڈ پراس شاپس، 52 ٹرکنگ پوائنٹس اور 7 سپائی ڈپو قائم کیے گئے ہیں، جہاں حکومت کے مقررکردہ نرخوں پر آٹا دستیاب ہے 10 کلوگرام آٹے کا تھیلا 905 روپے 20 کلوگرام آٹے کا تھیلا 1810 روپے۔ واضح رہے کہ گزشتہ ہفتے کی سپلائی کے مقابلے میں راولپنڈی ڈویژن میں مارکیٹ میں آٹے کی فراہمی میں 10 کلوگرام کے تھیلوں میں 146 فیصد اور 20 کلوگرام کے تھیلوں میں 169 فیصد اضافہ کیا گیا ہے، جبکہ ٹرکنگ پوائنٹس کی تعداد 10 سے بڑھا کر 42 کردی گئی ہے۔ محکمہ خوراک پنجاب، راولپنڈی ڈویژن نے تمام فلور ملز کو سختی سے ہدایت کی ہے کہ وہ مقررہ وزن اور سرکاری نرخوں پر مکمل عملدرآمد کو یقینی بنائیں اور فائن آٹے کی ممنوعہ پیکنگ سے اجتناب کریں۔ ہدایات کی خلاف ورزی کی صورت میں متعلقہ فلور ملز کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

اوورسیز کانفرنس کی کامیابی فیلڈ مارشل کی جاندار پالیسیوں کا مظہر ہے، سردار عتیق احمد خان

مظفرآباد (صباح نیوز) آل جموں وکشمیر مسلم کانفرنس کے صدر وسابق وزیراعظم آزاد کشمیر سردار عتیق احمد خان نے اوورسیز کانفرنس کی کامیابی کا کریڈٹ صدر پاکسان آصف علی زرداری، وزیراعظم پاکستان میاں شہباز شریف، قائمقام صدر چوہدری لطیف اکبر، وزیراعظم راجہ فیصل ممتاز راٹھور اور بالخصوص فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو دیتے ہوئے کہا کہ اوورسیز کانفرنس کے انعقاد ایک انتہائی مثبت قدم ہے میڈیا سے بات چیت میں انہوں نے کہا کہ اوورسیز پاکستانیوں اور کشمیریوں کے رضاکارانہ سفیر ہیں، ان کی پارلیمنٹ سمیت ہر فورم پر آواز پہنچتی ہے اور اپنے اثر ورسوخ سے یہ دنیا کی توجہ حاصل کئے ہوئے ہیں، اڑوس پڑوس کے ممالک اوورسیز کے ذریعے زرمبادلہ ملکوں میں لے کر جارہے ہیں اور ممالک کی تعمیر وترقی میں کردار ادا کررہے ہیں، اوورسیز کانفرنس کے بعد آزاد کشمیر میں بڑا گیپ موجود ہے کہ ان کی مدد سے ہم ہنڈی کرافٹ، منرلز، سیاحت سمیت بہت سے شعبوں میں ترقی کرسکتا ہے، کشمیر چادر جس کی دنیا میں کوئی کاپی نہیں کرسکا جاپان اور کوریا بھی کشمیری شال کو کاپی کرنے میں ناکام رہے ہیں

راولاکوٹ: وفاقی وزیر انجینئر امیر مقام نے جامعہ پونچھ کے طلبہ میں 446 لیپ ٹاپ تقسیم کردیے

راولاکوٹ (صباح نیوز) وفاقی وزیر برائے امور کشمیر، گلگت بلتستان وسفیر ان اور صدر پاکستان مسلم لیگ (ن) خیبر پختونخوا انجینئر امیر مقام نے کہا ہے کہ حکومت پاکستان مقبوضہ کشمیر کی آزادی کے لیے اپنے دوٹوک مؤقف پر قائم ہے اور کشمیریوں کی ہر محاذ پر حمایت جاری رکھے ہوئے ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر خون کے آخری قطرے تک بھی لڑنا پڑا تو لڑیں گے اور معرکہ؟ حق کے بعد دنیا مسئلہ کشمیر کی اہمیت کو دوبارہ تسلیم کررہی ہے۔ کشمیریوں پر فخر ہے وہ کشمیر اور پاکستان کے محافظ ہیں یہ شہیدوں اور غازیوں کی سرزمین ہے یہاں کے نوجوانوں دنیا بھر میں پاکستان کی نمائندگی کررہے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے جامعہ پونچھ راولاکوٹ میں وزیراعظم یوتھ لیپ ٹاپ سکیم فیز 4 کے تحت طلبہ میں لیپ ٹاپ تقسیم کرنے کی تقریب سے بطور مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے کیا۔ وفاقی وزیر نے طلبہ وطالبات میں 446 لیپ ٹاپ تقسیم کیے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف تعلیم، ٹیکنالوجی اور ڈیجیٹل شمولیت کے ذریعے نوجوانوں کو بااختیار بنانے کے وژن پر عمل پیرا ہیں

سابق صوبائی وزیر صحت پنجاب ڈاکٹر جمال ناصر بطور مہمان خصوصی دی اسپرٹ سکول کی سالانہ امتحانات کی تقریب تقسیم انعامات کی تقریب میں حاجی پرویز خان، راجہ اسرار احمد، راجہ بلال جاوید ایڈووکیٹ کے ہمراہ نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والی طالبہ کو شیلڈ دے رہے ہیں

بچوں کو معیاری تعلیم اور بہترین تربیت فراہم کرنا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ھے

تعلیم ہی وہ ہتھیار ہے جس کے ذریعے قومیں ترقی کی منازل طے کرتی ہیں، ڈاکٹر جمال ناصر

آج کا بچہ کل کا معمارِ وطن ہے، اس لیے اس کی ذہنی و اخلاقی نشوونما پر خصوصی توجہ دینا ناگزیر ہے

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) سابق صوبائی وزیرِ صحت پنجاب ڈاکٹر جمال ناصر نے کہا ہے کہ تعلیم ہی وہ ہتھیار ہے جس کے ذریعے قومیں ترقی کی منازل طے کرتی ہیں۔ بچوں کو معیاری تعلیم اور بہترین تربیت فراہم کرنا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج کا بچہ کل کا معمارِ وطن ہے، اس لیے اس کی ذہنی و اخلاقی نشوونما پر خصوصی توجہ دینا ناگزیر ہے۔ وہ ایک نجی سکول کی سالانہ امتحانات کی تقریب تقسیمِ انعامات سے بطورِ مہمانِ خصوصی خطاب کر رہے تھے۔ تقریب میں سابق ایم این اے حاجی پرویز خان اور سماجی شخصیت راجہ اسرار احمد بھی شریک تھے۔ ڈاکٹر جمال ناصر نے ادارے کی تعلیمی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ بلال ایلیٹ کیمپس تعلیمی میدان میں تیزی سے ترقی کرتے ہوئے اپنا منفرد مقام بنا رہا ہے جو انتظامیہ اور اساتذہ کی محنت کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسے ادارے نہ صرف نصابی تعلیم فراہم کرتے ہیں بلکہ طلبہ کی کردار سازی میں بھی اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ اپنے خطاب کے دوران انہوں نے عظیم فرانسیسی رہنما نپولین بونا پارٹ کے مشہور قول کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ آپ مجھے اچھی مائیں دیں، میں آپ کو بہترین قوم دے دوں گا۔ انہوں نے کہا کہ اس قول میں ماں کی تعلیم وتربیت کی اہمیت کو اجاگر کیا گیا ہے کیونکہ باشعور مائیں ہی ایک مہذب اور کامیاب معاشرے کی بنیاد رکھتی ہیں۔ اگر ہم اپنی نئی نسل کو علم، اخلاق اور شعور سے آراستہ کریں تو پاکستان کا مستقبل روشن ہوسکتا ہے۔ تقریب کے میزبان وڈائریکٹر راجہ بلال جاوید ایڈووکیٹ نے مہمانوں کو خوش آمدید کہتے ہوئے کہا کہ ادارے کا مقصد بچوں کو معیاری تعلیم کے ساتھ ساتھ اعتماد، نظم وضبط اور مثبت سوچ فراہم کرنا ہے۔ تقریب کے اختتام پر مہمانِ خصوصی ڈاکٹر جمال ناصر نے سالانہ امتحانات میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ میں انعامات، اسناد اور خصوصی شیلڈز تقسیم کیں۔ ڈائریکٹر راجہ بلال جاوید ایڈووکیٹ کی جانب سے ڈاکٹر جمال ناصر کو بھی یادگاری شیلڈ پیش کی گئی۔ اس موقع پر شرکاء نے طلبہ کی کامیابیوں پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے ان کے روشن مستقبل کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔

راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کی کمیونیکیشن ٹیم عوامی آگاہی کے فروغ کے لیے بھرپور طریقے سے سرگرم

علاقوں کے مکینوں کو زیرو ویسٹ آپریشن کے تحت صفائی اور ماحولیاتی تحفظ میں شامل ہونے کی دعوت دی

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کی کمیونیکیشن ٹیم شہری اور دیہی علاقوں میں صفائی، ماحولیاتی تحفظ اور عوامی آگاہی کے فروغ کے لیے بھرپور طریقے سے سرگرم ہے۔ یونین کونسل 110، لودھراں میں کمیونیکیشن ٹیم نے مارکیٹ اور ڈور ٹو ڈور مہم کے دوران شہریوں اور دیہی علاقوں کے مکینوں کو زیرو ویسٹ آپریشن کے تحت صفائی اور ماحولیاتی تحفظ میں شامل ہونے کی دعوت دی۔ مہم کے دوران ٹیم نے نہ صرف شہریوں کو سموگ کے خاتمے کے لیے فصلوں کی باقیات اور کوڑا کرکٹ جلانے سے منع کیا بلکہ انہیں قانونی ذمہ داریوں، ممکنہ جرمانوں اور ماحول دوست رویہ اپنانے کی اہمیت سے بھی آگاہ کیا۔ ٹیم نے مکینوں کو کوڑا دان استعمال کرنے، کچرے کو مناسب طریقے سے تلف کرنے اور مقامی سطح پر صفائی کے پروگرام میں شامل ہونے کی ہدایات دیں۔ اس موقع پر معلوماتی پمفلٹس بھی فراہم کیے گئے تاکہ شہری اور دیہی کمیونٹی مہم میں فعال کردار ادا کرسکیں۔ بعدازاں گلگت بلتستان سے تعلق رکھنے والے ایک اعلیٰ سطحی وفد، جس میں ایڈیشنل سیکریٹری فنانس، ڈپٹی سیکریٹری لوکل گورنمنٹ اینڈ رورل ڈویلپمنٹ اور منیجر گلگت بلتستان ویسٹ مینجمنٹ کمپنی شامل تھے، نے آر ڈبلیو ایم سی کے ہیڈ آفس کا دورہ کیا۔ اس دورے کا مقصد پنجاب میں ویسٹ مینجمنٹ کمپنیوں کے موثر ریونیو ذرائع اور جدید ریونیو کلیکشن میکانزم کا جائزہ لینا تھا۔ وفد نے سی ای او آر ڈبلیو ایم سی رانا ساجد صفدر سے ملاقات کی

امریکہ واسرائیل کی ایران پر جارحیت، رہبر معظم کی شہادت پر کل یوم احتجاج منایا جائیگا

صہیون و سامراج سے امن کی توقع عبث، ہولی سادگی سے منانے پر ہندوبرادری سے اظہار تشکر، ترجمان

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) امریکہ و اسرائیل کی ایران پر جارحیت، رہبر معظم کی شہادت پر کل یوم احتجاج منایا جائیگا صہیون و سامراج سے امن کی توقع عبث، ہولی سادگی سے منانے پر ہندوبرادری سے اظہار تشکر، ترجمان قائد ملت جعفریہ پاکستان کی جانب سے کہا گیا ہے کہ ایران پر امریکہ و اسرائیل کی جارحیت کیخلاف ، آیت ا۔ الخامنئی ، رہبر انقلاب اسلامی سید علی خامنہ ای سمیت اہم شخصیات کی شہادت اور برادر اسلامی ملک کی عوام کیساتھ اظہار یکجہتی و خطے میں کشیدگی کے خلاف یوم جمعہ 6 مارچ 2026 یوم احتجاج کے طور پر منایا جائے گا، اجتماعات جمعہ میں آئمہ جمعہ وخطبا نہ صرف خطے کی تازہ ترین صورتحال پر عوام الناس کو آگاہ کرینگے بلکہ مذمتی قراردادیں منظور کی جائیں گی اور صدائے احتجاج بھی بلند کی جائے گی ۔ترجمان قائد ملت جعفریہ پاکستان علامہ سید ساجد علی نقوی نے مزید کہا کہ صہیون وسامراج سے امن کی توقع کرنا عبث اور خام خیالی ہے، قائد ملت جعفریہ پاکستان ایک عرصہ قبل کہہ چکے تھے کہ عالمی سامراج کے سامنے دنیا کا امن نہیں بلکہ اپنے قیمتی مفادات ترجیح ہیں اسی وجہ سے تمام بین الاقوامی اداروں، بین الاقوامی چارٹرز کو روندتے ہوئے ظلم کی وہ تاریخ حالیہ دور میں رقم ہوئی جس کی مثال دنیا کی تاریخ میں کم کم ہی ملتی ہے ۔ترج

انٹرنیشنل

روم، جارجیا میں دی یونیورسٹی میں خطاب کرنے پہنچے رہے ہیں

رمضان کے دوران ریاض الجنہ کی زیارت کا نیا شیڈول جاری

مدینہ منورہ (این این آئی) مدینہ منورہ میں رمضان کے دوران ریاض الجنہ کی زیارت کا نیا شیڈول جاری کردیا گیا۔ پہلے 2 عشروں میں مردوں کے لیے ریاض الجنہ کی زیارت کے 2 اوقات مقرر کیے گئے ہیں۔ مردوں کیلئے زیارت کا پہلا وقت صبح 11:20 سے رات 8 بجے تک مقرر کیا گیا ہے جبکہ دوسرا وقت رات 2 سے صبح 5 بجے تک کا ہے۔ اسی طرح خواتین کے لیے وقت رات 11 سے 1:40 اور صبح 6 سے 11 بجے تک مقرر کیا گیا ہے۔ تیسرے عشرے میں ریاض الجنہ کی زیارت کیلئے مردوں کے لیے 3 اوقات مقرر کیے گئے ہیں۔ تیسرے عشرے میں مردوں کے لیے پہلا وقت صبح 11:20 سے رات 8 بجے، دوسرا وقت رات 11 سے 12 بجے تک اور تیسرا وقت صبح 2 سے 5 بجے تک مقرر کیا گیا۔

یروشلم: مرد رمضان کے پہلے جمعہ کے دوران پرانے شہر میں شیروں کے دروازے کے قریب نماز پڑھ رہے ہیں

ٹرمپ کے بیانات سے جنگ کا خطرہ ہے، ایران

حملے میں چند فوجی یا سرکاری مقامات کو نشانہ بنایا جاسکتا ہے، اقوام متحدہ سربراہ کو خط

تہران (این این آئی) ایران نے اقوام متحدہ کے سربراہ کو خط میں واضح کیا ہے کہ امریکا کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے بیانات سے فوجی جارحیت کا حقیقی خطرہ ہے۔ ایران کی جانب سے اقوام متحدہ کے سربراہ کو لکھے گئے خط میں بتایا گیا ہے کہ ایران کشیدگی یا جنگ نہیں چاہتا اور نہ ہی جنگ کا آغاز کرے گا۔ یہ خط ایسے وقت بھیجا گیا ہے جب امریکی میڈیا کے مطابق امریکی صدر ایران کے خلاف محدود فوجی حملے پر غور کر رہے ہیں۔ ایران کا کہنا تھا کہ اس حملے میں چند فوجی یا سرکاری مقامات کو نشانہ بنایا جاسکتا ہے، حملے پر غور کا مقصد ایران کو جوہری معاہدے پر مجبور کرنا ہے اور ایران نے معاہدہ قبول نہ کیا تو حملے کو وسیع جنگ تک بڑھایا جاسکتا ہے۔ حملے میں چند فوجی یا سرکاری مقامات کو نشانہ بنایا جاسکتا ہے، اقوام متحدہ سربراہ کو خط۔ حملے پر غور کا مقصد ایران کو جوہری معاہدے پر مجبور کرنا ہے اور ایران نے معاہدہ قبول نہ کیا

خبردار کیا ہے کہ اگر حملہ ہوا تو بھرپور اور مناسب جواب دیا جائے گا، دشمن کے اڈوں، سہولیات اور اثاثوں کو نشانہ بنایا جائے گا۔ خط ایسے وقت بھیجا گیا ہے جب امریکی میڈیا کے مطابق امریکی صدر ایران کے خلاف محدود فوجی حملے پر غور کر رہے ہیں۔ ایران کا کہنا تھا کہ اس حملے میں چند فوجی یا سرکاری مقامات کو نشانہ بنایا جاسکتا ہے، حملے پر غور کا مقصد ایران کو جوہری معاہدے پر مجبور کرنا ہے اور ایران نے معاہدہ قبول نہ کیا تو حملے کو وسیع جنگ تک بڑھایا جاسکتا ہے۔ حملے میں چند فوجی یا سرکاری مقامات کو نشانہ بنایا جاسکتا ہے، اقوام متحدہ سربراہ کو خط۔ حملے پر غور کا مقصد ایران کو جوہری معاہدے پر مجبور کرنا ہے اور ایران نے معاہدہ قبول نہ کیا

ٹرمپ انتظامیہ غزہ میں فوجی اڈہ بنانے کا منصوبہ بنا رہی ہے، برطانوی اخبار

فوجی اڈہ 5 ہزار فوجیوں پر مشتمل اور 350 ایکڑ سے زیادہ رقبے پر تعمیر ہوگا، رپورٹ

لندن (این این آئی) برطانوی اخبار نے ایک رپورٹ میں دعوی کیا ہے کہ ٹرمپ انتظامیہ غزہ میں فوجی اڈہ بنانے کا منصوبہ بنا رہی ہے۔ اخبار کے مطابق فوجی اڈہ 5 ہزار فوجیوں پر مشتمل اور 350 ایکڑ سے زیادہ رقبے پر تعمیر ہوگا، فوجی اڈہ مستقبل کی انٹیگریٹڈ اسٹیبلائزیشن فورس کے لیے آپریٹنگ بیس ہوگا۔ دستاویزات کے مطابق مرحلہ وار تعمیر ہونے والا یہ اڈہ آخر کار 1,400 میٹر رقبے پر مشتمل ہوگا، جس کے گرد 26 ٹریلر پر نصب بکتر بند واچ ٹاورز، چھوٹے ہتھیاروں کی رینج، بنکرز اور فوجی سامان کے گودام ہوں گے، پورا اڈہ خاردار تاروں سے گھرا ہوگا۔ برطانوی اخبار نے کہا کہ یہ قلعہ نما تنصیب جنوبی غزہ کے ایک بنجر میدان میں بنانے کا منصوبہ ہے جہاں نمکین جھاڑیاں اور سفید جھاڑیاں موجود ہیں اور اسرائیلی بمباری کے ملبے سے زمین بھری ہوئی ہے۔ اخبار نے ایک ذریعے کا حوالہ دیتے ہوئے لکھا کہ چند بین الاقوامی تعمیراتی کمپنیوں کو جو جنگی علاقوں میں کام کا تجربہ رکھتی ہیں، پہلے ہی اس جگہ کا دورہ کروایا جا چکا ہے۔ اس مقام کو مستقبل کی بین الاقوامی اسٹیبلائزیشن فورس (آئی ایس ایف) کے لیے فوجی آپریٹنگ بیس کے طور پر تصور کیا گیا ہے، جو مختلف ممالک کے دستوں پر مشتمل ایک کثیر القومی فورس ہوگی۔ آئی ایس ایف نئی قائم کردہ بورڈ آف پیس کا حصہ ہے جس کا مقصد غزہ کا انتظام سنبھالنا ہے۔ اس بورڈ کے چیئرمین ڈونلڈ ٹرمپ ہیں اور اس کی قیادت میں جزوی طور پر ان کے داماد جیرڈ کشنر بھی شامل ہیں۔ دوسری جانب غزہ کے لیے بین الاقوامی سیکیورٹی فورس کے کمانڈر میجر جنرل جیسپر جیفرز کا کہنا ہے کہ 5 ممالک نے بین الاقوامی سیکیورٹی فورس کے لیے فوجی دستے دینے کا کہا ہے۔ غزہ امن بورڈ سے خطاب میں میجر جنرل جیسپر نے بتایا کہ انڈونیشیا، مراکش، قازقستان، کوسووا اور البانیہ فوجی دستے بھیجیں گے، انڈونیشیا نے آئی ایس ایف کے ڈپٹی کمانڈر کی پوزیشن قبول کرلی ہے، مصر اور اردن پولیس کو تربیت دیں گے۔ امن بورڈ کے نمائندے نکولے نے بتایا کہ نئی عبوری فلسطینی پولیس فورس کے لیے دو ہزار فلسطینیوں نے درخواست دے دی ہے۔ اس سے پہلے صدر ٹرمپ نے اپنے خطاب میں کہا تھا یہ نہیں سوچیں کہ فوجیوں کو لڑائی کے لیے ہی بھیجا جائے گا۔ فوجی اڈہ 5 ہزار فوجیوں پر مشتمل اور 350 ایکڑ سے زیادہ رقبے پر تعمیر ہوگا، رپورٹ کہ 5 ممالک نے بین الاقوامی سیکیورٹی فورس کے لیے فوجی دستے دینے کا کہا ہے۔ غزہ امن بورڈ سے خطاب میں میجر جنرل جیسپر نے بتایا کہ انڈونیشیا، مراکش، قازقستان، کوسووا اور البانیہ فوجی دستے بھیجیں گے، انڈونیشیا نے آئی ایس ایف کے ڈپٹی کمانڈر کی پوزیشن قبول کرلی ہے، مصر اور اردن پولیس کو تربیت دیں گے۔

اپسٹین کو پینٹا گون کی عمارت خریدنے کی پیشکش کا انکشاف

عمارت کی فروخت کیلیے قیمت ایک سو سولہ ملین ڈالر تجویز کی گئی تھی، دستاویز

واشنگٹن (این این آئی) کمسنوں سے جنسی درندگی میں ملوث جیفری اپسٹین کو پیش کش کی گئی تھی کہ وہ امریکی وزارت دفاع کے ادارے پینٹا گون اور ایف بی آئی کی عمارتیں خرید لے۔ اسرائیل کے مبینہ جاسوس سے متعلق امریکی محکمہ انصاف کی جانب سے جاری دستاویز میں یہ سنسنی خیز انکشاف کیا گیا ہے۔ دستاویز کے مطابق عمارت کی فروخت کیلیے قیمت ایک سو سولہ ملین ڈالر تجویز کی گئی تھی، عمارت بیچی جاتی تو جیفری اپسٹین امریکا کی سرکاری عمارت کا مالک بن جاتا۔ ایک ای میل میں ایف بی آئی کے مخبر نے اپسٹین کو موساد کا ایجنٹ قرار دیا تھا۔ اپسٹین سابق اسرائیلی وزیراعظم ایہود براک سے قریبی تعلق میں تھا اور انہی کے زیر نگرانی جاسوسی کی تربیت حاصل کی تھی۔ واضح رہے کہ ایہود براک دو ہزار تیرہ سے سترہ کے دوران تیس مرتبہ اپسٹین کے نیویارک مینشن آئے تھے۔ اسرائیل کے مبینہ جاسوس سے متعلق امریکی محکمہ انصاف کی جانب سے جاری دستاویز میں یہ سنسنی خیز انکشاف کیا گیا ہے۔ دستاویز کے مطابق عمارت کی فروخت کیلیے قیمت ایک سو سولہ ملین ڈالر تجویز کی گئی تھی، عمارت بیچی جاتی تو جیفری اپسٹین امریکا کی سرکاری عمارت کا مالک بن جاتا۔ ایک ای میل میں ایف بی آئی کے مخبر نے اپسٹین کو موساد کا ایجنٹ قرار دیا تھا۔ اپسٹین سابق اسرائیلی وزیراعظم ایہود براک سے قریبی تعلق میں تھا اور انہی کے زیر نگرانی جاسوسی کی تربیت حاصل کی تھی۔ واضح رہے کہ ایہود براک دو ہزار تیرہ سے سترہ کے دوران تیس مرتبہ اپسٹین کے نیویارک مینشن آئے تھے۔ عمارت کی فروخت کیلیے قیمت ایک سو سولہ ملین ڈالر تجویز کی گئی تھی، دستاویز

جنیوا، سوئٹزرلینڈ میں روس اور یوکرین کے درمیان امریکہ کی ثالثی میں ہونے والے امن مذاکرات کے دن روسی وفد انٹرکانٹینینٹل ہوٹل پہنچا

فلسطین برائے فروخت نہیں ہے، وزارت خارجہ

غزہ (این این آئی) فلسطین کی وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ ان کا ملک برائے فروخت نہیں ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر ایک بیان میں فلسطینی وزارت خارجہ نے لکھا کہ فلسطینی لوگ اپنی سرزمین پر موجود ہیں اور نسل پرست آبادکار حملہ آوروں کو ہمارا ملک چھوڑنا ہوگا۔ بیان میں مزید کہا گیا کہ اب وقت آگیا ہے کہ دنیا ایک ایسی بدمعاش ریاست کو مسترد کرے جو بین الاقوامی قانون کی خلاف ورزی کرتی ہے اور روزانہ نسل پرستانہ اقدامات کررہی ہے۔ فلسطینی وزارت خارجہ نے کہا کہ دنیا کو یکجا ہوکر دہشت گرد آبادکاروں کا مقابلہ کرنا ہوگا جو یہ سمجھتے ہیں کہ وہ فلسطین کی حقیقت کو مٹا سکتے ہیں اور اپنے توسیع پسندانہ منصوبے فلسطینی عوام پر مسلط کرسکتے ہیں۔

کیوٹو: مائیکو اور گیکو اپنے رقص اور موسیقی کے آلات کی کارکردگی میں بہتری کے لیے کیتا نوٹینمنگو مزار پر پوز دے رہے ہیں

سپورٹس SPORTS

لوبیرا: (L-R) بیلجیم کے وکٹر کیمپنارٹس اور ٹیم ویزما لیز پر ایک بائیک، بیلجیم کے سلوین موٹیکیٹ اور ٹیم کوفیڈیس اور 72 ویں Vuelta a Andalucia Ruta Del Ciclista Sol 2026 کے دوران مقابلہ کرنے والے peloton کا عمومی منظر

ہاکی ٹیم کے کپتان عماد بٹ پر دو سالہ پابندی ختم

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ہاکی فیڈریشن کے عبوری صدر اور وفاقی سیکرٹری بین الصوبائی رابطہ محی الدین وانی نے قومی ہاکی ٹیم کے کپتان عماد بٹ پر گزشتہ روز عائد کی گئی دو سالہ پابندی فوری طور پر ختم کرنے کا اعلان کردیا۔ محی الدین وانی نے اپنے بیان میں کہا کہ وہ ہاکی کی بحالی اور مضبوطی کے لیے پرامید ہیں اور ادارے کی مینجمنٹ کو نئے سرے سے منظم کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ کھلاڑی مکمل طور پر تربیت اور میچز پر توجہ مرکوز کریں، جبکہ فیڈریشن کی نئی مینجمنٹ انتظامی امور سنبھالے گی۔ انہوں نے کہا کہ فیڈریشن کی نئی قیادت کے لیے جلد انتخابات منعقد کیے جائیں گے تاکہ ایک جمہوری عبوری مرحلے کو یقینی بنایا جاسکے۔ تمام فیصلوں میں شفافیت اور انصاف کو ترجیح دی جائے گی تاکہ قومی کھیل کی دوبارہ عظمت قائم کی جا سکے۔

ایڈیلیڈ: کوپرز اسٹیڈیم میں ایڈیلیڈ یونائیٹڈ اور پرتھ گلوری کے درمیان راؤنڈ 18 اے لیگ مین میچ کے دوران ایڈیلیڈ یونائیٹڈ کے احسن الیچ اور پرتھ گلوری کے کالم ٹمنز اور پرتھ گلوری کے سیم سوٹن۔

محسن گیلانی کی سعودی سفیر سے ملاقات، فٹبال میں تعاون بڑھانے پر تبادلہ خیال

سعودی حکومت کے مسلسل تعاون پر شکر گزار ہیں، صدر پی ایف ایف کی گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان فٹبال فیڈریشن (پی ایف ایف) کے صدر سید محسن گیلانی نے پاکستان میں سعودی عرب کے سفیر نواف بن سعید المالکی سے ملاقات کی جس میں فٹبال کے فروغ اور ترقی کیلئے اسٹریٹجک تعاون پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران دونوں جانب سے فٹبال کے شعبے میں دوطرفہ تعاون کو مضبوط بنانے، انٹیگریٹڈ پروگرامز اور ادارہ جاتی شراکت داری کے فروغ پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ پی ایف ایف کے صدر سید محسن گیلانی نے کھیلوں کے فروغ میں مسلسل تعاون پر سعودی حکومت کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ سعودی عرب ہمیشہ پاکستان کا مخلص دوست رہا ہے اور کھیلوں کے شعبے میں اس کا تعاون قابل قدر ہے۔ انہوں نے کہا پاکستان میں فٹبال کا بے پناہ ٹیلنٹ موجود ہے، ہماری توجہ گراس روٹس ڈھانچے کو مضبوط بنانے، کوچنگ کے معیار کو بہتر بنانے، انفراسٹرکچر کی بہتری اور نوجوان کھلاڑیوں کو بین الاقوامی مواقع فراہم کرنے پر مرکوز ہے۔ پی ایف ایف ملک بھر میں گراس روٹس سے لے کر پروفیشنل سطح تک فٹبال کے فروغ کے لیے جامع منصوبے پر عمل پیرا ہے۔ محسن گیلانی نے مزید کہا، ہم سعودی حکومت کے تعاون کو بے حد قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ دونوں ممالک کے درمیان تربیتی پروگرامز اور دوستانہ میچز فٹبال کو نئی رفتار دیں گے۔ سعودی عرب کے سفیر نواف بن سعید المالکی نے پاکستان میں فٹبال کے فروغ اور ترقی کے لیے سعودی عرب کی مکمل حمایت کا اعادہ کیا۔ کھیل دونوں برادر ممالک کے درمیان تعلقات کو مزید مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

قومی اسمبلی قائمہ کمیٹی کا ہاکی ٹیم کے مسائل پر سخت نوٹس

قومی ٹیم کیساتھ واقعہ بدقسمتی ہے، مہرین رزاق بھٹو..... وزیراعظم سے ملاقات کی جائے، خواجہ اظہار

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے بین الصوبائی رابطہ کی ذیلی کمیٹی نے قومی ہاکی ٹیم کے مسائل پر سخت نوٹس لیتے ہوئے تفصیلی بریفنگ لینے کا اعلان کیا ہے جبکہ مہرین رزاق بھٹو نے کہا ہے کہ قومی ٹیم کیساتھ جو کچھ ہوا وہ بدقسمتی ہے، کمیٹی جائزہ لے گی کہ اس نااہلی کے اصل قصوروار کون ہیں۔ گزشتہ روز پارلیمنٹ ہاؤس میں مہرین رزاق بھٹو کی زیر شب میں ہونیوالے اجلاس میں پاکستان ہاکی فیڈریشن کے عبوری صدر مجی الدین وانی، ڈی جی پاکستان سپورٹس بورڈ سمیت کمیٹی اراکان نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران کمیٹی کے ارکان نے ہاکی کے حالات پر گہری تشویش کا اظہار کیا۔ مہرین رزاق بھٹو نے کہا کہ قومی ہاکی ٹیم کے ساتھ جو کچھ ہوا وہ بدقسمتی ہے، ہمارے دل کرکٹ کی طرح ہاکی کے لیے بھی دھڑکتے ہیں، کمیٹی جائزہ لے گی کہ اس نااہلی کے اصل قصوروار کون ہیں۔ ہم اپنی کھیلوں کو تباہ کرنے پر تلے ہوئے ہیں۔ کمیٹی رکن خواجہ اظہار الحسن نے کہا کہ پاکستان سپورٹس بورڈ اور ہاکی فیڈریشن دونوں ہی ناکام ہوچکے ہیں۔ انہوں نے تجویز دی کہ ہاکی کے معاملات پر وزیراعظم سے ملاقات کی جائے اور کمیٹی میں بھیجی گئی انکوائری رپورٹ پیش کی جائے۔ اجلاس میں پاکستان سپورٹس بورڈ کے منصوبوں پر بھی بریفنگ دیتے ہوئے حکام نے بتایا کہ بائیومیکینیکل لیب منصوبہ 2014 میں شروع ہوا لیکن ابھی تک مکمل نہیں ہوسکا، گلگت میں ہاکی آسٹروٹرف کے منصوبے کی تکمیل پر پندرہ سال لگ گئے اور 35 ملین روپے کا منصوبہ 123 ملین تک پہنچ گیا۔ نارووال سپورٹس سٹی پراجیکٹ 2012 میں شروع ہوا، لیکن 2018 میں بند کردیا گیا۔ 732 ملین کی لاگت چھ ارب تک پہنچ گئی اور منصوبہ ایچ ای سی کو منتقل کردیا گیا۔ حکام نے بتایا کہ اس منصوبے کو عالمی معیار کے مطابق بنانے کی وجہ سے لاگت میں اضافہ ہوا۔ مہرین رزاق بھٹو نے اس پر شدید ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ یہ ایک المیہ ہے کہ اتنا عرصہ گزر جانے کے باوجود منصوبہ مکمل نہیں ہوسکا۔ انہوں نے کہا کہ احسن اقبال کا حلقہ بھی ہے لیکن منصوبہ پھر بھی مکمل نہیں ہوا۔ پی ایس بی کے پاس اتنا پیسہ ہے لیکن منصوبے پھر بھی مکمل نہیں ہوسکے۔ ہم اپنی کھیلوں کو تباہ کرنے پر تلے ہوئے ہیں۔ کمیٹی رکن خواجہ اظہار الحسن نے کہا کہ پاکستان سپورٹس بورڈ اور ہاکی فیڈریشن دونوں ہی ناکام ہوچکے ہیں۔ انہوں نے تجویز دی کہ ہاکی کے معاملات پر وزیراعظم سے ملاقات کی جائے اور کمیٹی میں بھیجی گئی انکوائری رپورٹ پیش کی جائے۔ اجلاس میں پاکستان سپورٹس بورڈ کے منصوبوں پر بھی بریفنگ دیتے ہوئے حکام نے بتایا کہ بائیومیکینیکل لیب منصوبہ 2014 میں شروع ہوا لیکن ابھی تک مکمل نہیں ہوسکا، گلگت میں ہاکی آسٹروٹرف کے منصوبے کی تکمیل پر پندرہ سال لگ گئے اور 35 ملین روپے کا منصوبہ 123 ملین تک پہنچ گیا۔

آسٹریلوی ہیڈ کوچ نے ورلڈ کپ سے باہر ہونے کا ملبہ کھلاڑیوں پر ڈال دیا

ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل کی سیریز کم ہیں مگر ہم اپنی تیاری کریں گے، ہیڈ کوچ اینڈریو میکڈونلڈ کی گفتگو

سڈنی (این این آئی) آسٹریلیا کے ہیڈ کوچ اینڈریو میکڈونلڈ نے ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ سے باہر ہونے اور شکست کا سارا ملبہ کھلاڑیوں پر ڈال دیا۔ آسٹریلیا کرکٹ ٹیم کو ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کے گروپ مرحلے میں زمبابوے اور سری لنکا سے شکست کا سامنا کرنا پڑا تھا جبکہ ورلڈ کپ سے قبل آسٹریلوی کرکٹ ٹیم کو پاکستان کے خلاف سیریز میں بھی کلین سویپ کا سامنا کرنا پڑا تھا۔ آسٹریلیا کے ہیڈ کوچ اینڈریو میکڈونلڈ نے کہا کہ سنا ہے کہ کچھ لوگ یہ کہتے ہیں کہ ہم ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کو اہمیت نہیں دیتے، ہم پچھلے کچھ عرصے سے بھرپور تیاری کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے 2021ء میں ورلڈ کپ جیتا اور اس کے بعد کامیاب نہ ہوسکے، آسٹریلوی کرکٹ ٹیم سے توقعات بہت زیادہ ہوتی ہیں جو کہ درست ہے۔ آسٹریلوی ہیڈ کوچ نے کہا کہ پرفارمنس کا تعلق اس سے نہیں ہونا چاہیے کہ کچھ کھلاڑی ہماری ٹیم میں شامل نہیں تھے، ہمیں پرفارمنس کو دیکھنا چاہیے جس نے ہمیں مایوس کیا، ہمیں ان پرفارمنسز کو قبول کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ زمبابوے کے خلاف میچ میں ہمیں مزید رنز کرنے چاہیے تھے، تینوں شعبوں میں ہمیں بہتری کی ضرورت ہے، بہت سارے کھلاڑیوں نے ایک ساتھ پرفارم نہیں کیا، ابھی ہر چیز پر انگلی اٹھانے کا وقت نہیں۔ ہیڈ کوچ نے کہا کہ واپس جا کر تمام چیزوں کا جائزہ لیں گے اور اس کے لیے تھوڑا وقت درکار ہوگا، اگلے ورلڈ کپ سے قبل اور بھی ٹورنامنٹس ہیں۔

سڈنی: لیچ ہارٹ اوول میں ویسٹ ٹائیگرز اور پینتھرز کے درمیان این آر ایل پری سیزن میچ کے دوران ویسٹ ٹائیگرز کے جہرام بولاگیند چلا رہے ہیں۔

بھارت کے ٹی 20 ورلڈ کپ سیمی فائنل میں پہنچنے کے امکانات کم ہیں، محمد عامر

اسلام آباد (این این آئی) پاکستانی کرکٹ ٹیم کے سابق فاسٹ بالر محمد عامر نے کہا ہے کہ بھارت کی موجودہ کارکردگی کو دیکھتے ہوئے کہہ سکتا ہوں کہ بھارت کے ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کے سیمی فائنل میں پہنچنے کے امکانات کم ہیں۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے بھارتی بیٹنگ لائن کو ٹورنامنٹ میں آگے بڑھنے کی راہ میں بڑی رکاوٹ قرار دے دیا۔ محمد عامر نے کہا کہ جنوبی افریقا اور ویسٹ انڈیز کی ٹیمیں سپر 8 مرحلے میں کامیاب ہونے کے بعد سیمی فائنل میں اپنی جگہ بنالیں گی۔ اگر آپ پاکستان کے خلاف میچ کے علاوہ بھارت کے دیگر مقابلے دیکھ لیں تو ان کی بیٹنگ لائن بکھر جاتی ہے، بیٹنگ کی اس کمزوری کے باعث بھارتی ٹیم پر سپر 8 مرحلے میں دباؤ مزید بڑھ جائے گا۔

چون بری: جاپان کی یوری یوشیدا سیام کنٹری کلب میں ہونڈا ایل پی جی اے تھائی لینڈ 2026 کے دوسرے راؤنڈ کے دوران 1st ہول پر اپنا تیسرا شاٹ کھیل رہی ہیں۔

بقیہ 1

اور بیویاں ملک کی ترقی میں اہم کردار ادا کررہی ہیں، آج ہم خواتین کی قوت، حوصلے، قیادت اوران کی گراں قدر خدمات کو سراہتے ہیں جو وہ اپنے خاندان، معاشرہ اور ملک کے لیے انجام دے رہی ہیں۔اتوار کو سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے پیغام میں وزیرِ اعظم نے کہا کہ تعلیم، صحت، عوامی خدمات، کاروبار، سائنس، فنون اور کھیل سمیت ہر شعبے میں پاکستانی خواتین کی محنت اورعزم ملک کی ترقی کے لیے باعثِ فخر ہے، ان کی کامیابیاں پوری قوم کے لیے تحریک کا باعث ہیں اور مضبوط وخوشحال پاکستان کے قیام کے عزم کو مزید مستحکم کرتی ہیں، وزیرِ اعظم نے کہا کہ خواتین کو بااختیار بنانا حکومت کے وژن کا مرکزی حصہ ہے، حکومت خواتین کے لیے مواقع میں اضافہ، تعلیم اور معاشی سرگرمیوں میں مساوی رسائی اور ایسا سازگار ماحول فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے جہاں ہر خاتون اپنی مکمل صلاحیتوں کے ساتھ ملک کے مستقبل کی تعمیر میں مؤثر کردار ادا کر سکے۔

بقیہ 2

میں اضافہ مسترد کرتی ہے، پیٹرول کی مد میں موٹر سائیکل والوں کیلئے 22 سو روپے کا اعلان کرتے ہیں، خیبر پختونخوا حکومت اپنے عوام کے ساتھ کھڑی ہے۔اتوار کو سہیل آفریدی نے معاون اطلاعات شفیع جان اور مشیر خزانہ مزمل اسلم کے ساتھ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ حکومت نے خود کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کی آنکھ کا مسئلہ ہے، مرضی کے مطابق ان کے ڈاکٹرز سے علاج ان کا حق ہے، بانی پی ٹی آئی واقعی بیمار ہیں، ان کا علاج ان کی مرضی کے ڈاکٹر سے کروانا ضروری ہے۔سہیل آفریدی نے کہا کہ وفاقی حکومت اپنے اخراجات کم نہیں کررہی، عوام پر پیٹرول بم گرایا ہے، صوبائی حکومت پیٹرول میں اضافہ مسترد کرتی ہے، وفاق کو عوام پر بوجھ ڈالنے کے بجائے اپنی شاہ خرچیاں کم کرنی چاہیے۔انہوں نے کہا کہ وفاقی وزیرخزانہ کو ہم نے اپنے بقایاجات بتائیں، وفاق صوبوں کو اعتماد میں لے، یہ اچھی بات ہے، کورونا میں جب ہم نے پیٹرول مہنگا کیا تو یہ لوگ اس پر سیاست کر رہے تھے، پنجاب میں سیلاب آیا تو ہم نے ان کا ساتھ دیا، ہم نے سیاست نہیں کی، کراچی میں گل پلازا آگ کی لپیٹ میں آیا ہم نے سیاست نہیں کی، نواز شریف کے پلیٹلیٹس گر گئے اس پر ہم نے سیاست نہیں کی، بانی پی ٹی آئی کی صحت کی بات ہے تو یہ اس پر سیاست کر رہے ہیں۔وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بی آر ٹی کے کرایوں میں بھی اضافہ نہیں کررہے، حکومت خود خرچہ اٹھائے گی۔انہوں نے کہا کہ 140 بی آر ٹی بسوں میں 10 پنک بسیں صرف خواتین کے لیے ہوں گی، کرایہ بھی کم ہوگا، کسانوں کو ریلیف دینے کیلئے بھی جلد اعلان کریں گے، 1 لاکھ 30 ہزار گھرانوں کو سولر سسٹم جون سے پہلے لگا کر دیں گے۔انہوں نے کہا کہ وفاق کو تجویز دی کہ خیبر پختونخوا اسمبلی نے ایک روپے اضافہ بھی تنخواہوں میں نہیں کیا، ہم نے نئی گاڑیوں کی خرید وفروخت پر پابندی لگائی ہے، بین الاقوامی دوروں پر بھی پابندی عائد کی ہے، ہمارا ہیلی کریش کرگیا ہے لیکن ہم پھر بھی ہیلی کاپٹر نہیں لے رہے، دوسری طرف یہ لوگ اپنے لیے پرائیویٹ جیٹ خرید رہے ہیں، اپنی شاہ خرچیاں کم نہیں کررہے، عوام پر 55 روپے فی لیٹر پیٹرول کا ایٹم بم گرا رہے ہیں، ہم عوام مخالف پالیسیوں میں کسی کے ساتھ نہیں ہیں۔سہیل آفریدی نے کہا کہ ذخیرہ اندوزی کرنے والوں کے خلاف کارروائی کر رہے ہیں، ڈیش بورڈ بنا رہے ہیں اس سے پتا چلے گا کون ذخیرہ اندوزی کر رہا ہے، جنگ جاری رہی تو پیٹرول کی قلت ہوسکتی ہے۔بنوں میں لڑکی پر تشدد کے واقعے سے متعلق بات کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بنوں میں بچی پر تشدد سے متعلق آئی جی کے پی کو احکامات دیے ہیں، کوئی قانون کی خلاف ورزی کرے گا تو اس کے خلاف کارروائی ہوگی۔سہیل آفریدی نے کہا کہ پشاور میں پانچ ہزار بیڈز کے اسپتال پر کام جاری ہے، کوہاٹ میں بھی ایک ہزار بیڈز کا اسپتال بنایا جائے گا، بانی پی ٹی آئی کے وژن کے مطابق صحت کے شعبے پر خصوصی توجہ ہے۔انہوں نے کہا کہ افسوسناک بات ہے کہ وفاق نے ضم اضلاع کے لیے ایک روپیہ تک نہیں دیا، خیبر پختونخوا حکومت نے اپنی پالیسی کے ذریعے خود کو مستحکم کیا ہے، ہم اپنی عوام کو ریلیف دے سکتے ہیں۔مشیر خزانہ مزمل اسلم نے کہا کہ پاکستان 15 فیصد اپنا پیٹرول پیدا کرتا ہے، ہمارے دور میں پیٹرول فی بیرل 30 ڈالر مہنگا تھا، اور قیمت 150 روپے تھی، ہم نے پیٹرول لیوی کو صفر کیا تھا، اب پیٹرول کی لیوی 105 روپے فی لیٹر ہے، وفاقی حکومت جنوری سے جولائی تک 822 ارب روپے کما چکی ہے، 30 جون تک حکومت 1700 ارب روپے کما لے گی، پاکستان میں 46 فیصد لوگوں کے گھروں میں گیس ہے، 54 فیصد کے گھروں میں نہیں، مٹی کے تیل میں 130 روپے لیٹر اضافہ ہوا ہے، مٹی کا تیل 310 روپے فی لیٹر ہوگیا ہے، رجیم چینج سے ملک میں بے روزگاری اور غربت انتہا کو پہنچ چکی ہے، اگلے ہفتے میں شرح سود میں بھی اضافہ ہوگا، کورونا میں پوری دنیا میں غربت بڑھ گئی تھی، پاکستان میں کم ہوئی تھی۔مزمل اسلم نے کہا کہ پچھلے مہینے پاکستان نے 24 ارب کے ڈالر خریدے، اب بیرون ملک مقیم پاکستانی پیسہ ملک میں نہیں بھیج رہے، ہم نے مونٹائزیشن پالیسی پر کام شروع کردیا ہے، اس بجٹ میں 17 گریڈ یا کسی اور گریڈ سے یہ پالیسی اعلان کریں گے، آئی ایم ایف کے دباؤ میں حکومت پیٹرول سے ٹیکس پورا کر رہی ہے۔پریس کانفرس کے دوران وزیراعظم شہباز شریف، نواز شریف، مریم نواز، خواجہ آصف کی تقاریر کی ویڈیوز بھی چلائی گئیں۔

بقیہ 3

لوگوں نے سیاست کو مقصد سمجھ لیا ہے یہ انکی رخصت کا وقت ہے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے خالد مقبول صدیقی نے کہا کہ ہمیں اپنے اندر اتحاد رکھ کر ہر پڑوسی رشتہ دار کا خیال رکھنا ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کی مشرقی سرحدوں کے ساتھ مغربی سرحدیں بھی حالت جنگ میں ہیں، جن کی مہمان نوازی 40 سال کی وہ یہاں کلاشنکوف اور دہشتگردی لے کر آئے۔ خالد مقبول صدیقی نے کہا کہ جب انہیں حکومت ملی تو وہ دہشت گردوں کے ساتھ مل گئے، ایم کیو ایم نے ہمیشہ ایسے دہشتگردوں کی سرکوبی کی بات کی ہے۔

بقیہ 4

بتایا کہ آپریشن غضب للحق کے دوران افغان طالبان کی 242 چیک پوسٹیں تباہ ہوئیں جبکہ 38 چیک پوسٹوں پر قبضہ کیا گیا۔اسی طرح 213 ٹینک، بکتر بند گاڑیاں اور آرٹلری گنز (توپیں) تباہ کی گئیں۔ افغانستان بھر میں 64 مقامات کو فضائی کارروائی میں موثر طور پر نشانہ بنایا گیا۔

بقیہ 5

مواد شیئر نہ کرنے کی ہدایت کردی۔دبئی میں پاکستانی سفارتخانے اور قونصل خانے نے محتاط رہیں محفوظ رہیں کے عنوان سے آگاہی ویڈیو سوشل میڈیا پر جاری کردی۔ویڈیو پیغام میں متنبہ کیا گیا کہ یو اے ای میں موجود پاکستانی معلومات شیئر کرتے وقت احتیاط کریں اور افواہیں نہ پھیلائیں ورنہ مقامی حکام کی جانب سے بھاری جرمانوں کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے۔خلیجی میڈیا کے مطابق اماراتی حکام نے شہریوں کو افواہوں اور غلط معلومات شیئر کرنے پر ایک کروڑ پاکستانی روپے سے زائد کے جرمانے کی وارننگ دی ہے۔

بقیہ 6

میں نشانہ بنایا اور شدید فائرنگ کے تبادلے کے بعد 5 خوارج کو ہلاک کر دیا گیا۔اسی طرح بنوں اور ڈیرہ اسماعیل خان کے اضلاع میں دو دیگر مقابلوں کے دوران بھارتی پراکسی فتنہ الخوارج سے تعلق رکھنے والے مزید 3 خوارج کو کامیابی سے ہلاک کیا گیا۔اسی دوران خیبر اور جنوبی وزیرستان کے اضلاع میں دو الگ الگ جھڑپوں کے دوران سکیورٹی فورسز نے مزید 5 خوارج کو بھی ہلاک کر دیا۔آئی ایس پی آر کے مطابق بھارتی سرپرستی میں کام کرنے والے خوارج سے اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا، مارے جانے والے دہشت گرد علاقے میں متعدد کارروائیوں میں سرگرم رہے تھے۔خیال رہے کہ سکیورٹی فورسز کی یہ کارروائیاں ایسے وقت میں جاری ہیں جب پاکستان افغانستان کے ساتھ اپنی سرحدوں پر درپیش ابھرتے ہوئے چیلنجز کا مقابلہ کر رہا ہے، پاکستان کی سکیورٹی فورسز ملک کی سرحدوں کے دفاع کے لیے اپنے عزم میں پختہ اور غیر متزلزل ہیں۔آئی ایس پی آر کے مطابق علاقے میں موجود کسی بھی دوسرے بھارتی سرپرستی میں کام کرنے والے خارجی کے خاتمے کے لیے کلیئرنس آپریشن جاری ہیں، سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی جانب سے اندادِ دہشت گردی کی مسلسل مہم پوری رفتار کے ساتھ جاری رہے گی تا کہ ملک سے بیرونی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی کے ناسور کا مکمل خاتمہ کیا جاسکے

بقیہ 7

نے جوانوں سے ملاقات کی اور ان کی حوصلہ افزائی کی۔ڈی آئی جی آپریشنز نے کہا کہ موجودہ ملکی صورتحال کے پیش نظر تمام افسران وجوان مکمل چوکس رہیں۔انہوں نے کہا کہ تمام افسران فیلڈ میں روزہ افطار کر کے جوانوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔فیصل کامران نے پولیس نے کہا کہ جوان شہر کی حفاظت کے لیے ہر وقت تیار ہیں۔فیلڈ میں روزہ رکھنے، فیلڈ میں ہی کھولنے والے جوان لائق تحسین ہیں۔روزہ کے ساتھ ساتھ ڈیوٹی بھی فرض کی طرح ادا کرتے ہیں۔ڈی آئی جی آپریشنز نے کہا کہ سحری و افطاری پر سیکورٹی کے بہترین انتظامات یقینی بنا رہے ہیں۔

بقیہ 8

بحرین دمام کی 27 پروازیں منسوخ کردی گئی ہیں۔لاہور سے 16، اسلام آباد 22، پشاور 10، ملتان 7، فیصل آباد 4 اور سیالکوٹ سے 2 پروازیں منسوخ کی گئی ہیں۔ہفتے کو کراچی لاہور اسلام اباد ملتان پشاور سیالکوٹ فیصل اباد سے مشرق وسطی کی 42 پروازیں اپریٹ کی گئیں۔ملتان سے شارجہ کی پرواز جی 9559 روانہ ہوئی تو دبئی ایئرپورٹ پر دھماکے کے باعث پرواز کو واپس ملتان اتار لیا گیا تاہم صورتحال نارمل ہونے پر پرواز روانہ ہوئی۔

بقیہ 9

سے ٹیلیفونک گفتگو کے دوران کیا، جس میں خطے کی تازہ صورتحال اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔گفتگو کے دوران چیئرمین سینیٹ نے حالیہ ڈرون حملوں کے تناظر میں آذربائیجان کی حکومت اور عوام کے ساتھ پاکستان کی بھرپور یکجہتی کا اظہار کیا۔انہوں نے کہا کہ اس نوعیت کے حملے بین الاقوامی قوانین اور خودمختار ریاستوں کے درمیان تعلقات کے اصولوں کی خلاف ورزی ہیں اور اس طرح کے اقدامات خطے کے امن و استحکام کو نقصان پہنچاتے ہیں۔چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ پاکستان آذربائیجان کو درپیش سکیورٹی خدشات کو بخوبی سمجھتا ہے اور آذربائیجان کی خودمختاری، علاقائی سالمیت اور سلامتی کے لیے اپنی غیر متزلزل حمایت کا اعادہ کرتا ہے۔انہوں نے اس حوالے سے 6 مارچ کو وزیر اعظم پاکستان اور الہام علییف، صدر آذربائیجان کے درمیان ہونے والی ٹیلیفونک گفتگو اور 5 مارچ کو پاکستان کے نائب وزیر اعظم/وزیر خارجہ اور آذربائیجان کے وزیر خارجہ کے درمیان ہونے والے رابطے کا بھی ذکر کیا، جس میں پاکستان نے آذربائیجان کے ساتھ بھرپور یکجہتی اور حمایت کا اظہار کیا تھا۔چیئرمین سینیٹ نے پاکستان اور آذربائیجان کے درمیان قریبی اور دیرینہ تعلقات کا ذکر کرتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان ہر مشکل گھڑی میں آذربائیجان کے ساتھ کھڑا رہے گا۔انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ کشیدگی میں کمی اور خطے میں پائیدار امن واستحکام کے لیے مکالمہ اور سفارت کاری نہایت اہم ہیں اور تمام فریقین کو تحمل اور ذمہ داری کا مظاہرہ کرنا چاہیے۔اس موقع پر چیئرمین سینیٹ نے آذربائیجان کی حکومت کا خصوصی شکریہ ادا کیا جس نے ایران سے پاکستانی شہریوں کے انخلا میں بھرپور تعاون فراہم کیا۔انہوں نے بتایا کہ 113 پاکستانی شہریوں کو آستارا بارڈر کراسنگ کے ذریعے بحفاظت نکالا گیا، جہاں آذربائیجان کے حکام نے آمد پر ویزا جاری کرنے سمیت ان کے آگے سفر کے لیے سہولت فراہم کی۔اس موقع پر اسپیکر آذربائیجان پارلیمنٹ نے موجودہ صورتحال میں پاکستان کی جانب سے بھرپور حمایت اور یکجہتی کے اظہار پر چیئرمین سینیٹ کا شکریہ ادا کیا۔انہوں نے پاکستان کے ساتھ قریبی تعلقات کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے پاکستان کی مسلسل سفارتی اور سیاسی حمایت کو سراہا۔گفتگو کے اختتام پر دونوں رہنماؤں نے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ پاکستان اور آذربائیجان کے درمیان مضبوط شراکت داری خطے اور عالمی سطح پر امن، استحکام اور تعاون کے فروغ میں مثبت کردار ادا کرتی رہے گی۔

بقیہ 10

آج پنجاب کی عورت بااختیار ہے، پنجاب کی بیٹیوں کو صرف 'اعداد وشمار' نہیں رہنے دیا بلکہ انہیں پالیسی ساز، محافظ اور مفکر بنایا ہے۔انہوں نے کہا کہ میری نگرانی میں اب کسی کی جرات نہیں کہ وہ پنجاب کی کسی بیٹی کی طرف میلی آنکھ سے دیکھے، پنجاب کی بیٹیاں میری ''ریڈ لائن'' ہیں ان کے تقدس پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا۔مریم نواز شریف کا کہنا تھا کہ پنجاب کی عورت کو صرف خواب دیکھنا نہیں انہیں حقیقت بنانا سکھایا ہے، پنجاب میں بیوہ خواتین اب تنہا نہیں، میں ان کیلئے 'رحمت کارڈ' لا رہی ہوں، پنجاب کی خواتین کیلئے وائی فائی، لیپ ٹاپ، ای بائیکس اور 'ہونہار سکالرشپ' کو یقینی بنایا ہے۔وزیر اعلیٰ پنجاب نے کہا کہ خواتین کی حفاظت کیلئے 'سی ڈی ڈی' اور ''پینک بٹن'' جیسے فول پروف اقدامات کئے، پنجاب میں پہلا ویمن ورچوئل پولیس سٹیشن قائم کیا جو دن رات خواتین کو تحفظ کیلئے کوشاں ہے۔ان کا کہنا تھا کہ بارڈر ملٹری پولیس میں پہلی بار خواتین کی شمولیت میرے لئے باعث فخر ہے، جن خواتین کے پاس چھت نہیں تھی ان کیلئے ''اپنی چھت، اپنا گھر'' کا وعدہ پورا کر رہی ہوں، خواتین اور ان کے بچے کیلئے پنجاب بھر میں ہیلتھ سیکٹر کو اپ گریڈ کر دیا۔مریم نواز نے کہا کہ خواتین کو 'آسان کاروبار'، روزگار، پیڈ انٹرن شپس اور تربیت سے معاشی طور پر آزاد کیا جارہا ہے، پنک گیمز کے ذریعے میں پنجاب کی بیٹیوں کے ٹیلنٹ کو عالمی سطح پر لے کر جارہے ہیں، پنجاب کی ہر بیٹی کو اس مقام پر دیکھنا چاہتی ہوں جہاں وہ کسی کی محتاج نہ ہو، جب ایک عورت بااختیار ہوتی ہے، تو پوری نسل بااختیار ہوتی ہے

بقیہ 11

بجائے آئل کمپنیز کو فائدہ دیا ہے۔ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ حکومت نے پیٹرول پر فی لیٹر 20 روپے لیوی بڑھا کر آئل کمپنیز کو 35 روپے فی لیٹر اضافی منافع دیا ہے جبکہ اسی طرح ڈیزل پر فی لیٹر 20 روپے لیوی کم کر کے آئل کمپنیز کو 70 روپے فی لیٹر اضافی منافع دیا گیا ہے، مطلب صارفین اور حکومت کی قیمت پر آئل کمپنیز کو بہت زیادہ منافع دیا جارہا ہے۔سابق وزیر خزانہ نے کہا کہ آئل کمپنیز جو پیٹرول اور ڈیزل آج بیچ رہی ہیں وہ 28 فروری سے پہلے کم قیمت لیا گیا تھا اور یکم تا 15 مارچ کو جو قیمتیں پہلے طے ہوئی تھیں ان میں اخراجات اور منافع پہلے ہی شامل تھا اور ابھی قیمتیں بڑھانے اور کمپنیز کو مزید زیادہ منافع دینے کی کوئی ضرورت نہیں تھی۔مفتاح اسماعیل نے مزید کہا کہ یہ دراصل بحران کا فائدہ اٹھا کر آئل کمپنیز کو زیادہ منافع دینے کے مترادف ہے اور یہ ویسا ہی ہے جیسا حکومت نے شوگر ملوں کو چینی برآمد کرنے کی اجازت دی تھی جس سے شوگر مل مالکان کا منافع بڑھا لیکن عوام کو نقصان ہوا۔انہوں نے کہا کہ پیٹرول کی کمی سے بچنے کے لیے حکومت چاہتی تو ایک ہفتے کے لیے لیوی بڑھا دیتی یا یہ بھی کیا جاسکتا تھا کہ حکومت آئل کمپنیز اور پیٹرول پمپوں کی بہتر نگرانی کرتی لیکن حکومت نے دیگر اقدامات کے بجائے آئل کمپنیز کو فائدہ پہنچانے وال

بقیہ 12

سہیل آفریدی نے مزمل اسلم کی بطور صوبائی وزیر خزانہ تعیناتی کی منظوری دے دی۔چیف سیکرٹری خیبر پختونخوا نے اعلامیہ جاری کردیا۔مشیر خزانہ مزمل اسلم کی بطور وزیر خزانہ تعیناتی آرٹیکل 130(9) کے تحت کی گئی۔

بقیہ 13

۔رجب بٹ نے 2024 میں اہلیہ ایمان فاطمہ سے شادی کی جس کی تقریبات سوشل میڈیا پر وائرل رہیں۔یوٹیوبر کو دوسری لڑکی کے ساتھ تعلقات کے الزامات کا سامنا کرنا پڑا اور ایمان کے بھائی نے ویڈیو میں رجب بٹ پر اہلیہ کو اس وقت دھوکہ دینے کا الزام لگایا تھا جب وہ حاملہ تھیں۔اب حالیہ پوڈ کاسٹ میں رجب بٹ نے کہا کہ میری اس شادی سے بس ہوچکی ہے، اب اس رشتے کو بچانے کے لیے مزید کوئی کوشش نہیں کروں گا، میں منافقت کی دوستی اور رشتہ نہیں چلا سکتا۔انہوں نے کہا کہ کیوان میرا بیٹا ہے اور ہمیشہ رہے گا، میرا جو کچھ بھی ہے وہ بیٹے کا ہے مجھے اس سے ملنے سے کوئی نہیں روک سکتا۔یوٹیوبر نے کہا کہ اہلیہ نے مبینہ طور پر میری والدہ پر پرفیوم چوری کا الزام لگایا اور بہت سے میسجز ایسے ہیں جو میں شیئر نہیں کرسکتا، میں 30 سال کے والدین پر ایک سال کی بیوی کا انتخاب نہیں کرسکتا۔

بقیہ 14

کے لیے امید اور حوصلے کا پیغام دیا ہے۔اتوار کو وزارت خارجہ سے جاری بیان کے مطابق عالمی یوم خواتین کے موقع پر اپنے پیغام میں نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے کہا کہ خواتین کی آوازیں، صلاحیتیں اور امنگیں جامع ترقی، مؤثر طرزِ حکمرانی اور پائیدار امن کے لیے نہایت اہم محرک ہیں۔ پاکستان خواتین اور بچیوں کے حقوق اور بااختیار بنانے کے لیے اپنے عزم پر قائم ہے۔انہوں نے کہا کہ ہمارا آئین مساوات اور ہر قسم کے امتیاز کے خلاف تحفظ کی ضمانت دیتا ہے۔خواتین کے خلاف ہر قسم کے امتیاز کے خاتمے کے کنونشن (CEDAW) کے رکن ملک کی حیثیت سے پاکستان ایسی قانون سازی، پالیسی اور ادارہ جاتی اصلاحات کو آگے بڑھا رہا ہے جو خواتین کی شرکت اور قیادت کو مزید مضبوط بنائیں۔پاکستان کو اس بات پر بھی فخر ہے کہ وہ اس سال اسلامی تعاون تنظیم (OIC) کی خواتین سے متعلق 9ویں وزارتی کانفرنس کی میزبانی کر رہا ہے، جو اسلامی دنیا اور اس سے آگے خواتین کے حقوق کے فروغ کے لیے ہمارے عزم کا مظہر ہے۔نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے کہا کہ پاکستان نے صنفی حساس قانون سازی، نگرانی اور احتساب کو فروغ دینے کے لیے ایک جامع فریم ورک تشکیل دیا ہے۔خواتین سیاسی اداروں، انتظامیہ، عدلیہ، سول سروس، مسلح افواج، غیر سرکاری تنظیموں اور سرکاری و نجی کارپوریٹ شعبوں میں قیادت کے کردار تیزی سے سنبھال رہی ہیں۔وہ سفارت کاری اور بین الاقوامی تنظیموں میں بھی پاکستان کی نمایندگی نمایاں انداز میں کر رہی ہیں۔ان کوششوں کو مضبوط قانونی تحفظ، سماجی تحفظ کے پروگراموں، مالی شمولیت کے اقدامات اور خواتین کاروباری افراد کے لیے مختلف منصوبوں کی حمایت حاصل ہے۔انہوں نے کہا کہ ہم خواتین اور بچیوں کے حقوق کے لیے اپنی آواز بلند کرتے رہیں گے، بالخصوص اپنی کشمیری بہنوں کے لیے جو بھارتی غیر قانونی زیرِ قبضہ جموں و کشمیر میں دہائیوں سے جاری قبضے اور انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں کا سامنا کر رہی ہیں۔ہم فلسطین کی ماؤں اور بیٹیوں کے ساتھ بھی یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں، جو قابض قوت کی مسلسل جارحیت کے نتیجے میں ناقابلِ بیان تشدد اور محرومی کا سامنا کر رہی ہیں۔ان خواتین اور بچیوں کی جدوجہد ہمیں یاد دلاتی ہے کہ خواتین کے حقوق کو تنہائی میں محفوظ نہیں بنایا جاسکتا۔

بقیہ 15

نتیجے میں ایک ایشیائی ڈرائیور ہلاک ہو گیا۔دوسری جانب پاسداران انقلاب نے دعویٰ کیا کہ دبئی مرینا میں ایک امریکی فوجی مقام کو کامیابی سے نشانہ بنایا گیا ہے۔

بقیہ 16

یقینی بنانے کے لیے کیا گیا ہے، جس کے باعث سی این جی شعبے کو گیس کی فراہمی معطل رہے گی۔ایس ایس جی سی کے مطابق گھریلو اور کمرشل صارفین کو سحر و افطار کے اوقات میں گیس فراہم کی جارہی ہے تاہم گیس لوڈ مینجمنٹ کے تحت شہر میں صبح 8 بجے سے دوپہر 3 بجے تک گیس کی فراہمی بند رکھی جارہی ہے۔حکام کے مطابق موجودہ طلب و رسد کے فرق کو پورا کرنے کے لیے صنعتی و کمرشل ضروریات پر گھریلو صارفین کو فوقیت دی جا رہی ہے۔

بقیہ 17

مکعب فٹ گیس پیدا کرنے کا ہدف مقرر کیا ہے، جبکہ خام تیل کی پیداوار میں بھی 14 فیصد اضافے کیلئے یومیہ 40 ہزار بیرل پیداوار حاصل کرنے کی کوشش جاری ہے۔ماہرین کے مطابق عالمی توانائی بحران کے ممکنہ اثرات سے نمٹنے کیلئے مقامی وسائل کا استعمال اور قومی آئل کمپنیوں کے ذریعے ان کی ترقی ایک موثر اور اسٹریٹجک اقدام ہے۔اس حوالے سے او جی ڈی سی ایل عالمی بحران کے مقابلے کیلئے مقامی وسائل سے متبادل توانائی ذرائع تلاش کرنے پر بھی کام کر رہی ہے۔ماہر شعبہ توانائی محمد عارف کے مطابق موجودہ معاشی حالات میں قومی آئل کمپنیوں پر بڑھتا ہوا انحصار نہ صرف تیل وگیس کی درآمدات میں کمی لانے میں مددگار ثابت ہوگا بلکہ توانائی کے شعبے کو مزید مستحکم بھی کرے گا۔ان کا کہنا تھا کہ قومی آئل کمپنیوں کی جانب سے مقامی دریافتیں توانائی کے شعبے کیلئے مثبت پیش رفت ہیں ادھر حکومتِ پاکستان اور اسپیشل انویسٹمنٹ فیسلیٹیشن کونسل (ایس آئی ایف سی) بھی توانائی کے شعبے کی ترقی اور مستحکم معیشت کیلئے فعال اقدامات کر رہے ہیں، تا کہ ملک کو توانائی کے معاملے میں زیادہ سے زیادہ خود کفیل بنایا جاسکے۔

بقیہ 18

ملک نے اپنی تجارتی راہداریوں کو موثر پالیسیوں اور حکمت عملی کے ذریعے مستحکم رکھا ہے۔

بقیہ 19

صوبائی وزیر سہیل شوکت بٹ نے بتایا کہ سوشل ویلفیئر و بیت المال کے تحت 242,32 مستحق خواتین باہم معذوری کو ہمت کارڈ کے ذریعے مالی معاونت فراہم کی جارہی ہے جس کے تحت ہر مستحق خاتون کو 500,10 روپے ماہانہ وظیفہ دیا جارہا ہے، جس سے ہزاروں گھرانوں کو سہارا ملا ہے۔انہوں نے کہا کہ دھی رانی پروگرام کے تحت 000,5 مستحق بیٹیوں کی باعزت شادیوں کا اہتمام کیا جارہا ہے اور ہر دلہن کو 2 لاکھ روپے کا پیکج فراہم کیا جارہا ہے۔سہیل شوکت بٹ نے مزید بتایا کہ مشکل حالات کا سامنا کرنے والی 582,10 خواتین کو ہیلپ لائن اور شیلٹر ہومز کے ذریعے فوری مدد فراہم کی جارہی ہے جبکہ ویمن ٹرانزیشن ہوم میں اب تک 217 خواتین کو رہائش اور بحالی کی سہولیات فراہم کی جاچکی ہیں۔انہوں نے کہا کہ صنعت زار مراکز میں 093,38 خواتین کو مختلف ہنر سکھا کر انہیں معاشی طور پر خودمختار بنایا جارہا ہے تا کہ وہ باعزت طریقے سے اپنی زندگی گزار سکیں۔صوبائی وزیر نے کہا کہ حکومت پنجاب خواتین کے حقوق، تحفظ اور بااختیاری کے لیے اپنی کوششیں مزید تیز کرے گی

بقیہ 20

انہوں نے کہا کہ آبنائے ہرمز کی بندش کے باعث چند دنوں میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں آسمان پر ہیں، مشرق وسطیٰ اور ایران کی کشیدہ صورتحال نے عالمی معیشت کو ہلا کر رکھ دیا ہے۔

بقیہ 21

ڈائریکٹر ایف آئی اے اسلام آباد زون شہزاد ندیم بخاری کو خفیہ ذرائع سے اطلاع ملی کہ انسانی اسمگلنگ میں ملوث گروہ کا سرگرم رکن نیو اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ اور راولپنڈی اسلام آباد میں دھندے میں مصروف جو خود کو ایف آئی اے امیگریشن کا سب انسپکٹر بھی ظاہر کرتا ہے اور امیگریشن کلیرینس کے نام پر بھی بھاری رقوم ہتھیاتا ہے جس پر ڈائریکٹر ایف آئی اے اسلام آباد زون نے ایڈیشنل ڈائریکٹر انسداد انسانی اسمگلنگ سیل اسلام آباد ندیم ظفر کی سربراہی میں ٹیم تشکیل دی۔اس دوران مزکورہ ایجنٹ و جعلی سب انسپکٹر کا متاثرہ شخص بھی سامنے آیا جس کی نشاندہی پر ایف آئی اے کی ٹیم نے اسلام آباد ایئرپورٹ پر چھاپہ مارا اور امتیاز نذر کو رنگے ہاتھوں گرفتار کرلیا تین موبائل فون اور ایف آئی اے کا جعلی سروس کارڈ برآمد کرلیا۔ملزم کے قبضے سے تین موبائل فونز برآمد ہوئے جن میں متاثرین اور سہولت کاروں سے متعلق معلومات ملی ملزم کو سیل منتقل کر کے ملزم اور اس کے دیگر ساتھیوں کے خلاف ایف آئی اے ایچ ٹی سی اسلام آباد میں متعلقہ دفعات کے تحت مقدمہ درج کرلیا گیا ترجمان ایف آئی اے کا کہنا تھا کہ تفتیش میں مزید انکشافات کی توقع ہے۔

بقیہ 22

ملک کے دو بڑے شہروں کراچی اور لاہور میں مہنگائی کا گراف بلند ہونے لگا ہے۔لاہور میں ٹماٹر 70 سے 75، پیاز 55 سے 60، ادرک 310 روپے کلو فروخت ہو تی رہی جبکہ آٹا، چینی اور چاول کی قیمتیں فی الوقت مستحکم ہیں، چینی 160، دس کلو آٹا 910، چاول 250 سے 400 روپے کلو فروخت ہوا تاہم مارکیٹ ذرائع نے خبردار کیا ہے کہ آئندہ دنوں میں آٹا، چینی، چاول کی قیمتیں بڑھ سکتی ہیں۔رپورٹ کے مطابق رمضان نگہبان بازاروں میں پیٹرول کی قیمتوں میں اضافے کے باوجود قیمتیں مستحکم ہیں، جہاں پیاز 50، ٹماٹر 63، ادرک 282 روپے کلو فروخت کی جارہی ہے۔کراچی میں پیٹرول کی قیمتیں بڑھنے سے سبزیوں اور پھلوں کی قیمتوں میں بھی اضافہ ہوگیا ہے، آلو 30 روپے کلو، پیاز 40 روپے کلو، پالک کی 20 سے 30 روپے کی گڈی فروخت ہورہی ہے، مٹر 120 روپے کلو، ہری مرچ 150 روپے کلو، ادرک لہسن 400 کلو تک فروخت ہو رہی ہے۔پھلوں میں خربوزہ اور گولا چی 150 روپے کلو، کیلے 350 روپے درجن ہو گئے ہیں، کینو 400 روپے درجن اور اسٹرابیری کی 800 روپے کلو تک فروخت جاری ہے، پھل اور سبزی فروشوں کا کہنا ہے کہ ٹرانسپورٹرز نے کرایے بڑھا دیے ہیں، اس لیے انھیں بھی قیمتیں بڑھانی پڑ رہی ہیں۔

بقیہ 23

شدید مذمت میں کی ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ خواتین، سول سوسائٹی کے ارکان اور کارکنان کے خلاف جو اپنے پُرامن اجتماع کے آئینی حق کا استعمال کر رہے تھے، طاقت، ہراساں کرنے اور ریاستی مشینری کا استعمال انتہائی شرمناک ہے اور کسی بھی جمہوری معاشرے میں مکمل طور پر ناقابلِ قبول ہے۔انہوں نے کہا کہ عورت آزادی مارچ صنفی مساوات، انصاف اور بنیادی انسانی حقوق کی جدوجہد کا ایک قانونی اور جمہوری اظہار ہے اور اے این پی ان اصولوں کے ساتھ مضبوطی سے کھڑی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی دارالحکومت کی انتظامیہ کا نہتے شہریوں کے خلاف، خصوصاً خواتین کے عالمی دن کے موقع پر، ایسے جابرانہ ہتھکنڈوں کا استعمال ہماری جمہوری اقدار پر ایک سیاہ دھبہ ہے۔ریاست اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کا بنیادی فرض اپنے شہریوں کا تحفظ کرنا اور پُرامن مظاہروں میں سہولت فراہم کرنا ہے، نہ کہ ظالم کا کردار ادا کرتے ہوئے مظلوم طبقات کی آواز کو دبانا۔مرکزی ترجمان نے کہا کہ عوامی نیشنل پارٹی نے ہمیشہ خواتین، مظلوموں اور محنت کش طبقے کے حقوق کی آواز بلند کی ہے اور اے این پی عورت آزادی مارچ کے منتظمین اور شرکاء کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتی ہے۔انہوں نے آج کے واقعات کی فوری اور شفاف انکوائری کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ پُرامن مظاہرین پر بلاجواز تشدد کا حکم دینے اور اس پر عمل درآمد کرنے والے ذمہ دار اہلکاروں کا احتساب ہونا چاہیے اور ان کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جانی چاہیے۔انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ بلا تفریق تمام شہریوں کے لیے آزادیِ اظہارِ رائے اور پُرامن اجتماع کے آئینی حقوق کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے۔

بقیہ

پنڈی گھیب گیس لیکج دھماکے کا ایک اور زخمی جان کی بازی ہار گیا

شہداء طالب علموں کی تعداد 6 ہو گئی

پنڈی گھیب (ملک کاشف) پنڈی گھیب گیس لیکج دھماکے کا ایک اور زخمی جان کی بازی ہار گیا۔ شہداء طالب علموں کی تعداد 6 ہو گئی۔۔۔تفصیلات کے مطابق چند روز قبل پنڈی گھیب میں گیس لیکج کے باعث ہونے والے افسوسناک دھماکے میں زخمی ہونے والا آخری نوجوان طالب علم عارب حسین ولد حاجی آصف محمود بھی 6 روز تک موت وحیات کی کشمکش میں مبتلا رہنے کے بعد گزشتہ روز اپنے خالق حقیقی سے جا ملا۔ یاد رہے کہ اس سانحے میں قبل ازیں 5 نوجوان طالب علم شہید ہو چکے ہیں۔ محمد عارب حسین کی وفات کے بعد شہداء کی مجموعی تعداد 6 ہوگئی ہے۔ واقعہ چند روز قبل پنڈی گھیب میں گیس لیکج کے باعث پیش آیا تھا، جس کے نتیجے میں مکان کی چھت گرنے سے 6 نوجوان طالبعلم ملبے تلے دب گئے تھے۔ جن میں عارب حسین بھی شامل تھا۔ محمد عارب حسین گزشتہ 6 دنوں سے جسم جھلس جانے کے باعث راولپنڈی کے مقامی ہسپتال میں زیر علاج تھا مگر جسم کا بیشتر حصہ جھلس جانے کے باعث وہ جانبر نہ ہوسکا اور خالق حقیقی سے جا ملا۔ متوفی نوجوان کو گزشتہ روز سینکڑوں سوگواران کی موجودگی میں آہوں اور سسکیوں کے ساتھ مقامی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔۔۔

پلس ایکٹو شارکس ٹیم پریمیر پیڈل لیگ (پی پی ایل) کی چیمپئن بن گئی

شارکس نے پی پی ایل کیٹگری اے کے فائنل میں سٹالینز کو شکست دی

اسلام آباد (سپورٹس رپورٹر) پلس ایکٹو شارکس ٹیم پریمیر پیڈل لیگ (پی پی ایل) کی چیمپئن بن گئی، شارکس نے پی پی ایل کیٹگری اے کے فائنل میں سٹالینز کو شکست دی۔ پاکستان سپورٹس کمپلیکس اسلام کے میدان پیڈل کلب میں پی پی ایل کیٹگری بی فائنل میں مارخور نے سٹالینز جبکہ کیٹگری سی فائنل میں ہاکس نے بلز کو شکست دی۔ کلب چیمپئن کا اعزاز سٹالینز نے حاصل کیا۔ پریمیر پیڈل لیگ کے سی ای او ہاسم احمد عبداللہ نے اسلام آباد پیڈل ایسوسی ایشن کے صدر شہزاد اقبال، پی پی ایل کی فاتح شارکس کے مالک عاطف حسین، ثمر عباس و دیگر مہمانوں کے ہمراہ انعامات تقسیم کیے۔ لیگ کی مجموعی انعامی رقم 3 کروڑ روپے رکھی گئی۔ کیٹیگری اے میں پہلی پوزیشن والی ٹیم شارکس کو 12 لاکھ روپے، دوسری پوزیشن کو 10 لاکھ روپے، تیسری پوزیشن کو 8 لاکھ روپے اور چوتھی پوزیشن کو 6 لاکھ روپے، کیٹیگری بی میں پہلی پوزیشن پر 10 لاکھ روپے، دوسری پوزیشن پر 8 لاکھ روپے، تیسری پوزیشن پر 6 لاکھ روپے، چوتھی پوزیشن پر 4 لاکھ روپے جبکہ کیٹیگری سی میں پہلی پوزیشن پر 4 لاکھ روپے، دوسری پوزیشن پر 3 لاکھ روپے، تیسری پوزیشن پر 2 لاکھ روپے اور چوتھی پوزیشن پر 1 لاکھ روپے کی انعامی رقم سے نوازا گیا۔ ہاسم احمد نے بتایا کہ پریمیئر پیڈل لیگ پاکستان کی پہلی اسٹرکچرڈ فرنچائز بیسڈ پیڈل لیگ ہے جس کا مقصد ملک میں اس کھیل کو فروغ دینا اور کھلاڑیوں کو ایک پروفیشنل پلیٹ فارم فراہم کرنا ہے۔ اسلام آباد لیگ کے کامیاب انعقاد کے بعد اب لیگ کا اگلا مرحلہ لاہور میں منعقد ہوگا، جس کے لیے رجسٹریشن جاری ہیں۔ منتظمین کے مطابق لیگ کا مقصد پاکستان میں پیڈل کے کھیل کو مزید وسعت دینا اور مقامی کھلاڑیوں کو اعلیٰ سطح پر کھیلنے کے مواقع فراہم کرنا ہے۔

فیصل مسجد ناکے پر پولیس کے ناروا سلوک کی مذمت

تاجر حسن نواز کھوکھر کا آئی جی اسلام آباد سے نوٹس لینے کا مطالبہ

اسلام آباد راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) اسلام آباد کی معروف کاروباری شخصیت حسن نواز کھوکھر نے اسلام میں قائم ناکوں پر موجود پولیس کے ناروا سلوک کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہفتہ اور اتوار کی درمیانی شب میں اپنی فیملی کے ہمراہ گھر کی طرف جا رہا تھا جبکہ میرے سیکورٹی کمپنیز کے گارڈز دوسری گاڑی میں میرے ساتھ آ رہے تھے حسن نواز کھوکھر نے بتایا کہ میں اپنی فیملی کے ہمراہ کافی آگے جا چکا تھا فیصل مسجد ناکے پر میری گارڈز کی گاڑی کو روکا گیا چیکنگ پڑتال کے نام پر کافی دیر تک ناکے پر کھڑا کیا گیا سیکورٹی گارڈز کے سرکاری رجسٹرڈ سیکورٹی کمپنی کے سفری ڈاکومنٹس مکمل نہ ہونے پر گرفتاری مقدمہ درج کیا گیا۔ میڈیا کو بتایا کہ جب میری گارڈز کی گاڑی کو تلاشی کے نام پر روکا گیا تو گارڈز سپروائزر کی جانب سے تمام ڈاکومنٹس مہیا کئے لیکن پھر بھی مقدمہ درج کیا گیا تشویش اس بات کی ہے کہ وزارت داخلہ نے انٹرنل سیکورٹی معاملات غیر معمولی ہونے کے باوجود اسلام آباد میں بڑے بزنس مینوں تاجروں بزنس ٹائیکون چیمبرز ممبران کو ناکوں پر روکنے ان کے سیکورٹی کمپنیز کے گارڈز کی تلاشیاں لینے اور کمپنیز سیکورٹی گارڈز کے خلاف مقدمات درج کرنے کی شکایات کا حکومت کو فوری سخت نوٹس لینا ہوگا۔ جبکہ جدید ٹیکنالوجی کے باعث ڈاکومنٹ چیک کئے جا سکتے تھے پر ایسا نہ کیا گیا ناکے پر موجود پولیس اہلکار نے کار کے ڈرائیور سے 50 ہزار روپے رشوت طلب کی فیصل مسجد ناکہ پر یہ جھگڑا کافی دیر چلتا رہا میں بغیر سیکورٹی کے گھر پہنچا جو میری زندگی کیلئے کسی بھی خطرے کا باعث بن سکتا ہے، اگر سیکورٹی گارڈز ڈاکومنٹس کمی ہو تو کارروائی سیکورٹی کمپنی کے خلاف کی جائے، دیگر تاجروں نے شکایات کی ہیں کے جو بھی تاجر کاروباری شخصیت فیصل مسجد سے نماز تراویح کے بعد نکلتی ہے یا اس ناکے سے گزرتا ہے اسے کافی دیر روک کر ہراساں تنگ کیا جاتا ہے، آئی جی اسلام آباد نے ناکوں پر ہونے والے معزز شہریوں سے ناروا سلوک اور انھیں حراساں کرنے کا جلد سے جلد نوٹس لیں، تاجر برادری ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی حیثیت رکھتی ہے ان کی عزت وتکریم لازم ہے اور ذمہ دار اہلکاروں خلاف سخت محکمانہ کارروائی کی جائے۔

یوم حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کے جلوسوں اور مجالس کے حوالے سے راولپنڈی پولیس کے فول پروف سیکورٹی انتظامات

مرکزی جلوس پر راولپنڈی پولیس کے 1200 سے زائد افسران و اہلکار ڈیوٹی سرانجام دیں گے

راولپنڈی (رپورٹر پنڈی ٹو ڈے) یوم حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کے جلوسوں اور مجالس کے حوالے سے راولپنڈی پولیس کے فول پروف سیکورٹی انتظامات، مرکزی جلوس پر راولپنڈی پولیس کے 1200 سے زائد افسران و اہلکار ڈیوٹی سرانجام دیں گے، مرکزی جلوس پر 100 سے زائد ٹریفک افسران و اہلکار ٹریفک ڈیوٹی بھی سرانجام دیں گے، ضلع بھر میں جلوسوں و مجالس پر 3000 سے زائد سیکورٹی و ٹریفک افسران و اہلکار فرائض سرانجام دیں گے، مجالس/جلوسوں میں داخل ہونے والے شرکاء کو واک تھرو گیٹس اور مکمل باڈی سرچنگ کے بعد داخل ہونے دیا جائے گا، جلوس کے راستوں چھتوں پر سنائپر زتعینات کیے جائیں گے اور سیف سیٹی و دیگر کیمروں سے مانیٹرنگ کی جائے گی، شہر بھر میں امام بارگاہوں، مساجد، اور دیگر حساس و اہم مقامات پر مربوط سکیورٹی انتظامات کو یقینی بنایا جا رہا ہے، راولپنڈی پولیس شہریوں کی حفاظت کے لیے ہمہ وقت مصروف عمل ہے، سی پی او سید خالد محمود ہمدانی۔ تفصیلات کے مطابق یوم حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کے جلوسوں اور مجالس کے حوالے سے راولپنڈی پولیس کے فول پروف سیکورٹی انتظامات، مرکزی جلوس پر راولپنڈی پولیس کے 1200 سے زائد افسران و اہلکار ڈیوٹی سرانجام دیں گے، مرکزی جلوس پر 100 سے زائد ٹریفک افسران و اہلکار ٹریفک ڈیوٹی بھی سرانجام دیں گے، ضلع بھر میں جلوسوں و مجالس پر 3000 سے زائد سیکورٹی و ٹریفک افسران و اہلکار فرائض سرانجام دیں گے، مجالس/جلوسوں میں داخل ہونے والے شرکاء کو واک تھرو گیٹس اور مکمل باڈی سرچنگ کے بعد داخل ہونے دیا جائے گا، جلوس کے راستوں چھتوں پر سنائپر زتعینات کیے جائیں گے اور سیف سیٹی و دیگر کیمروں سے مانیٹرنگ کی جائے گی، موجودہ صورتحال کے پیش نظر راولپنڈی پولیس اور اسلام آباد پولیس کی جوائنٹ سپیشل پکٹس قائم کی گئیں ہیں جن پر بھاری تعداد میں افسران و اہلکار تعینات کیے گئے ہیں

ساتھیوں کی فائرنگ سے جاں بحق اشتہاری ملزم کی نماز جنازہ ادا کر دی گئی

قانون کی بالادستی اور انسانی اقدار کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے تمام مراحل شفاف طریقے سے مکمل کیے گئے ہیں

کلر کہار (اسرار چلہ) گزشتہ روز اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے جاں بحق اشتہاری ملزم حضرت علی کی میت کو قانونی کارروائی کے بعد ایس ایچ او تھانہ ونہار زاہد اقبال اور فوکل پرسن لوکل گورنمنٹ طیب دلاور کی نگرانی سخت حفاظتی انتظامات کے تحت ملزم کی میت کو نور پور قبرستان امانتاً دفنا دیا گیا ہے۔ قبر کشائی، غسل اور نماز جنازے کے تمام تر انتظامات فوکل پرسن لوکل گورنمنٹ طیب دلاور اعوان نے کیے اس موقع پر پولیس حکام کا کہنا تھا کہ قانون کی بالادستی اور انسانی اقدار کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے تمام مراحل شفاف طریقے سے مکمل کیے گئے ہیں

حادثاتی طور پر 2 سگے بھائی گٹر میں گر کر جاں بحق اور تیسرا بھائی محمد ندیم اور دو پڑوسی زخمی ہو گئے

جاں بحق ہونے والے بھائیوں کی میتیں گھر پہنچتے ہی کہرام مچ گیا جس سے فضا سوگوار ہوگئی

نوشہرہ سون سکیسر (نمائندہ خصوصی) وادی سون کے نواحی موضع جابہ میں مکان کا گٹر سلیپ ٹوٹنے کے باعث حادثاتی طور پر 2 سگے بھائی گٹر میں گر کر جاں بحق اور تیسرا بھائی محمد ندیم اور دو پڑوسی زخمی ہو گئے تفصیل کے مطابق موضع جابہ میں محمد الطاف مستری کے بھائی محمد نعیم، محمد سلیم ولد محمد کریم اپنے گھر میں بنے گٹر کی سلیپ تبدیل کرتے ہوئے سلیپ ٹوٹ گئی جس سے چار افراد گٹر میں جا گرے جبکہ انکا تیسرا بھائی محمد ندیم اور ہمسایہ اظہر ولد زوار نزر حسین دو افراد زخمی ہو گئے جن کو طبی امداد کے بعد ڈی ایچ کیو ہسپتال جوہر آباد منتقل کر دیا گیا واقعے کی اطلاع ملتے ہی مقامی افراد ریسکیو ٹیمیں تحصیل انتظامیہ فوری طور موقع پر پہنچ گئیں جاں بحق ہونے والے بھائیوں کی میتیں گھر پہنچتے ہی کہرام مچ گیا جس سے فضا سوگوار ہوگئی۔

راولپنڈی ٹریفک پولیس کی کمپلین سیل برانچ عوام الناس کی خدمت میں مصروف عمل

گزشتہ ماہ ٹریفک پولیس کو مختلف پلیٹ فارمز اور نوعیت کی 375 درخواستیں موصول 351 کو فوری حل کر دیا گیا

راولپنڈی (رپورٹر پنڈی ٹو ڈے) ڈی آئی جی ٹریفک پنجاب کے ویژن اور سی ٹی او راولپنڈی کے خصوصی احکامات پر راولپنڈی ٹریفک پولیس کی کمپلین سیل برانچ عوام الناس کی خدمت میں مصروف عمل، گزشتہ ماہ ٹریفک پولیس کو مختلف پلیٹ فارمز اور نوعیت کی 375 درخواستیں موصول 351 کو فوری حل کر دیا گیا۔ 35.87 شہریوں کی جانب سے اطمینان کا اظہار۔ تفصیلات کے مطابق ڈی آئی جی ٹریفک پنجاب محمد وقاص نذیر کے ویژن اور چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی فرحان اسلم کے خصوصی احکامات پر ٹریفک پولیس کی شکایت سیل برانچ عوام الناس کی خدمت میں مصروف عمل، گزشتہ ماہ ٹریفک پولیس کو مختلف پلیٹ فارمز سے مختلف نوعیت کی 375 شکایات موصول ہوئیں جن میں سے 351 شکایات کو فوری طور پر حل کر دیا گیا جبکہ 24 شکایات پر انکوائری کا عمل جاری ہے۔ شکایات کے بروقت ازالہ 37.87 شہریوں نے اطمینان کا اظہار کیا۔ اس موقع پر چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی فرحان اسلم کا کہنا تھا کہ ہمارا کام شہریوں کی خدمت ہے اور انکی شکایات کو فوری حل کرنا ہے ہمارا کام اسوقت تک مکمل نہیں ہوتا جب تک شکایت کنندہ مطمئین نہیں ہو جاتا انکا مزید کہنا تھا کہ شکایات کے فوری ازالہ سے شکایت کنندہ میں پولیس کا مثبت تاثر اجاگر ہوتا ہے۔ شہری کسی قسم کی ٹریفک شکایت و رہنمائی کیلئے ہیلپ لائن 051 9274843 پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

ایس پی سیکورٹی اصغر علی گورائیہ کا پولیس ہیڈ کوارٹرز میں دو روزہ ورکشاپ کا انعقاد

ایس پی راول، ڈی ایس پی سی ٹی ڈی، ڈی ایس پی ہیڈ کوارٹرز، ایلیٹ فورس، سی ٹی ڈی اور ضلع کے افسران کی شرکت

راولپنڈی (رپورٹر پنڈی ٹو ڈے) آئی جی پنجاب عبدالکریم کے احکامات اور سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کی ہدایت پر ایس پی سیکورٹی اصغر علی گورائیہ کا پولیس ہیڈ کوارٹرز میں دو روزہ ورکشاپ کا انعقاد، ایس پی راول، ڈی ایس پی سی ٹی ڈی، ڈی ایس پی ہیڈ کوارٹرز، ایلیٹ فورس، سی ٹی ڈی اور ضلع کے افسران کی شرکت، ایس پی سیکورٹی نے موجودہ سیکورٹی صورتحال کے پیش نظر فول پروف سیکورٹی انتظامات کو یقینی بنانے کے حوالے سے ہدایات دیں، موجودہ صورتحال کے پیش نظر راولپنڈی اور اسلام آباد پولیس کی مشترکہ سپیشل پکٹس قائم کی گئی ہیں، شہر کے تمام داخلی و خارجی راستوں پر ناکہ بندی اور سنیپ چیکنگ جاری ہے جسے مزید بہتر بنایا جائے، شہر بھر میں امام بارگاہوں، مساجد، گرجا گھروں اور دیگر حساس و اہم مقامات پر مربوط سیکورٹی انتظامات کو یقینی بنایا جائے، ایس پی سیکورٹی اصغر علی گورائیہ۔ تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب عبدالکریم کے احکامات اور سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کی ہدایت پر ایس پی سیکورٹی اصغر علی گورائیہ نے پولیس ہیڈ کوارٹرز میں دو روزہ ورکشاپ کا انعقاد، ایس پی راول، ڈی ایس پی سی ٹی ڈی، ڈی ایس پی ہیڈ کوارٹرز، ایلیٹ فورس، سی ٹی ڈی اور ضلع کے افسران نے شرکت کی، ایس پی سیکورٹی نے موجودہ سیکورٹی صورتحال کے پیش نظر فول پروف سیکورٹی انتظامات کو یقینی بنانے کے حوالے سے ہدایات دیں

میانی۔ گزشتہ روز موضع اعوان میں قتل ہونے والے نوجوان کا مقدمہ نعمان وغیرہ چھ افراد کے خلاف درج

ایک فائر سر پر اور دیگر کمر اور پیٹھ پر لگے لیکن سر میں لگنے والے فائر کے نتیجے میں شمریز موقع پر جان بحق ہو گیا

سرگودھا میانی محمد زبیر بھٹی سے۔۔۔میانی۔ گزشتہ روز موضع اعوان میں قتل ہونے والے نوجوان کا مقدمہ نعمان وغیرہ چھ افراد کے خلاف درج میانی تفصیل کے مطابق میانی کے نواحی موضع اعون میں فائرنگ کے نتیجے میں قتل ہو جانے والے 25 سالہ نوجوان شمریز شہزاد کا مقدمہ چھ افراد جن میں نعمان مسلح بندوق، حامد علی، وقاص، عرفان ساکن ہائے موضع چک صاحب خان و دو کس نامعلوم شامل ہیں مقدمہ مقتول کے والد غلام رسول کی مدعیت میں درج واقعہ معمولی تلخ کلامی کے نتیجے میں پیش آیا کچھ دن قبل مقتول شمریز اور نعمان وغیرہ کے مابین معمولی جھگڑا ہوئے جس رنج کی بنا پر ملزمان نعمان وغیرہ نے شمریز کو اس وقت قتل کیا جب وہ گھر سے مقامی دوکان کریانہ پر آیا ہوا تھا جملہ ملزمان مسلح ہو کر آ گئے اور للکارا کہ اج تمہیں گرشتہ روز جھگڑا کرنے کا سبق سکھاتے ہیں ملزمان پہلے جسمانی تشدد کرتے رہے جب وہ جان بچانے کی غرض سے بھاگنے لگا تو اس پر فائرنگ کھول دیے ایک فائر سر پر اور دیگر کمر اور پیٹھ پر لگے لیکن سر میں لگنے والے فائر کے نتیجے میں شمریز موقع پر جان بحق ہو گیا

وفاقی حکومت کا بروز منگل سے ملک میں 5G سپیکٹرم کی نیلامی شروع کرنے کا اعلان

وفاقی حکومت نے بروز (منگل) سے ملک میں 5G سپیکٹرم کی نیلامی شروع کرنے کا اعلان کر دیا



سرگودھا محمد زبیر بھٹی سے۔۔۔وفاقی حکومت کا بروز منگل سے ملک میں 5G سپیکٹرم کی نیلامی شروع کرنے کا اعلان وفاقی حکومت نے بروز (منگل) سے ملک میں 5G سپیکٹرم کی نیلامی شروع کرنے کا اعلان کر دیا۔ وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ، وزیر آئی ٹی شزہ فاطمہ اور چیئرمین پی ٹی اے میجر جنرل ریٹائرڈ حفیظ الرحمٰن نے فائیو جی نیلامی پر صحافیوں کو بیک گراؤنڈ بریفنگ دی۔ وفاقی وزیر آئی ٹی شزہ فاطمہ نے بتایا کہ 1987 سے اب تک 274 میگا ہرٹس پر پورا پاکستان چل رہا ہے، کل ملک میں 600 میگا ہرٹس سپیکٹرم نیلام ہونے جا رہا ہے، فائیو جی سپیکٹرم کی نیلامی سافٹ ویئر کے ذریعے ہوگی، نیلامی کا عمل لائیو ہوگا جس میں شفافیت کو یقینی بنایا جائے گا۔ چیئرمین پی ٹی اے میجر جنرل ریٹائرڈ حفیظ الرحمٰن نے کہا کہ ٹیلی کام کمپنیوں نے آکشن میں شرکت کیلئے اپنے اپنے کنسلٹنٹ ہائیر کیے ہیں، موک آکشن کے دوران تمام ٹیلی کام کمپنیوں نے سافٹویئر چیک کیا، کسی کمپنی نے کسی قسم کے کسی خدشے کا اظہار نہیں کیا۔ انہوں نے کہا کہ فائیو جی آنے سے موبائل پیکیج مہنگے نہیں ہونگے، پی ٹی اے یقینی بنائے گا کہ پیکیج کی قیمت نہ بڑھے، یہ طے نہیں کہ فائیو جی کی نیلامی سے کنٹارئیو نیو حاصل ہوگا، حکومت کا مقصد پیسے اکٹھے کرنا نہیں، مقصد کنیکٹیوٹی کو بہتر بنانا ہے۔

ملزمان کی گرفتاری میں کلیدی کردار ادا کرنے والے افسران میں نقد انعامات اور تعریفی اسناد تقسیم کیں

پولیس فورس کا مورال بلند کرنے کے لیے جزا و سزا کا عمل ہر سطح پر جاری رہے گا

کوہاٹ (محمد خالق اورکزئی)۔۔۔ریجنل پولیس آفیسر کوہاٹ کی جانب سے ڈاکٹر مہوش قتل کیس کے ملزمان کو ٹریس کرنے والی ٹیم کی حوصلہ افزائی ریجنل پولیس آفیسر کوہاٹ عرفان طارق نے اپنے دفتر میں منعقدہ ایک خصوصی تقریب کے دوران، کے ڈی اے (KDA) کوہاٹ میں ڈاکٹر مہوش حسنین کے قتل کے حساس کیس کو ٹریس کرنے اور ملزمان کی گرفتاری میں کلیدی کردار ادا کرنے والے افسران میں نقد انعامات اور تعریفی اسناد تقسیم کیں۔ ریجنل پولیس آفیسر عرفان طارق نے ایس پی انویسٹی گیشن کوہاٹ نیاز محمد، ایس پی سٹی کوہاٹ افتخار علی اور ایس ڈی پی او ہیڈ کوارٹرز کوہاٹ عماد الدین سمیت مختلف تھانوں کے ایس ایچ اوز اور انویسٹی گیشن افسران کی پیشہ ورانہ مہارت اور جدید تفتیشی حکمت عملی کو سراہا۔ اس موقع پر آر پی او عرفان طارق کا کہنا تھا کہ "پولیس فورس کا مورال بلند کرنے کے لیے جزا و سزا کا عمل ہر سطح پر جاری رہے گا۔ ڈاکٹر مہوش جیسے سنگین کیسز کو منطقی انجام تک پہنچانا انصاف کی فراہمی اور پولیس کے وقار میں اضافے کا باعث بنتا ہے۔ افسران کی محنت اور لگن ہی معاشرے کو محفوظ بنانے کی ضامن ہے۔ تقریب کے اختتام پر افسران نے ریجن میں امن وامان کے قیام کے لیے اپنے پختہ عزم کا اعادہ کیا۔ قلاخد

ایم این اے ہنگو/اورکزئی جناب یوسف خان نے Kohat University of Science and Technology میں جاری شجرکاری مہم کے سلسلے میں پودا لگا کر مہم کا حصہ بنے

اس موقع پر یونیورسٹی کے وائس چانسلر اور اساتذہ و اسٹاف بھی موجود تھے

کوہاٹ) بیورو رپورٹ) ایم این اے ہنگو/اورکزئی جناب یوسف خان نے Kohat University of Science and Technology میں جاری شجرکاری مہم کے سلسلے میں پودا لگا کر مہم کا حصہ بنے۔ اس موقع پر یونیورسٹی کے وائس چانسلر اور اساتذہ و اسٹاف بھی موجود تھے۔ ایم این اے یوسف خان نے کہا کہ درخت لگانا وقت کی اہم ضرورت ہے اور سرسبز و صاف ماحول کے لیے ہم سب کو شجرکاری میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینا چاہیے۔

سابق صوبائی وزیر صحت پنجاب ڈاکٹر جمال ناصر بطور مہمان خصوصی دی اسپرٹ سکول کی سالانہ امتحانات کی تقریب تقسیم انعامات کی تقریب میں حاجی پرویز خان، راجہ اسرار احمد، راجہ بلال جاوید ایڈووکیٹ کے ہمراہ نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والی طالبہ کو شیلڈ دے رہے ہیں

امریکہ و اسرائیل کی ایران پر جارحیت، رہبر معظم کی شہادت پر کل یوم احتجاج منایا جائیگا

صہیون و سامراج سے امن کی توقع عبث، ہولی سادگی سے منانے پر ہندو برادری سے اظہار تشکر، ترجمان

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) امریکہ و اسرائیل کی ایران پر جارحیت، رہبر معظم کی شہادت پر کل یوم احتجاج منایا جائیگا صہیون و سامراج سے امن کی توقع عبث، ہولی سادگی سے منانے پر ہندو برادری سے اظہار تشکر، ترجمان ترجمان قائد ملت جعفریہ پاکستان کی جانب سے کہا گیا ہے کہ ایران پر امریکہ و اسرائیل کی جارحیت کیخلاف، آیت ا۔ الخلصی، رہبر انقلاب اسلامی سید علی خامنہ ای سمیت اہم شخصیات کی شہادت اور برادر اسلامی ملک کی عوام کیساتھ اظہار یکجہتی و خطے میں کشیدگی کے خلاف یوم جمعہ 6 مارچ 2026 یوم احتجاج کے طور پر منایا جائے گا، اجتماعات جمعہ میں آئمہ جمعہ و خطبا بنہ صرف خطے کی تازہ ترین صورتحال پر عوام الناس کو آگاہ کرینگے بلکہ مذمتی قراردادیں منظور کی جائیں گی اور صدائے احتجاج بھی بلند کی جائے گی۔ ترجمان قائد ملت جعفریہ پاکستان علامہ سید ساجد علی نقوی نے مزید کہا کہ صہیون و سامراج سے امن کی توقع کرنا عبث اور خام خیالی ہے، قائد ملت جعفریہ پاکستان ایک عرصہ قبل کہہ چکے تھے کہ عالمی سامراج کے سامنے دنیا کا امن نہیں بلکہ اپنے قبیح مفادات ترجیح ہیں اسی وجہ سے تمام بین الاقوامی اداروں، بین الاقوامی چارٹرز کو روندتے ہوئے ظلم کی وہ تاریخ حالیہ دور میں رقم ہوئی جس کی مثال دنیا کی تاریخ میں کم کم ہی ملتی ہے۔ ترجمان نے مزید کہا کہ بروز جمعہ 6 مارچ 2026 پورے ملک بشمول آزاد کشمیر و گلگت بلتستان میں اجتماعات جمعہ میں مذمتی قراردادیں منظور کی جائیں گی اور صہیونی و سامراجی مظالم کیخلاف صدائے احتجاج بھی بلند ہوگی، انہوں نے ایک بار پھر مظاہرین پر ہونیوالی براہ راست فائرنگ، شہید ہونیوالے خاندانوں سے اظہار تعزیت اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کی دعا کیساتھ مطالبہ کیا کہ بلا جواز گرفتار افراد کو فی الفور رہا کیا جائے اور شفاف تحقیقات کر کے پرامن مظاہرین پر فائرنگ کرنیوالوں کیخلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔ ترجمان قائد ملت جعفریہ پاکستان نے ہولی کا تہوار سوگ کے سبب سادگی سے منانے اور بعض جگہوں پر ہولی تقاریب کا انعقاد نہ کرنے پر ہندو برادری سے اظہار تشکر کرتے ہوئے کہا کہ ظالم و قاتل صہیون و سامراج نے پوری انسانیت پر مظالم کی سیاہ رات طاری کر رکھی ہے ایسے میں امن کیلئے تمام امن پسند قوتوں کے متحد ہونے کی ضرورت ہے۔

مرزا عاشق حسین اسپینش وزیر اعظم کے دلیرانہ اقدام پر اظہار خیال کرتے ہوئے

وزیر اعظم اسپین کے حالیہ دلیرانہ فیصلے انسانیت دوستی اور عالمی امن کے فروغ کی علامت ہیں، راجہ کامران حسین

اسپین میں مقیم پاکستانی کمیونٹی نے وزیر اعظم اسپین کے انسانیت دوست اقدامات کو سراہا

یقین دہانی کرائی کہ اسپینش حکومت کی جانب سے مثبت سمت میں اٹھائے جانے والے ہر قدم کی پاکستانی کمیونٹی مکمل حمایت کرے گی، مرزا عاشق حسین

اسلام گڑھ (نمائندگان۔ عقیل قریشی سے) اسپین میں مقیم پاکستانی کمیونٹی نے وزیر اعظم اسپین کے انسانیت دوست اقدامات کو سراہتے ہوئے ان کی پالیسیوں کو قابل قدر قرار دیا ہے۔ اس سلسلے میں اسپین میں مقیم معروف سیاسی، سماجی اور کاروباری شخصیت مرزا عاشق حسین صدر اسلامک ریلیشنز، اسپین نے اپنے دیگر ساتھیوں کے ہمراہ کشمیر پریس کلب اسلام گڑھ کے جنرل سیکرٹری راجہ کامران حسین سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعظم اسپین کے حالیہ دلیرانہ فیصلے انسانیت دوستی اور عالمی امن کے فروغ کی علامت ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسپین میں مقیم پاکستانی کمیونٹی وزیر اعظم کے اس جرات مندانہ اقدام کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے اور ان کے فیصلے پر بھرپور خراج تحسین پیش کرتی ہے۔ مرزا عاشق حسین کا کہنا تھا کہ اسپین کی حکومت ہمیشہ انسانی اقدار، رواداری اور باہمی احترام کو فروغ دینے میں نمایاں کردار ادا کرتی رہی ہے جس کی پاکستانی کمیونٹی بھی دل سے قدر کرتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اسپین میں آباد پاکستانی نہ صرف قانون کی پاسداری کرتے ہیں بلکہ مقامی معاشرے کی ترقی اور بہتری میں بھی اپنا مثبت کردار ادا کر رہے ہیں۔ انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ اسپینش حکومت کی جانب سے مثبت سمت میں اٹھائے جانے والے ہر قدم کی پاکستانی کمیونٹی مکمل حمایت کرے گی۔ مرزا عاشق حسین نے اس موقع پر کہا کہ پاکستانی کمیونٹی ہر مشکل اور خوشی کے موقع پر اسپینش حکومت کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور مستقبل میں بھی دونوں ممالک کے درمیان دوستی، تعاون اور بھائی چارے کے فروغ کے لیے اپنا کردار ادا کرتی رہے گی۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ اسپین اور پاکستان کے درمیان تعلقات مزید مضبوط ہوں گے۔

اور سیز کانفرنس کی کامیابی فیلڈ مارشل کی جاندار پالیسیوں کا مظہر ہے، سردار عتیق احمد خان

مظفر آباد (صباح نیوز) آل جموں و کشمیر مسلم کانفرنس کے صدر و سابق وزیر اعظم آزاد کشمیر سردار عتیق احمد خان نے اوورسیز کانفرنس کی کامیابی کا کریڈٹ صدر پاکسان آصف علی زرداری، وزیر اعظم پاکستان میاں شہباز شریف، قائمقام صدر چوہدری لطیف اکبر، وزیر اعظم راجہ فیصل ممتاز راٹھور اور بالخصوص فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو دیتے ہوئے کہا کہ اوورسیز کانفرنس کے انعقاد ایک انتہائی مثبت قدم ہے میڈیا سے بات چیت میں انہوں نے کہا کہ اوورسیز پاکستانیوں اور کشمیریوں کے رضا کارانہ سفیر ہیں، ان کی پارلیمنٹ سمیت ہر فورم پر آواز پہنچتی ہے اور اپنے اثر ورسوخ سے یہ دنیا کی توجہ حاصل کئے ہوئے ہیں، اڑوس پڑوس کے ممالک اوورسیز کے ذریعے زرمبادلہ ملکوں میں لے کر جا رہے ہیں اور ممالک کی تعمیر وترقی میں کردار ادا کر رہے ہیں، اوورسیز کانفرنس کے بعد آزاد کشمیر میں بڑا گیپ موجود ہے کہ ان کی مدد سے ہم ہنڈی کرافٹ، منرل، سیاحت سمیت بہت سے شعبوں میں ترقی کر سکتا ہے، کشمیر چادر جس کی دنیا میں کوئی کاپی نہیں کر سکا جاپان اور کوریا بھی کشمیری شال کو کاپی کرنے میں ناکام رہے ہیں

راولاکوٹ: وفاقی وزیر انجینئر امیر مقام نے جامعہ پونچھ کے طلبہ میں 446 لیپ ٹاپ تقسیم کر دیے

راولاکوٹ (صباح نیوز) وفاقی وزیر برائے امور کشمیر، گلگت بلتستان و سفیر ان اور صدر پاکستان مسلم لیگ (ن) خیبر پختونخوا انجینئر امیر مقام نے کہا ہے کہ حکومت پاکستان مقبوضہ کشمیر کی آزادی کے لیے اپنے دوٹوک مؤقف پر قائم ہے اور کشمیریوں کی ہر محاذ پر حمایت جاری رکھے ہوئے ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر خون کے آخری قطرے تک بھی لڑنا پڑا تو لڑیں گے اور معرکہ؟ حق کے بعد دنیا مسئلہ کشمیر کی اہمیت کو دوبارہ تسلیم کر رہی ہے۔ کشمیریوں پر فخر ہے وہ کشمیر اور پاکستان کے محافظ ہیں یہ شہیدوں اور غازیوں کی سرزمین ہے یہاں کے نوجوانوں دنیا بھر میں پاکستان کی نمائندگی کر رہے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے جامعہ پونچھ راولاکوٹ میں وزیر اعظم یوتھ لیپ ٹاپ سکیم فیز 4 کے تحت طلبہ میں لیپ ٹاپ تقسیم کرنے کی تقریب سے بطور مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے کیا۔ وفاقی وزیر نے طلبہ وطالبات میں 446 لیپ ٹاپ تقسیم کیے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم محمد شہباز شریف تعلیم، ٹیکنالوجی اور ڈ